(۱۰) (ابلیس تم مین سی بعضون کو قید مین ڈالنا چاہتا ہی تا کہ آزمائی جاؤ) یعنے شیطان کا مطلب اس آزمایش سے یہہ ہے کہ بدی کیطرف رجوع کرین - مگر خداوند کا مطلب اس مین یہہ ہے کہ تائے اور پرکھے جائین (دس دن تک مصیبت اوٹہاؤ گے) یعنے نہ بہت دیر تک اور نہ بہت تہوڑی دیر تک لیکن دس روز تک تو ضرور تم مصیبت اوٹہاؤ گے پیدایش ۲۴ - ۵۵ - ۱سموئیل ۲۵ - ۳۸ - دانیل ۱ - ۱۲ مین دس کا مطلب یہی ہے (موت تک وفادار رہو) یعنے ایسا وفادار کہ میرے لئے تجہے موت کو بہی اٹہانا پڑے تو اسکے اٹہانے کو تیار ہو دوسرا مطلب کہ موت کے وقت تک درست ہی چنانچہ فلپی ۲ - ۸ مین مسیح کی وفاداری کے بابت لکہا ہے کہ یہانتک فرمانبردار رہا کہ موت اٹہائی (رہو) یعنے جب اس وفاداری کی ضرورت پڑے تب تیار پایا جاوے ✤

خداوند کی اس نصیحت کو پولیکارپ سمرنا کے اسقف نے دل سے مان لیا کہ خداوند کے نام پر جان دے دی اور راوسیبی کی تواریخ مین لکہا ہے کہ اسکی موت کے بعد تواریخ مین ماجرا جو اس خط مین مذکور ہوئی تمام ہو گئی یعنے اس کے بعد بہت دنون تک کلیسا ستائی گئی (۱۱) اس خط مین خداوند یہہ وعدہ کرتا ہے کہ جو جسمانی موت کے ڈر پر غالب آتا ہے وہ دوسرے موت یعنے روحانی موت سے کچہہ نقصان نہ اٹہاویگا یہہ مطابق ہے متی ۱۰ - ۲۸ - آیت اور مکاشفہ ۲۰ باب ۶ - آیت ✤

خط سوم پرگامس کے کلیسیا

آیت (۱۲) پرگامس سمرنا کی اوتر کیجانب ہے اُسمین ایک قدرتی گڑھ ہے سکندر کے ایک
سپہ سالار کیو رسیکھہ نامی نے اوس گڑھ کو اپنے خزانہ کے لئے بیت المال بنایا تھا
اور اپنے ایک خوجہ فلاہی تیرو نامی کو سپرد کر دیا تہا۔ وہ خوجہ ۲۸۳ق م مین سرکش ہو گیا
اور خود مختار بادشاہ بن بیٹھا۔ اور پرگامس کو اپنا دار السلطنت بنایا۔ اور وہ بادشاہت ڈیڑھ سو
برس تک قایم رہی آخرش آتل سوم شاہ پرگامس نے ۱۳۳ق م مین اپنی وصیت سے
اوسکو رومیون کے سپرد کیا وہان ایک کتب خانہ تہا۔ جسکو آومیس شاہ پرگامس نے جو ۱۹۷ق م
سے ۱۵۹ق م تک بادشاہ رہا۔ تعمیر کروا دیا تہا بعد ازان اُس کتب خانہ کی کتابین سکندریہ
مین رکہی گئین اور خلیفہ عمرؓ کے حکم سے قران کے برخلاف ہونے کے الزام سے جلائی گئین وہان
وہان ایسی سکولاپی دیوتا کا ایک بڑا مندر تہا جو طبابت کا دیوتا کہلاتا تہا۔ اب اسمین قریباً
۳ ہزار مسیحی آباد ہین ✦

آیت (۱۳) (یہان تو رہتا ہے وہان شیطان کا تخت ہے) اسکا فی سبب تو معلوم نہین شاید
اُس مندر کے سبب سے یا اس وقت وہان کے مسیحی کسی سبب سے ستائے جاتے تہے
مگر شہید کا ذکر صرف اسی خط مین ہے اور کسی مین نہین شاید اسی ظلم کے سبب جو اُن پر
ہوتا تہا یہہ پہلا شہید ہوا (انتیپاس شہید) بعضون نے سمجہا کہ یہہ تمثیلی نام ہے
اگر یہہ درست ہو تو اسکا مطلب یہہ ہوگا اصل زبان مین یہہ لفظ دو لفظون سے مرکب
ہے یعنی ت ٧ ا د بمعنی خلاف اور پانت ت ٧ ا بمعنی سب کے یعنی سب کے
برخلاف۔ اور جو مسیحی یا مسیحی معلم سچا اور راستباز ہو وہ اس نام سے بجوبی نامزد ہو سکتا
ہے کیونکہ جو مسیح کا وفادار بندہ ہوگا وہ سب کے برخلاف نظر آویگا اور فی الحقیقت
بہی ہوگا اگرچہ وہ اپنے دل سے سب کی نجات چاہتا ہو ✦

آیت (۱۴) یہان تک اس کلیسیا کی خوبیون کا بیان ہوا اب خدا وند مسیح کہتا ہے کہ مین کچہہ شکایت
بہی رکہتا ہون وہ یہہ ہے کہ تیری پاس وہ لوگ ہین جو بلعام کی تعلیم کو مانتے ہین

اگرچہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس کلیسیا کے فرشتہ نے اُنکی طرفداری تو نہین کی مگر غفلت کے سبب سے
انہون نے کلیسیا مین دخل پایا۔ اگر کوشش کیجاتی تو وے دخل نہ پاتے اور نہ اونکی مؤثر
ہوتے (جو بلق کے لئے سکھاتا تھا) بلق کے اُس بیان مین جو گنتی کی کتاب مین مذکور ہے
(ٹھوکر ... لئے) یہہ محاورہ ... جب بلعام بنی اسرائیل کے حق مین بد دعا نہ
دے سکا تو بلق کا مطلب پورا کرنیکے لئے اُس نے ... یہان ...
گنتی ۳۱ باب ۱۶ اور ۲۵ وغیرہ آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ... کا ... ہوئی
غیرون کا کہنا بلعام کے سکھانے سے ہوا +

اُن لوگون کا ذکر ۲ پطرس ۲ باب ۱۵۔ آیت مین ہے جو ظاہر تو مسیحی کلیسیا مین شامل ہین
مگر اُن کے دل بلعام کے سے ہین جو بلق کی دولت کی لالچ کے سبب خدا کے لوگون سے
لکھانے پر مستعد ہوا۔ اور یہودہ کے خط کی ۱۱۔ آیت مین ایسے لوگون کا ذکر ہے اور ۱۱ وین آیت
مین کہا ہے کہ (وے بلعام کے گمراہی مین) معلوم ہوتا ہے کہ یہہ لوگ غیر مذہب والے دولتمندون
اور معززون کی خوشامد کرتے تھے اُس سے کلیسیا کا نقصان ہوتا تھا +

بتون کی قربانی کہانا کلیسیا کے پہلے مجمع مین منع ہوا جو سنہ ۵۵ع مین یروشلم مین ہوا
تھا اعمال ۱۵ باب اور قرنتیون کے پہلے خط سے بخوبی معلوم ہوتا ہے کہ اسکا کہانا منع ہے
کیونکہ جب رسول نے اس مقدمہ پر بحث کی تو یہ نتیجہ نکالا کہ اگرچہ یہہ ازخود یا بذاتہ حرام تو نہین
مگر ہرگز کہانا نہ چاہیئے اور ممانعت کے معقول سبب وہان بتلائے گئے ہین۔ اسوقت تک دیندار
لوگ نہین کہاتے تھے مگر گنوسٹک لوگ جو یوحنا رسول کے دنون مین پیدا ہوئے اسکے کہانے
پر بہت زور دیتے تھے۔ بلکہ پولوس رسول کے وقت بہی یہہ فساد ہونیوالا تہا۔ ایک
یہودی نے مسیحی پر یہہ عیب لگایا ہے کہ یہہ لوگ بتون کی قربانیان کہاتے ہین تو جستین
ایک مشہور کلیسیا کا معلم اپنی کتاب مین اُسکا جواب یون دیتا ہے۔ کہ ایسے لوگ اگرچہ مسیحی
کہلاوین مگر کلیسیا سے خارج ہین اور نیائی کہتا ہے کہ غیر مذہب والون کے ہر ایک مذہبی میلا
مین سب سے پیشتر یہی گنوسٹک لوگ حاضر ہوتے ہین۔ حرامکاری ... کسی مجمع مین ...
... بتون کی قربانی کے ساتھہ حرامکاری بہی ہوتی تہی +

(جس سے مین عداوت رکھتا ہون) کے عوض اصل نسخون مین ہے اسیطرح تیرے
اسیطرح تیرے ہان بہی ایسے لوگ ہین وغیرہ *

۱۶ آیت (۱۶) (سو توبہ کر نہین تو مین جلد تیرے پاس آونگا) اس آیت کی طرف اشارہ ہے کہ بلعام کے ذکر مین
بہی جو گنتی ۲۲ باب ۔۔۔ مین ہے ۔ ذکر ہوا ہے کہ فرشتہ تلوار لیکر ظاہر ہوا اور وہ تلوار سے قتل
کیا گیا وغیرہ (توبہ کر نہین تو مین آتی) ۔ یعنی لڑونگا یعنے اگر تو اب ہوشیاری نکرے
اور انکو کلیسیا سے دور نرکہے تو جب مین خود اُسکے ساتہہ لڑنے آونگا تو تیرے ساتہہ بہی لڑونگا پر
اگر اب ہوشیاری کرے تو تو بچیگا *

۱۷ آیت (۱۷) مین نعمتون کا ذکر ہے (پوشیدہ من اور سفید پتہر) ان دونون موجودہ چیزون
کے ساتہہ پوشیدگی ہے ۔ اس مین شاید اشارہ ہے گنوسٹکون کے قول کیطرف کیونکہ وہ کہتے
تہے کہ ہمارے پاس ایک راز ہے جو عام مسیحی نہین سمجہہ سکتے ہین اور اس پر بڑا فخر کرتے تہے
خداوند کہتا ہے کہ اُنکے پاس تو یہہ راز نہین ہے مگر جو انپر غالب آتا ہے اُسکو یہہ حقیقی راز
ملیگا اور یہہ میرے پاس ہے اور مین ہی دونگا مگر صرف غالب کو نہ مغلوب کو (من) مین اسبات
کی طرف اشارہ ہے کہ وہ آسمانی کہانا تہا *

اسکا مطلب یہہ ہے کہ یوحنا ۶ باب مین مسیح نے اپنے تئین حقیقی من کہا اور وہ من
مطلب ہے مسیح خود اور اُسکی رفاقت یہان بہی یہی مطلب ہے کہ غالب کو مسیح اپنی رفاقت
دیتا ہے جو ایسی شیرین ہے کہ اُسکے چکہنے والے کے سوائے اور کوئی اُسکی شیرینی کو نہین
جان سکتا جیسا کہ اُس نام کی بابت کہا جو اُس پتہر پر کہودا ہوا تہا اور جیسا مسیح نے خود اپنے
شاگردون کو کہا کہ میرے پاس ایسا کہانا ہے جسکو تم نہین جانتے اسیطرح کلیسیا بہی اب دنیا
کے لوگون سے کہہ سکتے ہے کہ ہمارے پاس ایسا کہانا ہے جسکو تم جانتے نہین ہو لیکن
یہہ شیرین رفاقت موت کے بعد کامل ہوگی اُسی رفاقت کی طرف یہان اشارہ ہے جسکا نام
بتون کی رفاقت سے کہین شیرین تر ہے پتہرون پر نام کندہ کرتے تہے چنانچہ یونانیون
مین دستور تہا کہ ہر ایک بات کا فیصلہ نصف سے زیادہ رای پر موقوف تہا اور لوگون کو شہر کے
امرسے مل جاتے تہے جن پر اپنا نام کندہ کرکے صندوق مین ڈالتے تہے دنیا نام ہم ہان

میں بہت سی نئی چیزوں کا ذکر ہے بلکہ ۲۱ باب کی ۵ - آیت میں خداوند کہتا ہے کہ میں سب کچھ نیا بناتا ہوں اسکی اصل جگہ یسعیاہ - ۶۲ باب ۲ - آیت میں ہے اور ۶۵ باب کی ۱۵ - آیت میں جو دوسرا نام ہے وہی ہے جو ۶۲ باب میں نیا نام کہلایا ✤

اِن دونوں مقاموں کا مطلب ہے مسیحی کلیسیا - تو یہاں مطلب ہے کہ جیسا خداوند کے ... ... نام نیا ہو گیا اور حال بھی بدل گیا اور بہی زیادہ اسپر ترقی ہوگی اور جو کچھ تکمیل پائے ... ہم سب جاتا رہے گا۔ (پانیوالی کی سوا اور کوئی نہیں جانتا) (امثال ۱۴ باب ۱۰ - آیت اگرچہ آسمان پر ایسی خوشی ہوگی جسمیں سب شریک ہوسکینگے مگر تو بھی اجنبی اُس میں کبھی شریک نہ ہوسکیگا ✤

خط چہارم تہواتیرا کی کلیسیا

(۱۸) یہہ شہر پرگامس سے جنوب اور مشرق کیجانب تھا اور مقدونیوں کی ایک بستی تھی اب اوسکا نام اکہسار ہے اور ۲۰ ہزار مسیحی اُس میں بستے ہیں اعمال ۱۶ باب ۱۴ - آیت میں اس شہر کا کچھہ ذکر ہے وہان کی ایک قرمزی بیچنے والی عورت لُدیا نامی فلپی میں آئی اور پولوس کی باتوں پر دل لگایا اور مسیح پر ایمان لائی - فلپی اور تہواتیرا کی آمد رفت کا خاص سبب یہی ہوگا کہ دو مقدونیوں کی آبادی کی ہوئی بستی تھی اور شاید لُدیا کے ذریعہ سے تہواتیرا کی کلیسیا کی بنیاد ڈالی گئی کیونکہ اُسکی بڑی سرگرمی اس سے ظاہر ہوتی ہے (غالب ہے کہ اُسنے فلپی سے آکر وہان انجیل کی بشارت دی) کہ جب وہ ایمان لائے تو پولوس رسول اور اُسکے ساتھیوں کو اپنے گھر میں رکھا اور اُنکی خدمت کی اِس میں خداوند اپنے تئیں خدا کا بیٹا کہتا ہے اسکی اصل دوسری زبور میں ہے اور ۲ سموئیل ۷ باب ۱۴ - آیت کی طرف اشارہ ہے اور ۲۷ - آیت کا مضمون بھی دوسری زبور سے نقل کیا گیا ہے یہان خداوند اپنے تئیں خدا کا بیٹا اس مطلب سے کہتا ہے کہ لوگ ڈریں کہ میں خدا کا بیٹا ہوں اسلئے نہایت ہولناک ہوں سارے دشمنوں کو اس سے ڈرنا چاہیے اور دوسرے زبور میں بھی اسکا یہی مطلب

ہے یعنے مخالف ڈرائے جائینگے اور یہی مطلب اس آیت کے باقی جملون سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اسکے آنکھین آگ کے شعلہ کی طرح یعنے ڈرانیکے لئے اور پاؤن پیتل کیطرح روندنے کے لئے۔ پس خداوند اس کلیسیا کو کہتا ہے کہ تو غیر قومون سے ڈرتی ہے اور ڈرکر جیسے ہیوننی کرتی ہے کیا یہہ تو نہین جانتی کہ مین اُنسے بہت ہی ہیبت ناک ہون کیونکہ مین خدا کا بیٹا ہون ❊

(۱۹) اس کلیسیا مین جو کچھہ خوبی تھی ایک لفظ سے ظاہر ہے جسکا مطلب ہے خدمت اور خدمت کا وہی مطلب ہے جو پہلے زمانہ کی کلیسیا مین تھا۔ یعنے غلامون کو چھوڑانا لاشون کو دفن کرنا اور بھائیون کی خدمت کرنا انہین کامون کی اس کلیسیا مین ترقی ہوئی تھی اور یہی کام اس کلیسیا کا زیور تھی چنانچہ اسی آیت مین ہے کہ پچھلے کام اگلے کامون سے زیادہ ہوے لئے سو اُنکا حال اُنکے برعکس تھا جنکا ذکر ۲ پطرس ۲ باب ۲۰ آیت مین ہے ❊

(۲۰) اس کلیسیا کا عیب یہہ تھا کہ جھوٹھی تعلیم کو اپنے بیچ مین گھسنے دیتی تھی اس کلیسیا کا حال افسس کی کلیسیا کا عین ضد تھا۔ کہ وہ جھوٹھی تعلیم کی ایسی مخالفت کرتی تھی کہ اسی مین مصروف رہکر محبت کے کامون کو بھول گئی۔ اور یہہ محبت کے کامون مین تو بڑی سرگرم تھی پر جھوٹھی تعلیم کی انسداد مین غافل تھی۔ آجکل ان دونون کلیسیاؤن کا حال ہندوستان اور یورپ کے کلیسیاؤن سے مشابہ ہے تھیوتیرا کے کلیسیا کا خطرہ تو یورپ کے کلیسیا کے لئے ہے کہ وہ محبت کے کامون مین ایسے مصروف ہوئی ہے کہ انکے نمونہ سے غیر مذاہب والے لوگ بھی ایسے کامون کے لئے ابھارے گئے اور بہت خطرہ ہے کہ عقائد اور تعلیم کے معاملہ مین غافل رہے مگر اسکے برعکس ہندوستان کا حال ہے [illegible] معاملہ مین [illegible] بہت [illegible] ❊

(۲۰) ایزبل [illegible] اخیاب کی [illegible] ۱ سلاطین ۱۶ باب ۳۱ آیت مین اسکا ذکر ہے کلیسیا کا پہلا دشمن اور بگاڑنے والا تو بلعام تھا۔ مگر اسکے بعد یہی عورت کلیسیا کے بگاڑنے والی ہوئی اور اس نے اسطرح سے کلیسیا کو بگاڑا کہ غیر قومون کی خرابیان اسرائیل مین لے آئی اور جاری کین یہہ نام یعنے ایزبل انکو [illegible] نام ہو تیری [illegible]

کیون یہہ لوگ فرشتے کی جورو کہلاتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ عورت صرف پرگامس کی کلیسیا کی طرح کلیسیا مین گمراہ آیات ملاتی تہی کہ کلیسیا کی حکومت بہی [illegible] لی اور اس فرشتے نے اپنے تئین دیکہا اور پیچہے [illegible] کی حالت ہوگئی اور ایسی ہی [illegible] یہہ لوگ جو وہ کہلاتے تہے ایسے سے بہت نزدیک آگئے ❖

اس فرشتہ پر وہی عیب لگایا جاتا ہے جو اخیاب پر لگایا جاتا تہا کہ اخیاب سب سے برا آدمی تہا اور اصل تو وہ سب سے برا نہ تہا۔ مگر بیوی اُسکی قصور تہا جیسا ۱ سلاطین ۲۱ باب ۲۵ آیت مین لکہا ہے کہ اُسنے اپنے تئین اپنے اختیار مین نہ رکہا۔ بلکہ اپنے تئین اپنی بیوی کے ہاتہہ بیچ ڈالا۔ اور اُسکو برے کام کرنے دیتا تہا۔ اصل مین آیت کا فعل سب سے اول آیا ہے کہ اس پر زور ہو۔ اور اس سے ظاہر ہے کہ یہہ گناہ کچہہ خفیف سا نہ تہا بلکہ نہایت سخت ❖

(اپنے تئین نبیہ کہتی ہی) یہ لئے یہہ تو ہے سے تو اتنا ہی معلوم ہوتا ہے کہ ایزابل کا باپ صیدون کا بادشاہ تہا مگر یوسیفس کی تواریخ سے یہہ بہی معلوم ہوتا ہے کہ ایزابل کا باپ عستارات کا سردار کاہن تہا اور ۲ سلاطین ۹ باب ۲۲ آیت مین ایزابل کی جادوگریون کا ذکر ہے۔ جو اس آیت کے موافق ہے

(۲۲) (مین بستر پر ڈالونگا) یعنے جو زناکاری کے بستر کو پسند کرتی ہے۔ وہ ایک اور بستر پر ڈالی جاویگی جو زناکاری کا تو نہین مگر دکہہ اور بیماری کے بستر پر (اُسکی ساتہہ زنا کرنیوالی) زنا ایک خاص لفظ ہے اور اس مطلب کے لئے ہے کہ اپنے خصم کو چہوڑ کر اوروں سے بدکاری کرنا۔ سو یہان مطلب ہے کہ خداوند فرماتا ہے کہ مین اُسکا خصم تہا اُس نے مجہے ترک کیا اور غیرون سے حرامکاری کی ❖

(۲۳) اُسکے بچے وہ سب ہین جو اُس کی سنتے ہین اور مانتے ہین یسعیاہ ۵۷ باب ۳ آیت (مین اُنکو موت سے مار ڈالونگا) یہہ عبرانی محاورہ ہے اور اخبار ۲۰ باب ۱۰ آیت مین بہی (تب سب کلیسیائین سمجہ جائینگی) یعنے عبرانی مین دلون اور گردون کے جانچنے والا ہون یہہ محاورہ ۷ زبور ۹ آیت مین اور یرمیاہ ۱۷ باب اور ۱۰ آیت اور ۲۰ باب ۱۲ آیت مین ملتا ہے پرانے عہدنامہ کے مذکورہ مقامون مین یہہ صفت یہوواہ کی ہے اور یہان وہی صفت خداوند مسیح کیطرف منسوب کی گئی (سب کلیسیائین ...) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ خطوط صرف اپنے

مکتوب علیہ کی طرف نہین لکہے گئے بلکہ مطلب یہی تہا کہ سب کلیسیاؤن میں ان سے فائدہ اٹہائین
(ہر ایک کو اُسکے کامون کی موافق بدلا دونگا) ... تمہارے حقیقی ... تو بہ
... مکتوب ... اور جانتا ہون ۔

[illegible]

[illegible]

... [illegible] ...
... شیطان کی ... باتین جیسا کہ وے کہتی ہین) چنانچہ
لوگ آپ صاف صاف یہہ کہتے تہے کہ ہم شیطان کی گہری باتون کی تلاش کرتے ہین اور پایا ہے
ایسکے مین علاوہ ... یہہ آخری فقرہ (جیسا کہ وے کہتی ہین) ... گہری باتون سے
علاقہ رکہتا ہے یعنے وے لوگ کہتے ہین کہ یہہ خداوند کے ہین خداوند کہتا ہے کہ ہین یہہ ہرگز
ہرگز نہین مگر شیطان کی گہری ... ہین ... گنوسٹک لوگون کا یون بیان کرتے ہین
... ان مین سے بعض کہتے ہین کہ ہم ... کی گہری باتین پاتے ہین ...
اور ... یون بیان کرتے ہین ... کہ اگر کوئی اُنسے پوچہتا ہے کہ تمہارا کیا عقیدہ ہے
تو ... ہوکر ... کر کہتے ہین کہ نہایت عمیق ہے (مین اور کوئی بوجہہ تم پر نہین
ڈالونگا) یہہ بات خداوند کو لکہتا ہے جو پاک رہے اور آلودہ نہوئے یہی قول اعمال ۱۵ باب
۲۸ آیت مین ہے۔ کلیسیا کی پہلی مجمع نے (جو یروسلیم مین ہوا) جو آزادی غیر قوم والے
مسیحون کو دی تہی گنوسٹک حد سے زیادہ بڑہانا چاہتے تہے اور جو اوس تہوڑے سے
بوجہہ کی ہی جو اس مجمع نے کلیساؤن پر ڈالا تہا ... نہین چاہتے تہے اور بُرا مانتے
تہے اور وفادار مسیحون کی حقارت کرتے تہے اور کہتے تہے کہ تم ہنوز آزاد نہین ہوئے
ابتک غلامی کا جوا تمہارے اوپر ہے وہ آزادی صرف ہم ہی کو ملی ۔ ان کو خداوند کہتا ہے
کہ تم مت ڈرو اس بوجہہ کے سوا جو تمنے اوٹہالیا ہے اور ... بوجہہ تم پر نہین ڈالونگا تمہاری حقیقی آزادی محفوظ رہیگی
(۲۵) مگر مسیح کہتا ہے کہ تمہارے لئے ضرور ہے کہ جو بوجہہ تم پر ہے اور جسے تم پڑ ڈالا
ہے اسکو پکڑے رہو خبردار اُن لوگون کے کہنے سے مت پہینکو ۔ اب اگر اُس بوجہہ

تم ... رہائی پاؤ تو میری آمد کے دن حقیقی رہائی تمہاری نہین ہوگی پر اگر اُنہا سے رہو تو
مین اگر وہ بوجھ بہی تم پر سے اُتار پھینکونگا ٭

(۲۶) اور خطون مین صرف یہہ کہا ہے جو غالب آتا ہے، مگر اس مین جو غالب آتا ہے
اور میرے کامون کی حفاظت آخر تک کرتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سب خطون
مین غلبہ سے مراد ہے آخری غلبہ یعنے زندگی کے آخر مین موت کے وقت جس کے بعد
کوئی شکست نہ ہوگی (میری کامون کو) ۲۲-آیت مین [illegible] نے کہا کہ اگر تو اپنے کامون سے
توبہ نکرے، مگر اُسکے برعکس یہان کہتا ہے کہ اُن کامون کو محفوظ رکہے جو مین اس دنیا مین
کرتا ہون اور جنکا حکم مین نے اپنے شاگردون کو دیا ہے (اُسکو مین غیر قومون پر
اختیار دونگا) یعنے جو کلیسیا یا فرد مسیحی مسیح کے ساتھ وفادار رہتا ہے اور دنیا کی آلائش سے
آلودہ نہین ہے اُسکا مآل یہہ ہوگا کہ اس دنیا پر اختیار رکہیگا اس دنیا پر اُسیکا اختیار ہے جو اُس سے
الگ رہتا ہے اور پاک رہتا ہے نہ اسکا جو گنوسٹک اور نیکولاتیون کیطرح دنیا مین پہنسے ہوئے
ہین اقرنتی ۶ باب ۱۲-آیت مین رسول فرماتا ہے کہ سب پر میرا اختیار ہے لیکن مین کسیکو
اختیار مین نہین ہون - پولوس تو اچہے معنون سے اُسکو کہ "سب پر میرا اختیار ہے"
اپنے پہ صادق لاتا ہے مگر ایسی بات کو گنوسٹک لوگ بُرے مطلب سے اپنے پر صادق
لاتے تھے اور یہہ مثال دیتے تھے کہ ایک چہوٹی سی جہیل تہوڑی سی مٹی پہینکنے سے گندی
ہو جاتی ہے مگر سمندر مین کتنی ہی میل کیون نہ ڈالین کبہی میلا نہ ہوگا اسی طرح جو آدمی
بدی سے بُرا ہوا جاتا ہے وہ بڑا نہین جب کہ سمندر ہی بلکہ ایک چہوٹی سی جہیل ہے مگر ہم [illegible]
سمندر کی مانند کبہی برائی سے بُرا نہین ہو جاتا ہم لوگ تو ناپاکی کے کام کرتے اُسے فائدہ [illegible]
نے ناپاکی کا کام بہت کیا اور غالب ہوا تو [illegible] نہین [illegible]
غالب آوی کلیسیا کا شروع سے یہہ حال ہوا کہ جہانتک وہ غیر مذہب [illegible]
الگ رہی ہے مغلوب ہوئی اور جہانتک اس سے الگ رہی وہان تک اسپر غالب آئے ٭

(۲۷) چوپانی کریگا کے عوض زبور مین جہان سے یہہ اقتباس کیا گیا (توڑیگا) ہے کئی
مترجمون یعنے سپٹواجنٹ کے ترجمہ مین چوپانی کریگا آیا ہے ان دونون لفظون کے

جنرانی الفاظ باہم بہت مشابہ ہین صرف حرکات کا فرق ہے حرفون کا کچہہ فرق نہین ہے۔ سوسترون کی نقل بیان ہے ❖

(۲۸) (مین صبح کا ستارہ دونگا) ۲۲ باب ۱۶-آیت خود خداوند صبح کا ستارہ کہلایا اس کا سبب یہہ ہے کہ ابدی بادشاہت اُس کے ساتہہ ہے اور خداوند کہتا ہے کہ وہی بادشاہت مین جیتنے والون کو دونگا اور اس ستارہ کی ایک اور تعریف ہے کہ اس کے آنے سے ہمیشہ دن سے ہو جایا کرتا ہے۔ وہ دن کا اُسے نمودار لاتا ہے ❖

باب سوم

خط پنجم سارد ی کی کلیسیا

شہر سار دی کے مشہور ہونے کا سبب خاص یہہ ہے کہ وہ لو دیا کی بادشاہت کا دار السلطنت تہا اشوری اور بابلی بادشاہتون کے آخر مین یہہ سلطنت بڑی وسیع اور قوی ہو گئی تہی چنانچہ قریباً سارا ایشیاء کوچک اُس کے اختیار مین تہا۔ جب خورس شاہ فارس نے بابل کو لے لیا تو اوس سلطنت پر چڑہائی کی اُن ایام مین لو دیا کا بادشاہ کروسس کہلاتا تہا جو اپنی دولت مندی کے باعث سے ضرب المثل ہو گیا۔ اُنہی دنون مین ایک مشہور اور نہایت عالم حکیم سُلون نامی تہا اور اکثر اُسکا یہہ قول تہا کہ (آخر کا دیکہو) جب تک کہ کام کا انجام معلوم نہو۔ تب تک اُسکو خوش وقت اور اقبالمند مت کہو ایک دن کا ذکر ہے کہ وہ کروسس شاہ لو دیا سے ملاقات کرنے گیا بادشاہ نے اپنے کل خزانے اُسکو دکہا کر اُس سے پوچہا کہ کس کو خوشحال کہتا ہے اُس نے سمجہا تہا کہ

ضرور مجھ ہی کو کہیگا کہ تو خوش وقت ہو مگر اُس نے ایک گمنام ابتہاج کا ذکر کیا۔ بادشاہ بہت مشہور
ہوا نقل ہے جبکہ خورس شاہ فارس نے اسکو فتح کیا اور بادشاہ کو گرفتار کر لیا تو خورس نے حکم
دیا کہ ایک چتا بنائی جاوے اور کروسس جیتا اُسپر جلا دیا جائے جب یہہ تیار ہو چکا اور کروسس اس
چتا پر رکہا گیا تو اسوقت یہہ سلون اُسکو یاد آیا اور اُسکا نام لیکر پکارنے لگا سلون سلون جب
خورس نے یہہ سُنا تو مطلب دریافت کیا اس نے سارا مذکورہ بادشاہ کو سنایا خورس نے اُس
کے دل کی تبدیل پر ترس کہا کر اُسکے چھوڑ دینے کا حکم دیا اور تب سے خورس نے کروسس
کو برابر اپنے پاس رکہا۔ یہہ ایک نہایت دلچسپ بات ہے جو شہر سارد س کا نام سنتے ہی
یاد آجاتی ہے اور بہت مفید بھی ہے اور اس خط سے موافقت بہی رکھتی ہے کہ ہر
مین خداوند سلون سے بہی بڑھکر اپنے تئین لوگون کے جانچنے والا اور انجام کو
دیکھنے والا بیان کرتا ہے طبیری قیصر کے وقت یہہ شہر زلزلہ سے برباد ہوگیا قیصر
نے اسکو سرِنو تعمیر کرا دیا۔ ہوین صدی مین ترکون نے اُسکو لے لیا اور تیرہوین صدی مین
تیمورلنگ نے اسکو بالکل نیست و نابود کر دیا اس کے ویرانہ پر اب ایک گانو سارت نام بستا ہے +
(۱) (جو خدا کے سات روحون کو رکھتا ہے) خداوند کے اس حلیہ مین جو یوحنا رسول کو پہلے
باب مین دکھایا گیا یہہ صورت خداوند کے مرقوم نہین البتہ پہلے باب کی ۴ آیت مین سات
روحون کا ذکر ہے اور ۵ باب کی ۶ آیت مین سات روحین خدا کی کہلاتی ہین اور یہان
سات روحین مسیح کی کہلاتی ہین اس سے باپ اور بیٹے کی شراکت روح القدس مین معلوم
ہوتی ہے اور یہہ کہ وہ ان دونون سے بھیجا ہوا ہے ... اور ... مطلب یہہ ہے کہ مین سب کچھ
دیکھتا ہون اور سب پر اختیار رکھتا ہون ... (تو جیتا ہے) یہہ تیرا نام عیسی ہے اور
عیسی نام کے ساتھ زندگی شامل ہے اس واسطے تیرا نام ہے کہ تو جیتا ہے مگر فی الحقیقت تو مردہ
ہے۔ یہان مردہ کا مطلب کلیطور پر نہین ہو سکتا ہے کیونکہ اگر بالکل بے حس و حرکت ہو جاتا
تو اُس سے بولنا لا حاصل ہوتا مگر مطلب ہے کہ تو مردہ کی حالت کے نہایت نزدیک پہونچا ہوا ہے
(۲) اس مین خداوند اُس کو کہتا ہے کہ ان چیزون کو مضبوط کر جو مرنے پر ہین اس حکم سے
یہی معلوم ہوتا ہے کہ کچھ زندگی تو اس مین ضرور تہی اور مرنے پر ہونے کا مطلب یہ اسی آیت کے

آخر سے بخوبی ظاہر ہے کہ مین نے تیرے کاموں کو خدا کے سامنے پورا ہوا نہیں پایا (یعنی خالی پایا) شیشے

ظاہر ہوا تو وہ خوب اور زندہ معلوم ہوتے تھے [illegible] ظاہر اُن [illegible] مگر [illegible]

[illegible] چھلکے [illegible] [illegible] دقتقتن [illegible]

[illegible] زندگی [illegible]

[illegible] فسی ۵ باب ۱۴ آیت مین بیداری اور

مین اور [illegible] اور خشکی کا علاقہ بخوبی عیان ہے۔ وہیان بیداری اور زندگی

کا ویسا ہی علاقہ بیان ہوا کہ بیدار ہونا زندہ ہونا ہے ✦

(۳) اور [illegible] (یاد کر کس طرح پایا ہے) فسی [illegible] باب ۱ آیت مین یہی مطلب ہے کہ تعلیمات

پایا ویسا چلو اور جو کچھ پایا ہے اسکو حفاظت سے رکھو [illegible] کی

کسی جگہ مثلاً ۱ باب [illegible] آیت [illegible] دل [illegible]

[illegible] مثال دیتا ہے اور [illegible] آیت مین یہی ہے اور یہہ بات معلوم

[illegible] تیری ہی بار بار اُس کا ذکر کرتے ہین اس قسم مین دو باتین شامل

ہین [illegible] کہ چور اچانک آتا ہے۔ دوم [illegible] نقصان کرنے کے واسطے آتا ہے جیسا

[illegible] دنیا یا اُسکے آمد کے وقت جو لوگ بیدار نہ پائے جائینگے اُنکا نقصان

ہوگا ✦

(۴) اس [illegible] بھی خداوند یسوع تیرا کے نظ کی طرح اُن کے طرف مخاطب ہوتا ہے جو

[illegible] ہے اگرچہ یہہ کلیسیا تھیوٹیرا کے کلیسیا کی نسبت زیادہ بگڑ گئی تھی تو بھی ہمیشہ

وہ لوگ اس مین تھے اُس سے باہر نہین نکل گئے تھے ✦

(۵) جنہوں نے پوشاک سفید کی) شروع مین دستور تھا کہ اصطباغ کے وقت سفید کپڑے

پہنتے تھے البتہ اب بھی سفید ہی کپڑے پہنتے ہین مگر یہہ کچھ مقرر دستور نہین ہے مطلب

کہ جس حال مین وہ مسیح کے پاس آئے اُسی حال مین اب تک ہین اور وہ میرے ساتھ چلتے

پھرتے رہے [illegible] کے خیال سے یہہ کہا گیا کہ وہ آسمان مین میرے ساتھ چلتے پھرینگے

(میرے ساتھ) جیسا کہ یوحنا ۱۷ باب ۲۴ آیت مین مسیح نے دعا مانگی کہ وے میرے

ساتھ ہو وینگے (اسلیئے کہ وے لائق ہین) اُن کی لیاقت صرف اتنی ہی ہے کہ مسیح نے اپنی آمد کے وقت جو کچھہ مسیح سے اُنہین بخشا تھا اُنہون نے حفاظت سے رکھا - اور اُنکے پیرہن [illegible] اس وقت ہو ویگی کہ اُنہون نے پہلے نہین پہنے [illegible]

شہیرت ✦

(۵) اسکی اصل جگہہ خروج ۳۲ - باب ۳۲ و ۳۳ آیات اور ۶۹ - زبور ۲۸ آیت مین خروج مین ایک کتاب کا ذکر ہے جسکا مطلب وہان ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کتاب زندگی کی کتاب ہے اور زبور مین تو صاف زندگی کی کتاب کا ذکر ہوئیگا - اس آیت کا دوسرا فقرہ گویا پہلے فقرہ کی تفسیر ہے - یعنے سفید پوشاک پہنا لینے کا مطلب یہہ ہے کہ مین اُنکا نام کتاب حیات سے کاٹ نہ ڈالونگا اور اپنے باپ کے حضور اُن کا اقرار کرونگا - یہہ بات تو اِس وعدے سے خود بخود نکلتی ہے کہ جو اپنی پوشاک میلا ہونے دیگا - اُس کو مین بھی اپنی کتاب حیات سے کاٹ ڈالونگا (فرشتون کو آگی متی ۱۰ - باب ۳۲ و ۳۳ - آیت لوقا ۱۲ - ۸ و ۹ پر یہہ نظیر موقوف ہے جنمین باپ کا ذکر ہے اور لوقا مین صرف فرشتون کا پر بیان اُن دونون کا اس خط مین نام بہت بار آیا اوّل - چہارم و پنجم آیات مین پہلی آیت مین تو خالی نام ہی کا ذکر ہے مگر چوتھی اور پانچوین آیات مین جنمین ایمانداروں کے نام مذکور ہوئے ہین وہ خالی نام ہی نہین بلکہ اُن کے جیسے نام ہین ویسے ہی کام بھی ہین ✦

مکتوب ششم فلادلفیا کی کلیسیا

یہہ شہر پرگام کے ایک بادشاہ نے بنایا تھا جسکا نام اتّلس فلادلف تھا اُس نے اپنا نام اِس شہر کو دیا بہت دنون تک تو یہہ ترکون سے محفوظ رہا پر آخر کو ۱۳۹۲ء مین بایزید نامی ترک نے ایک سپہ سالار نے اُسکو لے لیا اب اُسکا نام آلہ شہر ہے یہان چوبیس گرجا گھرون کے کھنڈر مین

(۷) اِس مین خداوند اپنا بیان یون کرتا ہے (وہی جو پاک ہے وہی جو سچا ہے) جب خداوند مین پہنچا تو پہلے شیاطین نے اور پھر بطرس نے پہچانا کہ یہہ خدا کا قدوس ہے - لیکن

یہان خداوند اپنے تئین خدا کا قدوس نہین کہتا اِس مین پرانے عہد نامہ کی اُن آیات کی طرف
اشارہ ہے جہان خدا اسرائیل کا قدوس کہلایا ہے - البتہ فرشتگان بہی پاک ہین مگر خدا کے
سوائے اور کوئی کبھی [illegible] הקדוש [illegible] پاک نہین کہلایا یعنے پاک
تو اور بہی کہلاتے ہین مگر آرٹیکل کے ساتھہ کبہی کوئی خدا کے سوائے نہین کہلایا اِس سے مسیح کی
الوہیت اظہر من الشمس ہے - ا یوحنا ۵ - باب ۲۰ - آیت مین مسیح الحق کہلایا ہے مسیح کے یہہ دونون
مرقومہ بالا صفات کلیسیا کے لئے نہایت تسلی کی باعث ہین کیونکہ کلیسیا یہودیون سے ستائی جاتی تہی -
اِس دُکھ کی حالت مین خداوند کلیسیا کو کہتا ہے کہ تو مت ڈر کیونکہ مین وہ ہون جو قدوس ہے
اور جو حق ہے اِس لئے یہہ ناپاک یہودی تجھپر غالب نہ آسکین گے اور جب تجھپر غالب نہ آوین گے
تو تجھہ پر کیونکر آسکین گے (داؤد کی چابی) اِسمین اشارہ ہے یسعیاہ - ۲۲ باب ۲۲ - آیت
کیطرف جس مین الیاقیم کے کندہے پر داؤد کی چابی رکھنے کا وعدہ ہے اور وہان الیاقیم
سے مُراد ہے مسیح ۰

داؤد کی چابی یعنے داؤد کے گہر کی چابی - داؤد کا گہر خاندان شاہی تہا سو جس کے پاس اُسکے
گہر کی کُنجی ہے وہ اُس کی بادشاہت مین لوگون کو داخل بہی کر سکتا ہے - اور روک بہی سکتا ہے
اور جب کہ سارے وعدے داؤد اور اُس کے خاندان کے ساتھ کیئے گئے تہو کوئی اُن وعدون
مین شریک ہونا اور خدا کی رضامندی چاہتا ہے کیونکہ اُنہین وعدون کے ذریعے رضامندی ہے
اُسکے لئے ضرور ہے کہ داؤد کے گہرانے سے علاقہ رکہے - پس داؤد کی کنجی کا مطلب نجات کی
چابی ہے اُسکو مسیح نے آسمان کی چابی کہا (متی ۱۶ - ۱۹ - آیت) رستعام رومن کیتہلک کلیسیا کا ایک عقیدہ غلط ٹہرتا ہے
کیونکہ مسیح نے پطرس کو آسمان کی کنجی ایسی نہین دی کہ اُس کے ہاتھ مین بالکل نہین رہی کیونکہ
ستّے برس کے بعد خداوند کہتا ہے کہ وہ چابی میرے پاس ہے ۰

(کہلا ہوا دروازہ) اِس کے دو مطلب ہین ایک تو ساتوین آیت سے علاقہ رکہتا ہے اور
دوم نوین آیت سے اوّل یہہ کہ مین نے تیرے لئے آسمان کی بادشاہت کا دروازہ کہولا یا
ہے اب یہہ یہودی لوگ اِس کو بند نہین کر سکتے ہین دوم یہہ کہ مین نے تیرے [illegible] اور [illegible]
[illegible] دروازہ کہولا ہے کہ تو خدا کی بادشاہت کو اُن مین پہیلا سکے [illegible]

۱۶ - باب ۹ - آیت پولس کہتا ہے کہ میرے لئے ایک بڑا اور بڑے کام کرنے کا دروازہ کھلا ہے۔ اور مخالف بہت سے ہیں۔ (تیرے پاس تھوڑا ہی زور ہے) متی ۲۵ باب ۱۵ - آیت میں جو تمثیل ہے اُس سے یہہ بات بخوبی ظاہر ہے کہ خداوند ہماری طاقت اور لیاقت کے موافق ہمارا انصاف نہیں کریگا بلکہ اُس کام کے موافق جو ہمنے اپنی حیثیت کے موافق کیا۔ تمثیل میں تو اُس تھوڑی طاقت والے نے کچھ کام نہیں کیا مگر اس کلیسیا نے اپنی تھوڑی ہی طاقت سے بہت کام کیا اور خود کہتا ہے کہ تو نے میری کلام کی حفاظت کی اور میرے نام کا انکار نہیں کیا۔ اِس کلیسیا کے حق میں مسیح کا وہ وعدہ پورا ہوا کہ جس کے پاس ہے اُسکو دیا جاویگا۔

(۹) (دیکھ میں بعضوں کو شیطان کی جماعت میں سے دیتا ہوں) یعنے میں اُس میں سے بعضونکو تجھہ میں ملاونگا اور میرا عمل اِس کام کا کرتا ہے اور اِس ارادہ کے پورا ہونے کے وقت پر گویا کھڑا ہو کر کہتا ہے کہ میں ایسا کرونگا۔ اِس آیت کا آخری حصہ یسعیاہ ۴۹ باب ۲۳ - آیت اور ۶۰ باب ۱۴ - آیت سے ملتا ہے اور اِس میں جو فروتنی ہے یہہ ظاہری نہیں بلکہ خداوند کی اطاعت اور فرمانبرداری کی فروتنی ہے۔

(۱۰) (صبر کا کلام) یعنے وہ کلام کہ جس میں میں نے صبر کرنے کی نصیحت کی خصوصاً متی ۲۴ باب ۱۳ - آیت میں کہ جو آخر تک ہے الخ۔ (اِس لئے میں بھی تجھے حفاظت سے رکھونگا) جیسا کہ نوح نے خدا کی کلام کو مانا اور جبکہ اور لوگ ہنستے اور ٹھٹھہ کرتے تھے اُسوقت اُسنے کلام کو تھاما تھا۔ پھر اُسکو تو خدا نے محفوظ رکھا پر اور لوگ ہلاک ہو گئے۔ لوقا ۲۱ - باب ۳۶ - آیت بھی اس کے موافق ہے (اُس آزمایش کی گھڑی سے الخ) یعنے یا تو وہ گھڑی تجھہ پر آویگی پر تو سلامتی سے اُس میں سے نکل آوے گا۔ اور یا اُس میں آنے نہ پاویگا یعنے وہ گھڑی تجھ پر نہیں آویگی۔ یہہ گھڑی کون سی ہے البتہ بہت گھڑیاں تو ہیں لیکن خاص کرکے عدالت کے پیشتر ایک گھڑی آویگی جو سخت آزمایش کی ہوگی جسکا ذکر مسیح نے متی ۲۴ - باب ۲۱ - آیت میں کیا ہے کہ دنیا کی پیدایش سے اب تک ایسی گھڑی نہیں آئی اور اُن بہت سی گھڑیوں میں سے چند گھڑیاں مثلاً یروشلم کی بربادی کی گھڑی اور رومی بادشاہت کی بربادی اور گذشتہ صدی میں جو فرانس کا غدر ہوا۔ یہہ گھڑی بہتوں کے امتحان کرنے [illegible] ظاہر ہو جاوے اور دنیا داروں کے امتحان کیلئے بھی ہے تا کہ اُن کی بے

ایمانی بخوبی ظاہر ہو جاوے (زمین کے رہنے والون کے لئے) اِس کتاب مین اِس محاورہ کا مطلب
دنیادار لوگون سے ہے۔ کیونکہ وے نہ صرف اِس زمین پر رہتے ہین بلکہ اُنکا دل اِس زمین مین لگا ہوا ہے۔
جیسا کہ لوقا ۲۱ باب ۳۵ آیت مین ہے کہ وہ جال کی نہج پھیل جاوے گا جو زمین پر بیٹھے ہوئے ہین
تو ہو نہین سکتا کہ اِسمین مسیح کے ایمان دار بھی شامل ہون ۔

(۱۱) جیسا کہ تھیوتیرا کی کلیسیا کو کہا ویسی ہی اِس کو بھی خداوند کہتا ہے (کہ وہ جو تیرے پاس ہے
اُس کو پکڑے رہ) یعنے اگر تو اِسکو جو مین نے تجھے دیا ہے مضبوطی سے پکڑے رہے تو مین اُسکو
جو تیرا میرے ہاتھ مین ہے ضرور ہی پکڑے رہونگا (کوئی تیرا تاج نہ لے لے) اِسکا یہہ مطلب نہین کہ
تیرے دشمنون مین سے کوئی اُسکو اپنے واسطے نہ لے لے کیونکہ اُس کو تو کسی صورت سے لے جا
نہین سکتا۔ مگر یہہ کہ مبادا کوئی تجھ سے چھین لے یعنے تجھ کو ایسا پہنچاوے کہ تو اُس سے
محروم رہے ۔

(۱۲) یہان ہیکل کا ذکر ہے نئے عہد نامہ کے اور مقامات مین جہان کہین ہیکل کا ذکر ہے تو اِسکا مطلب
خدا کی کلیسیا سے ہے جو اب موجود ہے۔ مگر یہان اِسکا مطلب اُس کلیسیا کا ہے جو آسمان پر ہونیوالی
ہے ۲۱ باب ۲۲ آیت مین جہان نئے یروسلم کا ذکر ہے وہان ہیکل کا ذکر نہین ہے مگر تو بھی وہ آیت
اِس آیت سے مختلف نہین ہے کیونکہ وہان ہیکل کا اِس لئے مذکور نہین ہوا کہ نئے یروسلم سراسر خود
ہیکل ہے۔ اور وہی ہیکل یہان مذکور ہے۔ ابتک تو مسیحی لوگ اُس ہیکل کے پتھر کہلاتے پر یہان
ستون کہلاتے ہین۔ ممکن ہے کہ پتھر دیوار مین سے نکل جاوے مگر ستون کسی طرح نہین نکل سکتا
جب تک کہ گھر نہ ڈھایا جاوے پس کلیسیا ابدالآباد رہیگی اور اُسکے ساتھ سچے مسیحی لوگ
بھی ابدالآباد تک رہینگے الغرض اب جو اُس ہیکل سے دور ہو جانیکا خوف ہے وہ بہت باقی [illegible]
بعضون نے سمجھا کہ اِس وعدہ کے یہان کہنے کا خاص سبب یہہ ہے کہ فلادلفیا مین بھونچال
بہت ہوتے تھے تو خداوند وعدہ کرتا ہے کہ تو ستون کے مانند ہوگا اور بھونچالون سے گریگا
نہین (اور اُسپر مین نام لکھونگا یعنے خدا کا نام اپنا نام اور یروسلم کا نام) یہہ نام ابدالآباد تک
اُسپر قائم دائم رہینگے اور جیسا کہ کوئی اپنی چیز پر اپنا نام کہدواتا ہے کہ اُس کی ملکیت [illegible]
ہو ویسے ہی یہہ نام اِس بات کے نشان ہونگے کہ یہہ مسیحی خدا کا نام ہے [illegible]

خدا نے کہا کہ مین اُن کا خدا ہوونگا اور وے بہت لوگ ہونگے اور جب خدا کے شہر کا نام اُس پر
لکہا جاویگا تو یہہ ظاہر ہوگا کہ یہہ شہر خدا کا ہے - اور شہر کے [illegible] حقوق اپنے مالک پر ہوونگے
[illegible] وارث ہوگا [illegible] نام [illegible] باب [illegible] مین جسکو کوئی نہین [illegible] پس یہہ کام کی کلیسیا
[illegible]
[illegible]
[illegible]

مکتوب ہفتم لاودیقیا کی کلیسیا

لاودیقیا کا اصل نام دیوس پولی تہا جب وہ کچہہ ویران ہوگیا تہا تب انطاکیہ کے ایک پادشاہ نے اُس کو بسایا اور اپنی بی بی کے نام پر اُس کا نام لاودیقیا رکہا - مسیح کے زمانہ کے قریب وہ بڑا وسیع اور نامور شہر تہا - لیکن ۶۲ سنہ عیسوی مین ایک بڑے بہونچال سے برباد ہوگیا - وہان کے باشندگان ایسے دولتمند تہے کہ بغیر کسی سرکاری مدد لینے کے اُنہون نے خود اُس شہر کو از سر نو تعمیر کیا - بعد از ان ترکون نے اُسکو بیخ و بُن سے اُکہاڑ دیا اب اُس شہر کی کہنڈر دور دور تک ہین اور وہین ایک چہوٹا سا گانون اسکیحصار نام آباد ہے ◆

(۱۴) اس مین مسیح اپنے تئین آمین کہتا ہے اور اشارہ یسعیاہ ۶۵ باب ۱۶ آیت کیطرف ہے جہان "آمین کا خدا" آیا ہے - لفظ آمین کا مطلب تہا سچ - پر اب اُسکا استعمال ہوگیا ہر سچائی سے - یسعیاہ مین جو "آمین کا خدا" ہے اُسکا مطلب ہے کہ جو کچہہ وہ کہتا ہے وہ آمین کے لائق ہے کچہہ شک و شبہہ کی جا اُس مین نہین ہے وہ بالکل قابل یقین اور برحق ہے اور یسعیاہ کے اُسی مقام سے یہہ بات بہی ظاہر ہے کہ وہان آخری زمانہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے جو مسیح کی پہلی آمد سے شروع ہوا یعنے خدا آخری زمانہ مین مسیح مین ہوکے ظاہر ہونے والا ہے - اور آخری زمانہ مین خدا کا ظہور مسیح مین ہوگا - تو وہ مسیح بہی آمین کا خدا ہے کیونکہ اُس مین خدا کی سچائی ایسی ظاہر ہوئی کہ

جیسے آگے کبھی نہین ہوتی تھی - چنانچہ یوحنا رسول فرماتے ہین کہ شریعت تو موسی کی معرفت دی گئی پر فضل اور سچائی مسیح سے پہنچی اور پولس رسول فرماتے ہین کہ خدا کے جتنے وعدے ہین مسیح مین اُنکی ہان اور آمین ہے دیکھو ۲ قرنتی ۱ باب ۲۰ آیت اور یہہ آمین کا خدا ہے یعنی جب یہہ ظاہر ہوا تو اپنے اقوال کے ثبوت مین بھی یہی لفظ استعمال کرتا تھا یعنی آمین آمین جسکا ترجمہ ہوا سچ سچ کہتا ہون - اِس آیت مین آمین کہلانیکا مطلب اِس کے بعد سے کھلتا ہے - یعنے یہہ کہ اس خط مین خداوند لاودکیا کے فرشتہ کو بہت سرزنش و ملامت کرنے کو ہے اِس لئے اپنی سچائی اور سچے گواہ ہونے پر زور دیتا ہے کیونکہ اگر وہانکے فرشتہ کو پہلے یہہ معلوم نہوتا کہ میرا ملامت کرنے والا ایسا سچا ہے تو شاید اُسکی ملامت کی برداشت نہ کرتا مگر اب چونکہ وہ جانتا ہے کہ جو کچھہ وہ کہتا ہے سب راست اور حق ہے لہذا اُس کی ملامت کو اپنے حق سے زیادہ نہین سمجھتا بلکہ اُسکو اپنا حق جانتا ہے کیونکہ یہہ اُس کی ملامت بھی حق اور سچ ہے پہر نہ صرف ملامت کی تقویت کے لئے بلکہ وعدہ کی مضبوطی کے لئے بھی جو اِس خط کے آخر مین ہے مسیح اپنے تئین آمین کہتا ہے - (خدا کی خلقت کا شروع) البتہ اگر یہی فقرہ ہوتا تو ہم یہہ مطلب نکال سکتے کہ جسکو خدا نے ساری خلقت کے پیشتر پیدا کیا - مگر جب ہم اور سب مقامون کو جو اُسی مضمون مین ہین اِس سے مقابلہ کرتے ہین تو یہہ مطلب ہرگز نہین نکلتا ہے - اِسی کتاب مین مسیح الفا کہلاتا ہے پس اگر وہ مخلوق ہوتا تو الفا کیونکر کہلا سکتا یونانی مین شروع کے لئے جو لفظ ہے اُس کا مطلب اصل بھی ہے - چنانچہ کلسی ۱ باب ۱۸ آیت مین قرینہ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہان اِس لفظ کا مطلب اصل ہے نہ شروع پہر سلیمان کی حکمت کی کتاب مین لکھا ہے "کہ بت پرستی تمام برائی کی اصل ہے" اور نیکودیمس کی جعلی انجیل مین لکھا ہے "کہ شیطان موت کی اصل اور گناہ کی جڑ ہے" - اِن سب مقامون پر یونانی مین وہی لفظ ہے جو یہان ہے اور جسکا ترجمہ شروع ہوا - پس یہان بھی ضرور اِس لفظ کا مطلب اصل ہے نہ شروع یعنے وہ خدا کی تمام خلقت کی اصل ہے اور اُسی سے خدا نے ساری خلقت کو پیدا کیا - پس جب کہ یہہ ایسا ہے تو اِس مین بھول یا دہوکہ کا امکان نہین ہو سکتا البتہ جب پہلے اُس نے اپنے تئین سچا گواہ کہا تو بھی اُس مین دہوکہ کا امکان رہا مگر جبکہ وہ ساری خلقت کا اصل ٹھیرا تو سارا امکان دور ہوگیا نہ تو وہ دہوکہ کہا سکتا ہے نہ دے سکتا ہے کیونکہ وہ سب کچھہ جانتا ہے جیسا کہ ۳۳ زبور ۱۵ آیت مین لکھا ہے کہ یہوواہ وہ ہے جو اُن کے دلون کا بنانے والا ہے

اور جب دلون کا بنانے والا ہے تو سارے کامون اور ارادون کا جاننے والا ہے اور جب وہ لودکی
اصل ہے تو وہ یقیناً کلیسیا کی بابت دہوکہ کہا نہین سکتا ہے ◆
(۱۵) گرم سے مراد ہے مسیح کی محبت سے بہرپور اور سرد سے مراد ہے اُس سے خالی ہونا ۔ غزل ۱۵ - آیت
الغزلات ۸ باب ۶ ۔ آیت مین عشق (اصل مین محبت) آگ کہلاتی ہے ۔ شیر گرمی کیا ہے ۔ گرمی
بہی ظاہر ہوتی ہے اور سردی بہی معلوم پڑتی ہے ۔ شیر گرمی وہ ہے جو معلوم نہین ہوتی ہے ۔
ہان حقیقتاً سردی ہے پر معلوم نہین ہوتا کہ سرد ہے یا گرم ۔ اکثرون نے سمجہا کہ یہ درمیانی حالت
ہے نہ سرد نہ گرم یعنے نہ مسیح کے بالکل مخالف اور نہ بالکل دوست مگر جبکہ مسیح کہتا ہے کہ کاشکے یا
تو گرم یا سرد ہوتا تو اگر اسکا مطلب درمیانی حالت ہو تو یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ مسیح اُس کو جو قدرے
اُسکا دوست ہے کہے کہ کاشکے تو بالکل سرد یعنے میرا مخالف ہوتا ۔ کیونکہ بالکل مخالف ہو جانے
سے درمیانی حالت تو بہتر ہے اور جو لوگ مسیح کی محبت سے خالی ہین اور اپنی اِس تہی دستی کو جانتے
ہین اور اُس حالت سے دکہ بہی پاتے ہین جیسا کہ سردی سے آدمی کو تکلیف ہوتی ہے پس اُنکی حالت
بہتر ہے اُن سے جو غافل ہین اور اپنے تئین جانتے نہین کہ کیسے ہین ۔ چنانچہ خداوند نے بہی کہا
"کہ مبارک وہ جو غریب ہین" حالانکہ اُن سے بہتر وے ہین جنہون نے حقیقی دولت پائی ۔ ٹھیک
اسیطرح یہان بہی کہتا ہے کہ مبارک وے جو سرد ہین یعنے جنکو اپنی سردی معلوم ہوتی ہے حالانکہ
زیادہ مبارک وے ہین جو گرم ہین اور سردی کے مبارک حالی آخری فقرہ سے ظاہر ہے ۔ کہ
شیر گرم کو مسیح اپنے موہنہ سے نکال پہینکنے پر ہے اور اِس سے نفرت رکہتا ہے ◆
(۱۶) مین مذکورہ شیر گرمی کی تفسیر ہے ۔ کہ تو کہتا ہے کہ مین دولتمند ہون [illegible] تو
اپنے حال کو نہین پہچانتا ہے کہ تیرا کیسا برا حال ہے جو تجہے بہی آسودہ [illegible] معلوم ہوتی ہے مسیح
[illegible] باب ۵ ۔ آیت مین دولت سے مطلب ہے روحانی دولت ۔ ویسے ہی یہان روحانی
دولت کا مطلب ہے ۔ اور اُس کا حال اُس فریسی کا سا تہا جس نے کہا کہ مین شکر کرتا ہون کہ مین
ایسا نہین الخ پر ایسون کی بابت مسیح نے کہا (کہ وے بہلے چنگے ہین) یعنے اپنے تئین
بہلے چنگے جانتے ہین ۔ پہر ۔ (جو کہتے ہین کہ ہم دیکہتے ہین ہم بینا ہین) ۔
ہین کی نسبت خود مسیح نے فرمایا یوحنا ۹ باب ۴۱ ۔ آیت مین کہ "تمہارا گناہ بنا رہتا ہے" ۔ ایسونکو کہا

یہ سچا گواہ جو دلون اور گردون کو جانچتا ہے کیا کہتا ہے یہ کہ تیرا ایسا خراب حال ہے کہ سب
کمبختون سے تو ہی زیادہ کمبخت اور خراب حال ہے اور زیادہ تر تیری کمبختی اور خرابی
اس مین ہے کہ تو اپنی اس بُری حالت کو جانتا نہین جیسا کہ وہ بیماریان زیادہ تر مہلک ہین جن
[illegible] معلوم ہوتا ہے۔ اسی طرح [illegible] زیادہ تر [illegible] ہے جیسے [illegible] دیکھ سکے
[illegible]
[illegible] مفلس۔ اندھا [illegible] ننگا [illegible] تو [illegible] ہے [illegible] دولتمند [illegible]
مفلس ہے پر تو اپنے افلاس کو جانتا نہین۔ علیٰ ہذا القیاس +

آیت (۱۸) مین مسیح اُس کی بدحالی پر رحم کرکے اُس کو صلاح دیتا ہے کہ "تو مجھ سے مول لے"
مجھ سے کیون کہ میرے ہی پاس ہے۔ اور کہین نہین۔ مول لے فی الحقیقت یہ قیمتاً
نہین ملتا بلکہ بالکل مفت برعکس اسکے جو کوئی قیمت دینا چاہتا ہے اُس کو مل نہین سکتا۔ جیسا کہ
اسی کلیسیا نے چاہا پر نہ ملا یہ قول ملتا ہے یسعیاہ ۵۵ باب ۱ آیت سے واضح ہو کہ وہان بے قیمت
مول لے کہا ہے جس سے یہ ظاہر ہے کہ یہ مول لینا ایسا ہے کہ جس کے عوض سونا چاندی
نہین دیا جاتا جیسا کہ رواج ہے اور اگر یہ مفت ملتا ہے تو مول لینا کیون کہا اس کا مطلب
یہ ہے کہ اگرچہ گنہگار آدمی مسیح سے مفت فضل پاتا ہے۔ پر اس مفت پانے کے لئے
بھی کچھ نہ کچھ اپنے سے نکالنا ہوتا ہے سو وہ ہمارا اپنا بھروسہ غرور اور دولت کا فخر ہے
جیسا کہ اس کلیسیا مین تھا۔ پس ان سب کو چھوڑ کر اُس کو لینا ہوتا ہے جو ایک طرح کا لین
دین ہے چنانچہ متی ۱۳ باب ۴۴ و ۴۵ و ۴۶ آیتون مین مذکور ہے کہ وہ اپنا سب کچھ
بیچ کر اُس موتی کو خریدتا ہے بغیر بیچنے کے اُس کو وہ موتی نہین مل سکتا سونے سے مراد
ہے سچا ایمان جیسا ۱ پطرس ۱ باب ۷ آیت مین ہے کہ تمہارا ایمان سونے سے
بہتر ہے اگرچہ وہ تایا ہوا ہو۔ اور یعقوب ۲ باب ۵ آیت مین بھی "سفید
پوشاک" سو مطلب ہے سچی راستبازی جو ساردیس کے خط مین مذکور ہوئی۔
انجن کا مطلب ہے سچی دانائی جو روح القدس سے ملتی ہے۔

آیت (۱۹) جو کوئی اپنے آپ کو غیر محتاج جانتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے کچھ کمی نہین ہے وہ [illegible]

اصلاح کو ہرگز نہیں مانتا ہے۔ یہی حال وان کے کلیسیا کا تھا۔ اِس لئے مسیح یہہ بات کہتا ہے کہ میں جتنوں کو پیار کرتا ہوں اُنہیں کو تنبیہ کرتا ہوں اور تجھے بھی تنبیہ کرنا محض پیار ہی کے سبب سے ہے اِس لئے اُس کو بُرا نہ مان بلکہ پذیرا کر۔ واہ! کیا ہی عجیب محبت ہے [illegible] کی اصلاح کو پذیرا کرنا نہیں چاہتے ہیں اُن [illegible] جن کو وہ محبت کرتا ہے ضرور ہے کہ ہمیں ملامت بھی کرے اور بے ملامت نہ چھوڑے پس جب ہم اُس کی ملامت کے شنوا نہیں ہوتے تو وہ ہم کو تنبیہ کرتا ہے مگر تو اُس ملامت سے اور تنبیہ سے یہہ خواہ مخواہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ہمارا فائدہ ہی ہو سو اِس لئے وہ کہتا ہے کہ تو بھی اپنا کام کر اور اپنی خود مختاری کو کام میں لا۔ اُسی حال میں مسیح کی ملامت اور تنبیہ مفید ہوگی یعنی کہ اپنی سرگرمی سے توبہ کر جس کا پہلا قدم یہہ ہے کہ اپنی سردی کو پہچانے ۔

۲۰ آیت (۲۰) اِس کی اصل جگہہ غزل ۵ باب ۲ سے ۶ آیات تک ہے خصوصاً ۲ آیت۔ اور جو مسیح کی آواز کے شنوا نہیں ہوتے اُن کا حال باقی آیات میں مندرج ہے۔ اِس کھٹکھٹانے سے مراد وہی ملامت اور تنبیہ ہے اور مسیح کی جو محبت ۱۹ ویں آیت میں دیکھ چکے وہی اِس آیت میں بھی ہے کہ وہ ہمارے دلوں کے دروازوں پر کھڑا ہوکر کھٹکھٹاتا ہے (اگر میری آواز سُنے) اِس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسیح نہ صرف کھٹکھٹاتا ہے بلکہ ساتھ ہی بولتا بھی ہے کہ میں اندر آن اب دل میں۔ یاں [illegible] کہ جب مسیح کھڑا ہے اور اندر آنا چاہتا ہے تو کیوں خود دروازہ نہیں کھول لیتا۔ تاکہ وہ اندر آجاوے مگر یہہ خیال تو آدمیوں کی تہذیب و اخلاق سے بعید ہے کہ بے اجازت اندر آوے (میں کھانا کھاؤنگا) ہمارے دلوں میں کون سی ایسی چیز ہے کہ جسکو وہ کھانا چاہتا ہے؟ وہ ہماری محبت ہے جس کو وہ اپنی خوراک بنانا چاہتا ہے۔ اور دستور تو یہہ ہے کہ جب کوئی کسی کے گھر جاتا ہے تو اُس کے پاس سے کھاتا ہے اپنے پاس سے نہیں کھلاتا مگر جب مسیح ہمارے پاس آتا ہے تو نہ صرف ہمارا کھانا ہے بلکہ

ہم کو اپنے باپ کہلاتا بھی ہے ۔ آسودہ کرتا ہے غزل ۱۴ باب آخری آیت اور ۲ باب ۔ ۱۰ آیت کی طرف اشارہ ہے اور غزل ۲ باب ۴ ۔ ۱۶ آیت میں بھی ذکر ہو چکا ہے تو ان دونوں مقاموں میں بھی یکدوسرے کے گھر میں کھانے کا ذکر ہے جیسے یہاں اور یوحنا ۱۴ باب ۲۰ [illegible]

[illegible] ہے صرف ان [illegible] طلوں کے [illegible] سے خدا بائبل کے سارے وعدوں سے عمدہ تر ہے اور لوقا ۱۲ باب ۳۷ آیت میں جو وعدہ ہے وہ بھی بہت عمدہ ہے ۔ البتہ ہمارے خداوند کا ہماری خدمت کرنا نہایت عجیب بات ہے پر اس سے بڑھ کر یہ عجیب ہے کہ اپنے تخت پر ہم کو بٹھاوے اور اپنی بادشاہت میں ہم کو شریک کرے (جیسا کہ میں غالب آیا وغیرہ) یہ کیسی محبت کی بات ہے دیکھو اس کا غلبہ تو کامل پر ہمارا ناقص ہے اور اس کا غلبہ محض اس کے اپنے زور سے ہوا پر ہمارا محض اس کے فضل سے پر تو بھی اپنی محبت کے سبب ہمارے ناقص غلبہ کے پھل کو اپنے کامل غلبہ کے پھل کے برابر کر دیتا ہے ۔

باب چہارم

اس باب سے دو مطلب نکلتے ہیں ۔ اول یہ کہ یہ اس حصّہ کا جو ۴ سے ۲۲ باب تک ہے دیباچہ ہے اور دوم ۔ ہم اس کو ساری کتاب کا دیباچہ بھی کہہ سکتے ہیں اس باب کا خاص مضمون اس مکان اور اس مکان کی آرایش کا بیان ہے ۔ جس میں حاضر ہو کر یوحنا رسول نے یہ رویا دیکھیں ۔ کیونکہ رویت کے لئے بھی خواب کی طرح مکان ضرور ہے ۔

اسلئے یہان پہلے اُس مکان کا ذکر آیا جہان آیندہ روتین دیکھی گئیں۔ گو اُس مکان کے اسباب آرایش کا ذکر آگے چلکر لیگا پر تاہم نصف سے زیادہ بیان جہان ہوئے اور آرایش بھی وہی مطلب نکلتا ہے ۔ جو اس ... کتاب سے ... ہے جیسا کہ ... [illegible]

[illegible]

[illegible]

... رسول چڑھ گیا ... لکہا ہے کہ ... ہی مین آگیا ... سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمان پر چڑھ جانے اور روح مین آجانے کا ایک ہی مطلب ہے ۔ کیونکہ روح مین آجانے سے زمینی اشیا غایب ہو جاتی ہین اور آسمانی چیزون کی طرف نظر کہل جاتی ہے حزقیل ۱ باب ۱ و ۳ - آیات مین لکہا ہے کہ آسمان کہل گیا اور تیسری آیت مین ... تفسیر ... کلام پہنچا جیسا کہ پہلے باب مین لکہا ہے کہ مین روح مین آگیا و ... بھی یہان مرقوم ہے اسکا سبب یہ ہے کہ ان دو رویتون کی علیحدگی ظاہر ہوا اور معلوم ہو جاوے کہ ان دونون رویتون کے بیچ مین یوحنا اپنی اصلی حالت مین آگیا تہا۔ آسمان کی جو کیفیت اس باب مین بیان ہوئی ہے یہی کیفیت ہمیشہ آسمان کی نہین رہتی ہے۔ مگر یہ ایک معین وقت کے موقع کا بیان ہے یعنی گویا کچہری لگی ہوئی ہے جس کا منصف خداوند ہے اور بزرگ لوگ اُس کے اردگرد بیٹہے ہین اسی طرح اسلاطین ۲۲ باب ۱۹ - آیت مین ہے کہ خداوند تخت نشین ہے اور سب بزرگ اوس کی خدمت مین استادہ ہین دانیال ۷ باب ۹ و ۱۰ و ۱۳ مین بہی عدالت کا ذکر ہے ۹ - آیت مین چھوٹے تختون کے لگائے جانے کا ذکر ہے اور جیسا کہ دانیال مین مذکور ہے کہ یہ تخت خدا باپ کا ہے اور ابن آدم اُس کے پاس آیا - اسی طرح یہان یہ تخت خدا باپ کا ہے جیسا کہ ۴ باب مین اور ۵ باب مین ذکر ہے کہ ابن آدم اُس کے پاس آیا برعکس اس کے حزقیل ۱ باب ۲۶ - آیت مین ابن آدم ہی تخت پر بیٹہا ہوا دیکہا گیا ہے ۔

(۳) یہ تخت یشم اور عقیق کی مانند ہے - یشم چمکیلا ہوتا ہے جیسے ۲۱ - ۱۱ مین - یشم سے مراد جلال اور عقیق سے جو سُرخ رنگ کا ہوتا ہے مراد غضب ہے - حزقیل ۱ باب ۲۶ - آیت

اور ۱ باب ۱۰ آیت میں خدا کی جو صورت دکھائی دی وہ اوپر سے نورانی اور نیچے سے آتشی تھی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر جگہ یکسان نہ تھی۔ یہی خیال ہم بیان کر سکتے ہیں کہ اوپر یشب کی اور نیچے عقیق کی تھی۔ اس تخت کے گرد دھنک کی صورت تھی دھنک خدا کے فضل کے عہد کا نشان ہے۔ سو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ عدالت جو ہونے پر ہے اگرچہ اور ونکے لئے تو غضب [illegible] [illegible] اور ہلاکت کی [illegible] دھنک [illegible] بادلون پر [illegible] اگرچہ [illegible] سے کالی گھٹا [illegible] ہوتا ہے [illegible] معلوم ہوتا ہے کہ خدا نے اپنا چہرہ چہپا لیا ہے مگر ایسا وقت آتا ہے کہ جس مین بادل دور ہو جاینگے اور خدا کے چہرہ کی روشنی جلوہ گر ہوگی حزقیل ۱ باب ۲۶ و ۲۸ آیت میں ایسا ہی بیان ہے اور یسعیاہ ۵۴ باب ۷ سے ۱۰ آیت تک اس مقام سے بہت ملتا ہے البتہ اُس میں اول مطلب تو اسیری یعنی کہ اسیری کا طوفان میں نے بہیج لایا۔ پہر اب میں تجہ سے عہد باندہتا ہے کہ تجہ پر فضل کرونگا اور پہر تجہکو نہ چہوڑونگا۔ یہ دہنک سبز رنگ تہی۔ اسکا مطلب تو یہ نہیں ہوگا کہ بالکل سبز تہی ورنہ وہ دہنک کی مانند نہ ہوتی۔ بلکہ یہ رنگ اُسمین زیادہ روشن تہا۔ یہ سبز رنگ آنکہون کے لئے فائدہ بخش ہے اور اس سے خدا کی رحمت اور نرمی اور مہربانی ظاہر ہوتی ہے اگر ہم ہمیشہ خدا کے غضب اور جلال ہی کو دیکہتے تو [illegible] کی برداشت نکر سکتے پر اُسکے ساتہ اُس کی نرمی اور مہربانی ہی ہمین ملنے والی ہے ۞

۴ آیت [illegible] بزرگ کون ہیں؟ بلاشک یہ کلیسیا ہے کیونکہ پرانے عہدنامہ کی کلیسیا یعقوب کے بارہ بیٹون کی بنیاد پر بنے ہوئے تہے اور نئے عہدنامہ کی کلیسیا بارہ رسولون کی بنیاد پر لیکن اسکا مطلب ہرگز نہ سمجہنا چاہئے کہ وہان صرف یہی چوبیس ہین بلکہ اس کا یہ مطلب ہے کہ وہ وہان ایک پارلیمنٹ ہے اور یہ چوبیس بزرگ کلیسیا کے وکلا ہین جنکو کلیسیا نے اپنا نمائندہ کر کے بہیجا۔ ان کے وسیلہ سے کل کلیسیا وہان حاضر ہین۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ خدا کی کلیسیا کی بہتری کے لئے عدالت تو گت سے پر صرف یہی نہین بلکہ کلیسیا کو اپنی عدالت

کلام مین شریک بھی کرتا ہے گویا اُس کی اِس کام مین اصلاح لیتا ہو دوسری یہہ بھی ایک وجہ
ہے کہ جس سے یوحنا نے اُن کو بزرگون کی صورت مین دیکھا (اپنے اپنے تختون پر اع)
عدالت مین اجلاس کا یہ نشان ہے جسفید پوشاک اور سونے کے تاجون سے معلوم
ہوتا ہے کہ یہ بھی بادشاہ ہین اور حکومت کرتے ہین اِس پر یہہ اعتراض ہو سکتا ہے کہ
کیا خدا اپنے مشیرون کے سبب سے اپنے ارادہ اور مرضی کو بدل سکتا ہے - جواب عدالت
مین مشیر بننے اور شریک ہونے کا اور یہی قاعدہ ہے یعنے یہ کہ کوئی اُس مین شریک نہین
ہو سکتا - جب تک کہ اُس کی مرضی خدا کی مرضی کے تابع اور موافق نہو ◆

(۵) بجلیاں - گرجین آوازین - اِس بات کا نشان ہین کہ عدالت ہونے والی ہے چنانچہ ۵-آیت
کوہ سینا پر شریعت دینے کے پیشتر یہ تینون وقوع مین آئے اِس کا سبب یہ تھا کہ بنی اسرائیل
واجب طور سے خدا کا خوف رکھین [illegible] دیکھو یوحنا ۱۲ باب ۲۸ و ۲۹ آیت مین مذکور ہے کہ جبکہ
اوروں نے سمجھا کہ بادل گرجا یسوع نے [illegible] آواز سنی ویسے ہی یہ گرج وغیرہ
اوروں کے لئے تو غضب کا نشان ہے مگر اُسکی کلیسیا کے لئے اُسکی نوازش ہے اور وہ اُسکو
پہچانتی ہے (سات شمعدان روشن) یہ خدا کی روح کی کامل تاثیر ہے جو ہر کہین اثر [illegible]
ہے اور اُس کی عدالت کو کام مین لاتی ہے ◆

(۶) سمندر - یہ بھی شمعدانون کی طرح حقیقت کے ساتھ ہے - اور معلوم ہوتا ہے کہ ان [illegible] ۶-آیت
چیزون کا مطلب یکسان [illegible] مین کہا ہے کہ یہہ سمندر آگ سے ملا
ہوا تھا [illegible] شعلہ کو آگ [illegible]
[illegible] تعاون کا ایک جلوہ [illegible]
آگ [illegible] دیتا ہے [illegible] مین کہی بات [illegible]
گیت ہے جو خدا کی عدالتون کے ہو چکنے کا ایک سپاس نامہ ہے - پس اِس سمندر سے
مراد ہے خدا کی عدالتون کا مجموعہ چنانچہ ۳۶ زبور کی ۶ آیت مین عدالتین بڑے سمندر کی مانند
ہین اور انتہا گہراؤ کے لئے اصل مین جو الفاظ ہین وہ پیدائش ۷ باب ۱۱ آیت مین
آئے ہین پس زبور نویس کا یہ مطلب ہے کہ تیری عدالتین ایسی گہری ہین جیسے طوفان کے وقت

ہین اور ۱۵ وین اور پہلے باب مین جو گیت ہے وہ موسیٰ کا گیت کہلاتا ہے پر اُسنے عہدنامہ مین
موسیٰ کے دو گیت ہین ایک خروج ۱۵ باب اور دوسرا استثنا ۳۲ باب مین مگر اِس آیت مین اشارہ ہے
خروج ۱۵ کی طرف وہ گیت اُسوقت گایا گیا جب خدا نے بنی اسرائیل کو بحر قلزم کے پار
اُتارا تب سمندر کے کنارے کھڑے ہو کر اُنہون نے یہ گیت گایا اور اُسوقت خدا کی عدالت
سمندر کے ذریعہ ظاہر ہوئی سو اسوقت ساری عدالتون کے سمندر سے پار ہو کر کلیسا نے
فتح کا گیت گایا۔ یہین مرقوم ہے ۔

آتشین سمندر کا اِس سے مطلب ہے عدالت۔ یہ نہایت ہولناک ہو کر اُسکا غلاف مین وہ بھی بے انصافی
کی کدورت اُن مین نہین (بلور کی مانند) جیسا کہ سمندر سے خدا کی عدالتون کی محمودی ثابت
ہوتی ہے ویسے ہی بلور سے اُسکی خوفناکی نکلتی ہے حزقیل ۱ باب ۲۲ آیت مین بلور وحشت انگیز
مذکور ہے حبقوق ۳ باب ۲ آیت مین اُسکا نتیجہ لکھا ہے جب مینے سنا کہ تو عدالت کے لئے آتا ہے
تو مین ڈر گیا اپنے لئے تو نہین پر ساری دنیا کے لئے ۱۵ باب ۳ و ۴ آیتون مین اِن تشبیہات
کا مطلب صاف لکھا ہے ۔

یہ سمندر جو خدا کے تخت کے سامنے ہے اگرچہ دنیا کے لئے خوفناک اور ہیبت ناک ہے
پر کلیسا کی تسلی کا باعث ہے اور کلیسا کو چاہئے کہ اپنا سارا غم اُس مین غرق کر دے (چار
جاندار تخت کی بیچ) البتہ ہین تو تخت کے نیچے مگر ایسے نیچے ہین کہ تخت کے بیچ
تک پہنچی ہوئی ہین یعنے ایسے نہین کہ ایک کنارہ پر ہون بلکہ بیچ تک اسطرح وہ سراسر اِس کے
نیچے ہونگے اور باہر کیطرف ہی نکلے ہوئے ہونگے ۔ حزقیل ۱ باب مین بہت طویل بیان اِن
جاندارون کا ہے چنانچہ ۵ آیت سے ۲۱ آیت تک چار جاندارون کا مطلب یہ ہے کہ جیسا
۲۴ بزرگ کلیسا کے وکلا ہین ویسے ہی یہ چارون جاندار زمین پر کی کل اشیاء اور اقوام کے
وکلا ہین ۔ اُنکے تخت کے نیچے ہونے سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ زمین کی ساری قوتین خدا کی
تخت کے نیچے ہین ۔ اور حزقیل ۱ باب ۲۶ آیت مین ابن آدم کا تخت اِن کے سر پر دکھائی
دیا اور پاکترین مقامون جو کروبیم ہے تھے اُن کے اوپر خدا کا تخت تھا ۔ اِن سب کا مطلب یہ ہے کہ
سب قادرون سے اوپر خدا قادر ہے یہ کلیسا کے لئے نہایت تسلی کا باعث ہے کہ جو اُس کا

مالک ہے وہ سب کا مالک ہے اور سب کچھ اسکے ماتحت ہے ۔

جانداروں کی تعداد چار اسلئے ہے کہ زمین کی چار سمتیں ہیں ۔ چاروں سمتوں کے وہ گویا موکل ہیں (آنکھوں سے بھرا ہوا) آنکھ کا مطلب ہے خدا کی روح کی قدرت تو آنکھوں سے بھرا ہوا ہونے کا مطلب ہوگا کہ خدا کی قدرت کی تاثیر تمام خلقت میں ہے حزقیل ۱ باب ۱۰ - اور ۱۰ باب ۱۲ - آیت میں مضمون [illegible] جسکا مطلب یکسان [illegible] ہوتا ہے - اور ان دونوں کا مطلب ایک ہے جیسا [illegible] آنکھوں سے بھرا ہیں ۔

[illegible] بیان جانداروں کے [illegible] تشبیہ صرف اُن کے منہ کی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ منہ کے سوا [illegible] انکا [illegible] آدمی کا سا تھا اس تفسیر کے معاون چند دلایل ہیں - اوّل یہہ کہ جیسا باقی تین جانداروں کی بابت لکھا ہے کہ فلان کا منہ شیر کی مانند وغیرہ ویسے تیسرے جاندار کی بابت نہیں لکھا ہے صرف لکھا ہے اُسکا منہ آدمی کا سا تھا - جس سے یہ نکلتا ہے کہ ان تینوں کے منہ حقیقتاً شیر وغیرہ کے نہ تھے صرف اُن کی مانند تھے پر تھے کسی اور کے - اور اُس تیسرے کا منہ جو آدمی کا سا منہ تھا یہ مراد نہیں کہ کسی اور کا ہو کر آدمی سے تشبیہ دیا گیا ہو - پھر ۱۰ آیت میں لکھا ہے کہ ان جانداروں نے سجدہ کیا تو بار بار خود ایسا کرنا آدمی کے سوائے [illegible] روں کا شکل بالمحال ہے دویم پیدائش کی کتاب سے لیکر مکاشفہ تک انسان کا بیان کہیں نہیں ہوا کہ وہ صرف جانداروں کے ساتھ میں [illegible] ہے بلکہ انکا سر کرکے مذکور ہوا پس اگر ہم مذکورہ بالا تفسیر کو قائم رکھیں تو بائبل کا بیان بھی انسان کی بابت اس کے مطابق ملتا ہے جس سے انسان کی سرداری بھی قائم رہتی ہے ورنہ نہیں - بعض مفسروں نے سمجھا کہ شیر متی ہے اور بیل مرقس ہے اور آدمی لوقا ہے اور عقاب یوحنا ہے ان چاروں میں سے یوحنا تو اس نام کا ٹھیک مصداق ہے کیونکہ جیسا کہ عقاب آفتاب کیطرف اوڑتا ہے ویسا ہی یوحنا آفتاب صداقت کی طرف جنت [illegible] تک اوڑتا ہے چنانچہ پرانی کلیسیا میں یوحنا کا یہی نام تھا - پر باقی تینوں پر یہ نام صادق نہیں آتے ہیں ۔

شیر سے اسلئے مشابہہ کیا گیا - کہ سب درندوں سے عمدہ اور افضل تر ہے اور بیل چارپایوں

سے عمدہ اور آدمی سب جانداروں سے بزرگ اور عقاب سب پرندوں سے تیز پرواز ہوتے ہین ۔

(۸) (ان کی چھ چھ پر تھے) جیسے یسعیاہ ۶-۲ مین مذکور ہوا کہ سرافیم کے چھ چھ پر تھے اور ان کا سبب بھی وہان ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ دو پر سے اپنے مُنہ ادب کے سبب ڈھانپتے تھے اور دو پر سے اپنے پاؤن کو بسبب پستی اور عاجزی کے اور دو سے اوڑتے تھے تا کہ خدا کے احکام بجالاوین ۔

اگر داگرد اور اندر ۔ اس کا مطلب وہی ہے جو ۶ آیت مین مذکور ہو چکا ہو تاکید کے ۔ ۔ ۔ الفاظ ۔ ۔ ۔ گئے اس تاکید ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کو خوب سمجھ لیا ۔ وہ جو خدا کی قدرتون سے بہرے ہین وہ اس قوت کو سب تب خدا کی حمد و ثنا کے کام مین صرف کرتے مین ۱۹ زبور او ۲ آیات مین یہی مطلب ہے کہ خدا کی خلقت بلا ناغہ اُس کی حمد و ثنا کے کام مین مصروف رہتی ہے اور یہ اُس کا شغل خواہ مخواہ کی بات ہے کہ آپ سے آپ اُس سے اُس کی حمد بیان ہوتی ہے ۔

(قدوس قدوس قدوس الخ) اس کا اصل مقام بھی یسعیاہ ۶ باب ہے یعنے خلقت کے حال ہی سے خدا کی قدوسیت نکلتی ہے ۔ اور یہ مدح خوان از روے ادب خدا سے مخاطب نہین بلکہ خود ایک دوسرے سے یہ کہتے ہین کہ قدوس وہ ہے جیسا ۹۹ زبور ۳ و ۵ و ۹ آیتون مین تین دفعہ قدوس آیا ہے ۔ پس جبکہ وہ قدوس ہے اور خلقت بھی اُس کی مقر ہے تو ضرور ہے کہ آخرکار وہ ظاہر بھی ہو اور کلیسا کو رہائی دیوے ۔

(۹ و ۱۰) (اپنے تاج نکال اوتارتے ہین) اس بات کے اقرار کے لئے کہ ہماری بادشاہت تیری بادشاہت کے سامنے ہیچ ہے ۔ جیسا تسیس مورخ لکھتا ہے کہ جب ہیرود اوگسطس قیصر کے پاس روم مین گیا ۔ تو روم مین پہنچتے ہی اُس نے اپنا تاج اوتار دیا ۔

(۱۱) جب جانداروں نے تعریف کا گیت گایا تو خدا سے مخاطب نہین ہوئے مگر چوبیس بزرگ خدا سے مخاطب ہو کر یہ کہتے ہین کہ "تو لائق ہے" یعنے اُس جلال پانے کے تو

لائق ہے - اِس آیت کے آخر مین خدا کی ختم ہونے والی تعریف جاندارون کے ستائش نامہ مین ہوگی جس حال مین چوبیس بزرگ ... کیونکہ خدا کے ... کلیسا مین ... ۵ ... جو کوئی خدا کی خلقت ... کلیسا کے انجام کو بھی مان لیگا کیونکہ جس نے دنیا کو خلق کیا وہ کلیسا کے انجام کے پورا کرنے پر بھی حاوی ہے - ۱۰۴ زبور خدا کے خلقت کا تعریف نامہ ہے یہ زبور اُن زبورون مین سے ایک ہے جو اسیری کے وقت لکھی گئی تھی جبکہ کلیسا کا نہایت پست حال تھا - اس ستائش نامہ مین کلیسا نے خود اِس بات سے تسلی پائی کہ کیا جس نے سب کچھ پہنچایا کیا وہ کلیسا کو انجام تک نہ پہنچا سکیگا - اور اِس سبب سے وہ آخری آیت مین کہتا ہے کہ شریر نیست ہو جاوینگے اسی آیت مین اِس ساری زبور کا مطلب کھل گیا ۔

(تیری مرضی کے سبب سے وے ہیں) اِس مین خدا کی خالص خلقیت کا بیان ہے کہ اوسنے چاہا کہ ہون اور وے ہوگئے ۔

باب پنجم

(کتاب) اِس مین وہ فتوہ لکھا ہوا ہے جو کلیسا کے بچاؤ اور دشمنون کی بربادی کے لئے دیا گیا تھا اور اِسی سبب سے وہ اُسکے ہاتھ مین تھا جو مسند عدالت پر بیٹھا ہوا تھا - معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب طومار کے طور پر لپٹی ہوئی تھی - اور اتنی باتین اِس مین قلمبند تھین کہ اندر اُسکی گنجائش نہ تھی اسلئے اُسکے باہر کیطرف بھی بالکل لکھا ہوا تھا اور یہ کثرت

باعظمت اُس فتویٰ کی ہے جو خدا نے اپنے دشمنوں پر دیا۔ معترض یہ کہہ سکتا ہے۔ کہ یہ طومار
تو بہت بڑا تھا اور اس میں کثرت سے لکھا ہوا تھا۔ مگر اُس کا مضمون تو ایک چھوٹی سی باب میں
سما گیا یعنی چھٹویں باب میں۔ جواب اول اس طومار کا بیان صرف ۶ باب میں نہیں ہے مگر اس
کتاب مکاشفہ کی اور سب رؤیتوں میں اسکا بیان ہے گو اور رؤیتوں میں اس طومار کا کچھ تذکرہ
نہیں ہے پر وہ فتویٰ جو دشمنوں پر دیئے گئے وہ اسی سے علاقہ رکھتے ہیں۔ جواب
دوئم یہ ہے کہ نہ صرف اس چھٹویں ہی باب میں بلکہ کسی میں بھی اُن فتووں کا مفصل
بیان نہیں ہو سکتا ہے جو خدا نے اپنے د[illegible] دیئے ہیں [illegible] میں باب میں تو صرف
اس سارے طومار کا ایک لباب مندرج ہوا [illegible] تھے یعنی اس میں
جو فتوے تھے وہ بجز خدا کسی کو معلوم [illegible] تھا [illegible] ان میں سر بمہر کا
یہی مطلب ہے (سات مہروں سے) اسکا مطلب یہ ہے کہ وہ کلیۃً بند تھی [illegible] کا مضمون بالکل مخفی
تھا۔ (نہ زمین پر اور نہ فرشتے) [illegible] آواز تو [illegible] زمین پر اور
اس کے نیچے اور آسمان بھی [illegible] جیسے [illegible] میں لکھا ہے۔

(۳) ان تینوں باتوں سے واضح ہے کہ کوئی اُسکے بولنے کے قابل نہ تھا۔ [illegible] آیت میں ان
تینوں جہتوں کا ذکر ہے [illegible] خدا [illegible] مسیح ان تینوں سے علیحدہ مذکور ہوا ہے اور جیسے
[illegible] باب میں [illegible] بیان ہو چکی [illegible] اس کتاب کو کھولا [illegible] آیت
[illegible] اس کتاب کے رازوں [illegible] کچھ بھی [illegible] تعجب نہیں ہے [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] حفاظت کرنے کا یون بیان ہوا ◆

(جو جاگتا ہے اور اپنے کپڑے اوتار کے نہین سوتا) ۳ باب ۳ آیت مین
بھی مسیح کے چور کی طرح آنیکا ذکر ہے وہان بھی کپڑون کا ذکر ہے ان دونون مقامون مین

تشبیہون تو الگ الگ ہیں مطلب قریباً برابر ہین جہان کا مطلب ہے خبرداری اور دوسری کا مطلب
پاکیزگی اور ایمان دونون کا باہم ملاپ ہے ۔

(مبادا کہ وہ ننگا پھرے اور لوگ اُسکی شرم کو دیکھین) اِسکا مطلب یہ
ہے کہ مبادا کہ اسکا یہ حال ہو کہ ایمان اور ساری روحانی صفتون سے اسکا دل بالکل خالی
ہوجاے اور علاوہ ازین یہ بات بالکل فاش ہوجاوے کہ وہ ان صفتون سے بالکل خالی
ہے جیسا کہ مسیح نے کہا کہ جو نہین رکھتا ہے اُس سے وہ بھی جو وہ رکھتا ہے لیا جاویگا اور
جب یہ بات فاش ہوجاوے گی تو انکو بہت شرم آئے گی ۔ اسی طرح کی تشبیہ عہد عتیق مین بھی
پائی جاتی ہے حزقی ایل ۱۶ باب ۳۷ آیت اور ۲۳ باب ۲۹ آیت اور ہوشیع ۲ باب
۱۰ اور نحوم ۳ باب ۵ مین ۔

(۱۶) اسمین لڑائی کی جگہہ پر اکٹھے کرنیکا فاعل خدا ہے ۔ اور خدا نے راہ دی ہے جو
انکو جمع کیا البتہ جمع کرنیکا کام تو مین ناپاک روحون کا ہے مگر خدا اُن کے کام کو اپنے کام مین
لاتا ہے گویا خود ہی انکو اکٹھا کرتا ہے ۔ جیسا یوئیل ۳ باب ۲ مین ہے ۔

(ہارمجدون) یہ دو عبرانی لفظون سے مرکب ہے ۔ ہر یعنی پہاڑ اور مجدون مقام
کا نام تھا ۔ یہ مقام اسرائیل کی وادی مین ہے اور اسکے پاس پہلی بڑی لڑائی سیسرا اور بارق کے
درمیان ہوئی ۔ قاضی ۴ باب ۱۵ اسکا نام دبورہ کے گیت قاضی ۵ باب ۱۹ آیت مین بھی ملتا
ہے اور چونکہ اسمقام مین کلیسیا کے بڑے بڑے دشمنون نے شکست کھائی سو اسلئے آخری
لڑائی کی تشبیہ اس سے بہت مناسب اور عمدہ معلوم ہوتی ہے علاوہ ازین اسی مقام پر
ایک اور مشہور ماجرا واقع ہوا جو ۲ سلاطین ۲۳ باب ۲۹ و ۳۰ آیتون مین مذکور ہوا اور
تواریخ کی کتاب کے جس مقام مین اس ماجرے کا بیان ہے وہان لکھا ہے کہ یوسیاہ بادشاہ
مارا گیا اور یہودیون نے اُسپر بڑا ماتم کیا اسکی طرف زکریاہ ۱۲ باب ۱۱ وغیرہ مین اشارہ ہے
اور یہ واقعہ پہلے واقعات کے متضاد ہے وہان تو فتح کا مقام کرکے اس سے تشبیہ
دی گئی اور یہان شکست کا ذکر ہے پہلے اشارہ کا مطلب یہ ہے کہ کلیسیا نے فتح
پائی پر دوسرے اشارہ سے یہ نکلتا ہے کہ کلیسیا مغلوب اور دشمن غالب ہوے ۔ تو

یہان بھی دونون اشارات اِس طرح مل سکتے ہین کہ جیسا فرعون نے دیکھتے ہی دیکھتے بحر کو پار
کرنا اسی طرح کلیسیا کے دشمن بھی ایسے ہی جوش سے چڑہ آتے ہین کہ ہم لوگ اسکو دیکھتے
ہی فوراً پار کر جائینگے پر نتیجہ انجام بالکل اُسکے برعکس ہوگا کہ جیسا نبات کا غول یہان بہایا
گیا اُسکا انتقام بھی اُسی مقام پر لیا گیا ہے ہی اُسکا انتقام بھی یعنی کلیسیا کا انتقام بھی اُسی جگہ
پر لیا جاویگا اب سوال یہ ہے کہ کیون مقام مجدو (کوہ مجدو) قاضیون کی کتاب مین تو مجدو کی پانی
اور زکریا مین مجدو کی وادی کہا گیا ہے اسکا اول جواب یہ ہے کہ مجدو اگرچہ پہاڑی ملک مین تو نیچا
تھا مگر گلیل کے سمندر کی نسبت جہان کوہ تابور تھا اونچا تھا پھر یہ کہ جیسا کہ وادی شکست سے
مناسبت رکھتی ہے کیونکہ شکست نیچی ہوتی ہے اور وادی پست ہے ویسے ہی پہاڑ
فتح سے مناسبت رکھتا ہے کیونکہ فتح مین بلندی حاصل ہوتی ہے پھر یہ بھی سمجھنا چاہیئے
کہ یہان اِس مقام کے نام کی طرف صرف اشارہ ہے بلکہ عبرانی زبان مین جو کچھ اُس نام کے
معنے مین اُنکی طرف بھی اشارہ ہوگا تو مجدو ایک عبرانی مصدر سے نکل سکتا ہے جسکے معنے
ہین کاٹنا و شکست کرنا +

پس مجدو کا مطلب شکست بخوبی ہو سکتا ہے اور زکریاہ کے مذکورہ بالا مقام
کا ترجمہ بعض نے یون کیا "شکست یا قتل کی وادی مین" اِس لڑائی کا انجام اور نتیجہ
اشارتاً ۲۰ آیت کے آخر مین مذکور ہوا مگر اِس آیت مین کچھ بھی نہین کہا اسکا سبب یہ ہے کہ
اسکا پورا انجام ساتوین پیالہ کے اونڈیلے جانے پر ہونیوالا تھا +

۱۷ آیت (۱۷) ساتوین پیالہ کے اونڈیلے جانے سے کلیسیا کے دشمن یکبارگی فنا
ہو جاوینگے کیونکہ یہ پیالہ ہوا پر اونڈیلا گیا اور ہوا روئے زمین کی کل چیزون کو پیشے اور
گھیرے لئے رہتی ہے تو جب ہوا مین پیالہ اونڈیلا گیا تو دنیا بھر مین کوئی چیز باقی
نہین رہ سکتی ہے اور خدا کی آواز اِس کے تخت پر سے سنائی دیتی ہے
کہ ہو چکا +

۱۸ آیت (۱۸) اِسمین وہی واقعات مذکور ہوئے جنکا ذکر ۱۱ باب ۱۹ آیت مین بھی ہے
صرف اتنا فرق ہے کہ وہان زلزلہ عموماً اور بلاؤن کے سلسلہ مین مذکور ہوا مگر یہان اسکو

الگ شمار کیا اور اُسپر تاکید کی گئی یہ اسلئے ہوا کہ ۱۹ و ۲۰ - آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ زلزلہ سے دنیا کی بادشاہی بالکل نیست ہو گئی (جب سے آدمی ہوئے الخ) اسمین خروج و باب ۱۸ تمتہ کی طرف اشارہ ہے جسمین آدمیون کا ایسا ذکر ہے (۱۹ و ۲۰) کو ایک آیت سمجھنا چاہیئے (بڑا شہر تین حصون مین ہو گیا) یہ بڑا شہر بابل ہے جسکو خدا نے اپنے غضب کا پیالہ پلایا (سب قومون کے شہر گر پڑے) اس کی تفسیر ۲۰ وین آیت مین ہے تین حصہ ہونیکا مطلب یہی ہوگا جو ۱۴ باب ۸ - آیت مین ہے کہ گر پڑا - (بابل کی یاد خدا کی سامنے ہوئی) جیسا نہ بنی اسرائیل کی بابت لکہا ہے کہ جب وہ ملک مصر مین قید تھے تو خدا نے اونکو یاد کیا تاکہ ونکو رہائی دیوے - اور یہان بابل کو خدا نے اسلئے یاد کیا کہ اُس سے انتقام لیوے پس معلوم ہوا کہ دونون طرح سے گویا خدا بہول گیا یعنے رہائی دینے اور انتقام لینے کو بھی اسیطرح کی یاد کا ذکر ۹ زبور ۱۲ مین ہے جہان دونون طرح کی بہول اور یاد مذکور ہوئی ہین (اُسکے غضب کا غصہ) اصل مین غصہ کے لئے جو لفظ ہے وہ ایک طرح کا جوش ہے پس مطلب ہوگا اُس کے غضب کا جوش ٹاپو اور پہاڑ دونون سے مراد ہے بادشاہتین - ٹاپو اس لحاظ سے کہ وہ ایک دوسرے سے الگ رہتے ہین اور پہاڑ اس لحاظ سے کہ وہ اپنی سلسلہ بندی کے سبب سے ایک دوسرے سے علاقہ رکہتے ہین ٭

(۲۱) یہان اولے کا جو وزن لکہا گیا وہ ۲۵ یا ۳۰ سیر کا ہوتا ہے تو اتنے بڑے اولے سے کوئی بچ نہین سکتا ہے اور نیستی شریرون کی ہے یہ اِس سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ لکہا تو ہے کہ اُنہون نے مرتے وقت کفر بکا مگر یہان جیسا کہ ۹ وین آیت مین نہین لکہا ہے کہ "توبہ نہین کی" یہان اُن کی توبہ کرنے یا نہ کرنے کا کچہہ ذکر نہین کیونکہ اب توبہ کا وقت ہو چکا تھا اب تو بالکل نیستی اور ہلاکت ہے اگر مکاشفہ کی کتاب یہان ختم ہو جاتی تو معلوم ہوتا کہ یہ کفر جو اُنہون نے مرنیکے وقت بکا اُسکی کچہہ بھی سزا نہین ہوگی لیکن آیندہ رویت سے یہ بات بخوبی معلوم ہو جاتی اور شک بالکل رفع ہو جاتا ہے -

برگشتہ ہوگئے دوسری بات یہہ کہ دوسری آیت مین صرف یہہ نہین لکھاہے کہ زمین کے باشندگان اُس کی حرام کاری کی مے سے متوالے ہوے۔ جس سے ہم یہہ نتیجہ نکال سکتے تھے کہ اُسنے بہلاکے اپنی تابع کرلیا اگر یہی ہوتا تو یہ نام غیر مذہب والے روم پر بخوبی صادق آتا مگر اِسکے سواے یہہ بھی لکھاہے کہ بادشاہون نے اُس کے ساتھ حرام کاری کی اب اگر ہم کہین کہ یہ کسبی غیرمذہب والی روم ہے توکن بادشاہون نے اُس کے ساتھ حرام کاری کی۔ اُن دنون تو صرف قیصرون کی بادشاہی تھی جو ہمیشہ رومیون سے لڑتی رہی اور اُنہون نے کبھی اُسکے ساتھ عہد نہین باندھا۔ پس یہ محال معلوم ہوتاہے کہ ہم اِس کسبی کو غیر مذہب والی روم تصور کرین۔ بہ نام پاپا والی روم پر بخوبی صادق آتاہے جس کا مطلب یہہ ہوگا کہ پاپاون نے تو پہلا کلیسیا کے بادشاہون کو اپنے تابع کرلیا مگر بادشاہون نے بھی اپنی دنیاوی فائدہ کے لحاظ سے پاپاون سے ایسے عہد باندھے کہ جس سے کلیسیا کا نقصان ہوا اسی بات کی مدد کو ایک اور دلیل ہے جو ۱۸ باب ۲۔ آیت سے نکلتی ہے۔ یعنے یہ کہ اگر ہم فرض کرین کہ بابل اور کسبی سے مراد ہے غیر مذہب والی۔ روم تو ہم کو ضرور سمجھنا پڑے کہ کہ اُنجس بت پرستی اور دیوپاپا اور دیگر صاحب اختیار لوگ اب تک اِس دلیل کا کوئی جواب رومی کلیسیا سے نہین دیا گیا ہے۔

۱۷ و ۱۸ و ۱۹ و ۲۰۔ ابواب۔ ایک ہی حصہ بابن شامل ہین جسکا مطلب ہے کلیسیا کے ان دشمنون کی ہلاکت جن کا بیان ۱۲ و ۱۳ و ۱۴۔ ابواب مین ہوا جہان صرف اشارتاً اُن کی ہلاکت مذکور ہوئی ہے۔

(۱) اِس باب کے پہلے لفظون سے کہ اُن ساتون مین سے ایک فرشتہ آیا معلوم ہوتاہے کہ اِس حصہ کا پانچوین حصہ کے ساتھ جو ۱۵ و ۱۶۔ ابواب ہین بڑا علاقہ ہے اور وہ علاقہ یہہ ہے۔ کہ پانچوین حصہ مین جسکا خلاصہ پیالے ہین کلیسیا کے مخالفون کی سزا مختصراً لکھی ہوئی ہے۔ اور اِس چھٹوین حصہ مین اُن تین دشمنون کی سزا مفصلاً مذکور ہوئی جنکا ذکر چوتھے حصہ مین ہے جو ۱۲ و ۱۳ و ۱۴۔ ابواب مین ہے پس مطلب یہہ ہے کہ اِس چھٹوین حصہ کا بیان پانچوین حصہ ہی مین شامل ہے۔ اِس فرشتہ کا یہہ کلام ہے کہ مین

اُس کسبی کی سزا جسکو وہ دکہاویگا اس باب مین اس سزا کا بہت تہوڑا بیان ہے اسکا بیان
۱۸ وین باب مین ہے مگر اس باب مین کسبی اور اُسکی سواری کے جانور کا ایسا بیان کیا گیا جسکا
سمجہنا اُسکی سزا کے سمجہنے کے لئے نہایت ضرور ہے کیونکہ صرف اُسکی کیفیت کے جاننے
سے ہم سزا کو جان سکتے ہین ورنہ نہین ✦

(جو بہت پانیون پر) اس فقرہ کی تفسیر ۱۵ وین آیت مین ہے اور یہہ محاورہ یرمیاہ
۵۱ باب ۱۳ آیت سے لیا ہوا ہے وہان بابل ایک سونہلا پیالہ کہلاتا ہے اور یہان ۴ آیت
مین لکہا ہے کہ وہ پیالہ بابل کے ہاتہ مین تہا ۔ اس سے پیشتر ہمنے دیکہا کہ کلیسیا ایک
عورت کی صورت مین دکہائی دی ✦

(۳) اب تیسری آیت مین ایک عورت کا ذکر ہے اغلب ہے کہ یہہ بہی کلیسیا ہوگی اور ۱۲ وین
باب مین ہمنے دیکہا کہ وہ عورت یعنے کلیسیا بیابان مین بہاگ گئی اور یہان تیسری آیت مین وہ
بیابان مین دکہائی دیتی ہے جس سے اُن دونون عورتون کی موافقت تو معلوم ہوتی ہے
مگر اُنکی یگانگت نہین کیونکہ اگر دونون کی یگانگت ہوتی تو اس سے یہہ نتیجہ صاف نکل آتا کہ
کل کلیسیا بگڑنے والی ہے مگر ایسا ہونا غیر ممکن ہے ۔ علاوہ ازین یہان بیابان کے مذکور
ہونے کا ایک اور سبب ہے ۔ وہ یہہ ہے کہ یسعیاہ ۲۱ باب ۱ آیت مین سمندر کا بیان
مذکور ہے اور مراد ہے مختلف قومون اور گروہون کے مجموعہ سے جو سمندر کی طرح بے تسکین
جوش و خروش مین ہین ۔ اور وہان قومون کے مجموعہ کے بیان کرنے کے لئے بیابان
اور سمندر کی تشبیہ بابل کے بیان مین ملائی گئی کہ متفق اللفظ ہوجاوے مگر تو بہی کچہ تو
ملائی گئی کہ پہلے لکہا ہے پانیون پر بیٹہے تہے پہر لکہا بیابان مین بیٹہے ہوئے
تہے ✦

(درندہ) بلاشک یہہ وہی درندہ ہے جسکا ذکر ۱۳ باب کے پہلے حصہ مین ہوا اُس کے
بہی سات سینگ اور دس سر تہے پہلے تو وہ عورت اُس پر بیٹہی ہوئی ہے اور اُس پر بیٹہنے
مطلب ہے کہ وہ اُس پر حکومت کرتی ہے اور اُس پر اختیار رکہتی ہے ۔ جیسا کہ سوار
گہوڑے پر اختیار رکہتا ہے ۔ اور یہہ سواری کی تشبیہ اُس علاقہ پر بخوبی صادق آتی

ہے جو سینکڑون برس سے پاپا لوگ بادشاہون اور بادشاہیون سے رکھتی تھی -
گویا پاپائی ان پر سوار تھے - دونون مقامون مین جو اس درندہ کے بیان مین
اُنمین یہہ دو فرق ہین - اوّل یہہ کہ عورت کی سواری کا رنگ قرمزی رنگ ہوگیا -
اور یہہ رنگ بہائے ہوئے خون کا رنگ ہے - اور یہہ خون اُن مقدسون کا خون
ہے جو غیر مذہب والے رومیون سے سوگنا زیادہ پاپا کے اختیار سے مارے گئے -
دوسرا یہہ کہ جب درندہ کا ذکر ۱۳ وین باب مین ہوا اُس کے تو صرف سرون پر کفر کے
نام تھے پر اب اُسکے تمام بدن پر نظر آتے - اِسکا مطلب یہہ ہے کہ البتہ غیر مذہب والے
رومیون مین بھی ایکطرح کا کفر کیا جاتا تھا - کہ قیصر لوگ اپنے تئین خدا و خداوند کہتے تھے مگر
پاپائی سلطنت مین نہ صرف پاپا لوگ خداوند خدا کہلاتے بلکہ بہتیرے کفر کے نام مستعمل ہوئے
خصوصاً مریم کے حق مین حملو - رومن کلیسیا نے ایسی پناہ گاہ کہا جو فقط خداوند ہی ہے - اور
ایسی دعائین مریم کے نام پر بنی ہوئی ہین اور جن مین کُل صفات الٰہی اُس پر
منسوب کئے گئے -

(۴) (ارغوانی رنگ) یوحنا رسول کے وقت یہ رنگ رومی بادشاہی سے خاص علاقہ
رکھتا تھا کیونکہ یہ بادشاہون کی پوشاک کا رنگ تھا اور اسی خاطر سے مسیح کو اُنہون نے یہ رنگ
پہنایا - اور پاپا کے گردیان لوگ ہمیشہ یہ رنگ پہنتے ہین -

(سونے اور جواہر اور موتیون سے ملبس) کم و بیش سب بادشاہون پر یہہ صادق
آتا ہے - اور پاپاؤن پر بھی بخوبی صادق آیا اور آج کل بھی ایسا حال ہے +

(اُس کے ہاتھ مین سونہلا پیالہ) اِس پیالہ کا مطلب صاف ہے اور دوسری آیت
سے علاقہ رکھتا ہے جس سے اُسنے سب لوگون کو متوالا کیا - وہ سونہلا اسواسطے کہلایا
کہ جس کے ہاتھ مین ہے وہ شان دار اور صاحب شوکت ہے - اور اتفاق حسنہ سے ایسا
واقع ہوا کہ پاپا لوگون نے ایک ایسا سکہ جاری کیا جس پر عورت کی تصویر تھی جو کل جہان پر
بیٹھی ہوئی ہے اور اُسکے ہاتھ مین ایک پیالہ ہے - البتہ پاپا لوگ تو اوسکو عشاء ربانی
کا پیالہ کہتے تھے - مگر چونکہ یہہ قانون تھا کہ وہ پیالہ صرف خادم الدینون کو ملے شاید

اسلیئے بد شعار زناکاری کا پیالہ بھی اُس کلیسیا کی بُرائی کا نشان ہے ۔

(۵) (اُس کی ماتھے پر نام لکھا) تاکہ یوحنا اور مقدسین اسکو پہچان سکیں ۔ اُسکے نام کا پہلا لفظ ہے بھید اسکے دو معنے ہوسکتے ہین ایک یہہ کہ اس نام کے جو باقی الفاظ ہین اُن کے روحانی معنے لینے چاہیئے ۔ دوسرے یہہ کہ مسیح کے نام کے جسم اس کلیسیا کا وجود ایمان کے لیئے بڑا بھید ہے ۔ یہہ عورت کسبیون کی ماں کہلاتی ہے مطلب یہہ ہے کہ رومن کلیسیا کے سوائے اور بہت سی کلیسیائین مسیح سے برگشتہ ہوتی ہین پر اُن سبھون کی ماں یہی ہے ۔

(۶) نہ صرف تمام مقدسون کا ذکر ہے بلکہ خصوصاً یسوع کے گواہون کا ذکر ہے جنکا ذکر ۱۲ باب ۱۷ آیت مین ہوا تھا ۔ اس سے پیشتر اژدہا اس عورت کی اولاد کو ستاتا تھا ۔ پر یہان وہی عورت اپنے پہلے وقت کی اولاد کو ستاتی ہے یہہ نہین سمجھنا چاہیئے کہ یہہ عورت وہی عورت ہے بلکہ یہہ عورت اُس عورت کا ایک حصہ ۔ یہہ جو بگڑ گیا اور اپنی اولاد کو ستانے لگا اور اونکے خون سے متوالا ہونے لگا اور یوحنا نہایت متعجب ہوا کا سبب یہ کہ اسکو معلوم ہوا کہ یہ عورت وہی ہے جسکو مینے ۱۲ وین باب مین دیکھا تھا اور یہان اسکا ایسا خراب حال ہوگیا جیسا کہ یسعیاہ نے ۱ باب ۲۱ آیت مین نہایت حیران ہوکر کہا کہ وہ شہر جو وفادار تھا اب کیسا خراب ہوگیا ۔ کہ جو پاک دامن تھے وہ اب کیسے ہوگئے رسول کا متعجب ہونا سب پہلے رایون کے برخلاف ایک دلیل ہے کیونکہ اگر اس سے مراد غیر مذہب والی روما ہوتی تو رسول کے لیئے متعجب ہونے کا کوئی سبب نہ تھا کیونکہ وہ تو ہمیشہ اُس سے ستایا جاتا تھا اور اُس کا ایسا ہوجانا کوئی نئی بات نہ تھی کیونکہ وہ تو ایسی ہی تھی ۔

(۷) فرشتے نے اُس کو کہا تو کیون تعجب کرتا ہے تونے تو ہنوز بہت تھوڑا انسان کے دل کی خرابی کو جانا ہے ۔ مین تجھے اس بھید کو زیادہ دکھلاونگا ۔

(۸) (وہ درندہ جسکو تونے دیکھا وہ تھا تو پر اب نہین ہے) اور نہ ہونے کا یہی مطلب ہوگا جو ۱۳ باب مین یون بیان ہوا کہ اُس درندہ نے موت کا

[illegible] اس کا ذکر [illegible] آیت میں [illegible] اس لفظ سے مراد [illegible] عجب [illegible] آتا ہے [illegible] باب میں مذکور ہوا [illegible] بیان ہے [illegible] گویا عدم سے پردہ وجود میں [illegible] دنیا کی پیدائش سے [illegible] لکھا ہے اور [illegible] باب ۱۸ آیت میں حکمت اور عقل کا ذکر ہے [illegible] یہاں حکمت اور عقل کا کام ہے ۔

(۹) [illegible] رومی کتابوں میں اکثر [illegible] ہے ۔

(۱۰) اس آیت سے [illegible] ہونے سے [illegible] پہاڑ میں انہیں سے ایک اور [illegible] بادشاہ [illegible] بادشاہ [illegible] سے مذکور ہوئیں انہیں کا ذکر ۱۳ ویں باب میں ہوا اور اس آیت سے یہ بھی عیاں ہوگئی کہ وہ دین آیت میں جو سات سر مذکور ہیں [illegible]

کی طرف اشارہ ہے تو بھی انکا خاص [illegible] ہوں کا [illegible] کہ اُن میں سے پانچ گر گئین [illegible] کا مطلب [illegible] سالوان ہو جاتا ہی خاص [illegible] بابل کے [illegible] اور مقاموں میں چھٹوین سر سے نکلا ہوا [illegible] یورپ کی بادشاہین میں جو [illegible] ساتوں [illegible] کے [illegible] ۔

(ایک ہے) یعنے [illegible] ساتوان سر کیا جو یورپ کی بادشاہین میں ہے ۔

(اور جب وہ آویگا [illegible] ہے) مر[illegible] مین [illegible] پر زور [illegible] ۔

(۱۱) (اور [illegible] آٹھوان ہے اور ساتوں میں سے نکلا ہے [illegible] کہ جب یہ ساتوں سر ہلاک ہونگے تب [illegible] جیسا کبھی نہین تھا اگر خود ایک [illegible] ساتوں [illegible] کہ کام وہ خود کرتے تھے اور ساتوں کی تاثیر [illegible] ساتوں میں سے ہے) اس کا مطلب یہ نہیں ہو سکتا [illegible] کیونکہ یہ آٹھوان ہی ہے ۔ بلکہ ساتوں میں سے [illegible] ساتوں کا پورا ظہور ۔ اور [illegible] معلوم ہوتا ہے کہ جس کو نئے سینگ سے تشبیہ دی گئی [illegible] اسکو ہلاک کیا ۔ اور تہسلنیکی ۲ باب ۸ آیت میں [illegible] ویسا ہی یہان لکھا ہے کہ وہ ہلاکت میں چلا جاتا ہے یعنے یہ آٹھوان [illegible] خود آکر ہلاک کریگا اور یہی محاورہ [illegible] آیت مین [illegible] مستعمل ہوا اور [illegible] محاورہ مستعمل کیا گیا ۔

(۱۲) اس میں دس سینگوں کا یہ بیان ہوا کہ یہ دس بادشاہ ہیں۔ اور یہ دس سینگ یہ ہیں۔ انگلینڈ۔ فرانس۔ ہسپانیہ۔ پرتگال۔ اٹالی۔ جرمنی۔ آسٹریا۔ ہالنڈ۔ بلجیم۔ یونان۔ اور یہ وہی ہیں جو آٹھ میں ساتواں سر کہلاتے ہیں گویا دس سینگوں کے مجموعہ کو یوحنا نے وہاں دیکھا۔

(ہنوز انکو بادشاہی نہیں ملی پہنچی [illegible] بعد اُن کو بادشاہی حاصل ہوگی)۔

(ایک ساعت) اگرچہ یہ بڑی لمبی مدت ہے مگر روحانیت کے رو سے یہ ایک ساعت ہے اور کلیسیا کو چاہئے کہ اگرچہ یہ زمانہ نہایت دراز ہو تو بھی اسکو ایمان کی آنکھ سے دیکھے تب اسکو یہ ایک ساعت معلوم ہوگی۔ بعضوں کی رائے ہے کہ یہ دس سلطنتیں ہنوز برپا نہیں ہوئے دجال کے ساتھ برپا ہونگے۔ اور اوس کی مدد کرینگے۔ البتہ یورپ کی بادشاہیں مسیح کی تو زیادہ معاون ہیں بہ نسبت درندہ کے تو بھی یہ خدا کی بادشاہی نہیں بلکہ دنیاوی بادشاہیں ہیں۔

(۱۳) یہ ایک ہی ارادہ رکھتے ہیں یعنے اگرچہ لڑائی جھگڑا تو ان میں ہوتا ہے مگر تو بھی ان کے غرض ایک ہی ہے۔ یعنے یہ کہ درندہ کے اختیار کو بڑھاوینگے۔

(۱۴) اس میں اشارہ تو ہوسکتا ہے ان بادشاہیوں کی دینی مخالفت کی طرف لیکن خصوصاً یہ آخری وقت کی ایک پیشینگوئی ہے جو ابتک پوری نہیں ہوتی۔ اس کا مفصل بیان ۱۹ ویں باب میں ملیگا۔

(بلائے ہوئے اور چنے ہوئے) جیسا کہ مسیح نے فرمایا کہ بلائے ہوئے توبہت ہیں چنے ہوئے تھوڑے ہیں پر یہاں اُن کی بابت لکھا جاتا ہے کہ وہ نہ صرف بلائے ہوئے ہیں بلکہ چنے ہوئے بھی ہیں اور اسواسطے ایمان دار کہلاتے ہیں۔

(۱۶) ایک نئی بات ظاہر کی گئی اب تک تو کلیسیا کے دشمن یعنے درندہ اور

دو ن سینگ اور [illegible] ایکطرف کلیسیا کے مخالف مذکور ہوئے مگر ۱۶ وین آیت
سے یہ بات کھلا ہوا کہ اب ان مخالفون کے بیچ مین بھی پھوٹ پڑ گئی یعنے یہہ
دس بادشاہ کسبی سے نہایت نفرت رکھنے لگے اور جس کے ساتھ انہون نے بہت
دنونتک [illegible] کی تھی سب اس سے متنفر ہوئے ہین اور اسکو ننگے اور تنہا
چھوڑتے ہین [illegible] نادار رہ جاتی ہے اور اس کے سارے عاشق
اسکو چھوڑ دیتے ہین [illegible] کے برکت کلیسیا کی نسبت ایسی بہت پیشینگویان اپنے
پورے ہوئے دیکھ ہین۔

[illegible] سے اتنے دو مطلب ہین (۱) یہ کہ اسکے ال
[illegible] یہہ خدا [illegible] عہد نامہ مین
[illegible] اور ملاکی ۳ باب ۳ آیت
[illegible] ۱۲ استثنا ۱۲ باب ۱۹ شریعت
[illegible] مین جلائے جاوین تو اب
[illegible] اب اسکو کسبی کی سی سزا
[illegible] یہہ آیت اصلاح ہے بلکہ
بھی پوری ہوئی شروع ہوئی اور [illegible] سے بھی زیادہ تر پوری ہوئی جاتی ہے
کہ اب وہ بادشاہ جو [illegible] رومی کلیسیا کی غلام نہین آزاد ہوتی جاتی ہین اور
فرمانبرداری ترک کر کے [illegible] سے مخالفت بھی کرتی ہین۔ اور یہہ کام وہ صرف
اور مذہب کی خاطر سے نہین کرتے [illegible] جتنے ہین سب کچھ وہ دنیا داری اور اپنے
اعتبار کے بڑھنے کے لئے کرینگے۔ کہ یہہ بے غیرت مند ہوکے۔ جیسا کہ ۱۷ وین
آیت سے ظاہر ہے۔ اور انکے ارادہ کرنے کا سبب یہی ہے کہ وہ فقط اسکا ارادہ
ہے۔ یہ نہین کہ وہ محض شرارت کا ارادہ ہے۔ کیونکہ شرارت کے ارادون سے
بیگانگت صرف اس لئے ہوئی ہے کہ خدا کا ارادہ پورا ہو۔ اور جیسا کہ انہون نے
صرف اپنے فائدہ کے لئے تھوڑے دنون تک تو اس کسبی کو رکھا اور جب فائدہ کی صورت

نظر نہ آئی تو اُسکو ترک کر دیا ۔ ویسے ہی خدا اپنا ارادہ پورا کرنے کے واسطے تھوڑے دنون تک اُنکو بھی رکھیگا اور جب پورا ہو چکا تو اُنکو ہلاک کریگا (جب تک کہ خدا کی باتین تمام ہون) یعنے وہ باتین جو اُس نے اپنی کلیسیا کی حق مین شروع سے کہین اور جن پر اُس کی کلیسیا شروع سے توکل کرتی چلی آئی ہے

باب ہشتدہم

۱۷ وین باب کے شروع مین فرشتہ نے کہا تہا کہ مین تجہے اُس کسبی کی سزا دکہاؤنگا اور اُسکے بعد اُس باب مین کسبی کا حال بیان کیا گیا ۔ اور ۱۶ وین آیت مین اُسکی بربادی کی پیشگوئی ہوئی اب اِس باب مین سوال کو اُسکی سزا تو نہین دکہائی جاتی ہے ۔ مگر ایسا اُسکا بیان کیا جاتا ہے ۔ جیسا کہ کسی سزا یافتہ کا ہوتا ہے ۔ اِسطرح اُسکی ظاہری آنکہون کو تو نہین پر اُسکی فہمید کی آنکہون کو دکہائے گئے ۔ یعنے اِس بیان سے وہ بخوبی سمجہ سکا کہ اُسکو سزا ملی ہے اور کسبی ملی ہے ۱۷ وین باب مین خاصکر کسبی کی تشبیہہ کا پورا بیان ہوا مگر اِس باب مین شہر بابل کا زیادہ بیان ہے ۔ اِس مین فقط بھی شک نہین ہے کہ اِن دونون تشبیہون کا مشبہ ایک ہی ہے اور اُن کا ایک ہی مطلب ہے ۔ کیونکہ اگرچہ وہ بابل اِس باب مین کسبی نہین کہلاتا ہے ۔ پر بہت بار اُسکی حرامکاری کا ذکر آتا ہے ۔ اِس باب مین بابل کی بربادی کا بیان زیادہ مبالغہ کے طور پر ہوا جیسا کہ پُرانے عہدنامہ کے نبیون نے کیا ۔ مگر اِسکے سوا ایک مشکل اِس باب مین ہے یعنے یہہ کہ اِسمین بابل کا ایسا بیان ہوا کہ گویا وہ ایک تجارت کا بڑا شہر ہے ۔ اور وہ لوگ جو اُس

راستے کا انکار کرتے ہیں کہ بابل اور کسی سے مراد ہے - پاپائی - وہ اسباب پر بڑا زور دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ پاپائی سوداگری سے کچھ علاقہ نہیں رکھتی ہے اور دنیا کا سارا مال کبھی پاپا کے پاس جمع نہیں ہوا - البتہ یہہ ایک مشکل تو ہے مگر ہمکو یاد رکھنا چاہئے کہ یہہ بیان نہ صرف پاپائے پر لفظی طور سے صادق نہیں آتا ہے بلکہ غیر مذہب والے روماں پر بھی نہیں آتا ہے - کیونکہ روماں کبھی تجارت کا خاص شہر نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے کیونکہ اوّل تو وہ کسی راستہ پر واقع نہیں ہے اور اسکے ایکطرف پہاڑ ہیں اور لفظی طور سے یہہ بیان کسی شہر پر صادق نہیں آتا ہے جیسا کہ لنڈن شہر پر صادق آتا ہے اسلئے بعض لوگوں نے سمجھا کہ مکاشفہ میں جس بابل کا ذکر ہے وہ انگلنڈ ہے - البتہ جہاں فیروزمندی کے سبب بہت دولت ہے - وہاں کم و بیش دنیا کے نفیس اشیا ضرور جمع ہونگے - اس لحاظ سے یہہ بیان قدیم روم کے وقت کے روماں پر صادق آسکتا ہے اور اسی لحاظ سے پاپائی پر بھی - کیونکہ روحانی فتحمندی کے باعث پاپاؤں نے کثرت سے دولت جمع کی اور نہایت اقبالمند ہو گئے - چنانچہ اس زمانہ میں اگرچہ پاپا کچھہ بھی اختیار نہیں رکھتا ہے - تو بھی لوگ دور دیار سے نہایت عمدہ اور نفیس اشیا بطور نذرانہ اسکے پیشکش کرتے ہیں اور بہت سے دولت بھی لاتے ہیں اور جہاں دولت ہے وہاں سوداگری کا ہونا محال نہیں - ضرور ہے کہ وہاں سوداگری کے اشیا بھی ہوں - ۹ سے ۹ تک جو بیان ہے وہ صور کے اُس بیان سے ملتا ہے جو حزقیل ۲۷ ویں باب میں ہے اور مطلب یہہ ہوگا جیسا صور اپنے دنیاوی نفع کی خاطر تمام دنیا سے سوداگری کرتا تہا ویسے ہی یہہ روماں اپنے روحانی نفع کیخاطر تمام قوموں سے انکو بہلا بہکا کے حرام کاری کرتی ہے - اور ان دونوں کے بیانوں کے موافقت کا سبب یہہ ہوگا تا کہ ہم سمجھیں کہ پاپائی کا اختیار غیر مذہب والے روماں کی مانند نہ تہا کہ زبردستی سے قوموں کو ماتحت کرے بلکہ صور کا سارا اختیار تہا جو پہسلانے اور ترغیب دینے کے وسیلہ سے ہوتا تھا ۔

(۱) یہاں مشکل یہہ ہے کہ یہہ فرشتہ کون ہے - اغلب یہہ مسیح ہے جیسا کہ ہم نے

۱۰ باب ۱۔ آیت میں خیال کیا تھا اِن دونوں مقاموں میں لکھا ہے کہ میں نے اُسکو آسمان
پر سے اوترتے دیکھا اسکا بڑا اختیار اِسلئے ہے کہ وہ بڑا کام کرنے کو ہے۔ اِس آیت
کے آخری فقرہ سے یہہ ظاہر ہے کہ یہہ مسیح ہے۔ کیونکہ لکھا ہے کہ اُسکے جلال سے زمین
منور ہوگئی وہی عرف ازلی ابدی جلال کا مالک ہے اور باپ کے جلال کا مظہر ہے اور
جب اُسکے جلال سے منور ہوگئی تو اِس سے یہہ ظاہر ہوا کہ وہ زمین کا مالک ہے یہی الفاظ
انعاً یہوواہ کے ساتھ حزقیل ۴۳ باب ۲۔ آیت میں آئے ہیں ✦

(۲) (زور آور آواز سے چلایا) جیساکہ ۲۹ زبور ۴۔ آیت میں لکھا ہے کہ یہوواہ
کی آواز زور سے ہوتی ہے اور جبکہ ایسے زور سے چلاتا ہے تو اِس سے معلوم ہوتا ہے
کہ اِس نور کے عمل میں لانے کے لئے بھی اُس میں زور ہے۔ اُسکی آواز یہہ تھی (بابل
بڑا شہر گر پڑا اور دیوؤں کی بستی ہوگیا) جیساکہ یسعیاہ ۳۴ باب
۱۴ میں ہے وہاں جبواسکے لئے وہی عبرانی لفظ ہے جسکے معنے دیو ہے (اور
ہر ایک ناپاک پرندہ کا قیدخانہ ہوگیا) یہہ ۱۵ و ۱۶۔ آیات سے ملتا ہے۔
اور یرمیاہ ۵۰ باب ۳۹۔ آیت سے۔ یسعیاہ میں یہہ بیان ادوم کا ہے جسکا مطلب
ہے بگڑی ہوئی کلیسیا جیساکہ ادوم اضحاق کا بگڑا ہوا بیٹا تھا۔ اور یہاں بابل کا مطلب
ہے بگڑی ہوئی کلیسیا یعنے پاپائے۔ پس اِس کا اختیار جاتا رہیگا اور اگر وہاں خدا کی
روح نہ آوے تو پہلے سے بدتر ہوگا ✦

(۳) (کل قوموں نے اُسکی حرامکاری کی غضب میں سے پیا ہے)
یعنے اُس حرامکاری میں سے جسکا نتیجہ اب اُن کے لئے خدا کا غضب ہے ✦

(۴) میں ایک اور آواز کا ذکر ہے یہہ بھی مسیح کی آواز ہے کیونکہ وہ اُس میں
کہتا ہے میری اُمت یہاں یسعیاہ ۴۸ باب ۲۰۔ آیت کیطرف اشارہ ہے۔ وہاں تو
خوشی کے ساتھ بابل سے نکلنا ہے اور یہاں اپنی جان بچانے کے لئے خوف کے مارے
جیساکہ متی ۲۴ باب ۱۶ و ۱۷ میں مسیح نے کہا یروشلم سے نکل بھاگو۔ اور یہہ اُس صلاح
سے بھی ملتا ہے جو لوط اور اُسکے گھرانہ کو ملی کہ نکل بھاگو۔ اور جیسے موسیٰ نے عام لوگوں کو

پکار کر کہا گیا تھا کہ اے میرے لوگو اُسکے درمیان میں سے نکل بھاگو - لیکن یرمیاہ ۵۱ باب ۶ و ۴۵
آیات میں یہی محاورہ فقط بابل کی نسبت بھی مذکور ہوا کیونکہ بابل میں رہنے سے دو خطرے ہونگے
اول یہ کہ تم بھی اُسکے گناہوں میں شریک ہو دوسرا یہ کہ اگرچہ تم اُسکے خاص گناہوں میں
شریک تو نہ ہو تو بھی اُسمیں رہنے کے سبب اُسکی ہلاکت میں لوط کی جورو کیطرح شریک
ہو جاؤ۔ پس اِس آیت سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ رومی کلیسیا میں آخر تک مسیح کے سچے بندے ہونگے
اور وہ لوگ ... ایسے ... بابل لوگ ہونگے جو ... کی راہ کے سوائے اور کچھ بہتر نہیں
جانتے ہیں اور اُسی مسیح پر جو اُس کلیسیا میں ہی مذکور ہوتا ہے بصدق دل اپنا سا بھروسہ
رکھتے ہیں بلکہ بہت سے ... ہونگے جو کلیسیا کے یگانگت کے پیار کے پھندے میں
پھنس کر آخر تک اُسمیں رہینگے۔ مثلاً ... سے جب پاپا کے ... کا فیصلہ
ہوا تو پروٹسٹنٹوں نے سمجھا کہ اب سب سچے لوگ اُسمیں سے نکل آوینگے البتہ بعض تو
نکل آئے لیکن بعض اِس سبب نہیں نکلے کہ اُن کو کلیسیا کی یگانگت کو توڑنا اور
چھوڑنا بہت بڑا مسئلہ ہوتا تھا۔ کیونکہ اُسکا انتظام شروع سے خوش وضع
معلوم ہوتا تھا ٭

۵ - آیت (۵) (اُسکے گناہ بڑھتے بڑھتے آسمان سے جا لگے) اُسکے گناہوں کو
ایک بڑے ڈھیر سے تشبیہ دیگئی۔ اور یرمیاہ کے ۵۱ باب ۹ آیت میں لکھا ہے کہ اُسکی
سزا افلاک تک پہونچی اور یہاں اُسکی سزا کا سبب لکھا ہے کہ اُسکے گناہ آسمان تک پہونچے
اسلئے ایسی سزا ہوئی ٭

۶ - آیت (۶) اِس آیت کا متکلم خدا کے غضب کے وسیلوں یعنے سزا دینے والوں کیطرف
مخاطب ہوکر بولتا ہے اِس آیت میں لفظ تم سے نہیں چاہئے۔ البتہ اگر یہہ لفظ ہوتا تو
مخاطب کلیسیا ہوتی مگر چونکہ نہیں ہے اسلئے اِسمیں مخاطب وہ پیادگان ہیں جو سزا دینے
کیلئے مقرر ہوئے۔ اور یرمیاہ ۵۰ باب ۲۹ آیت میں بھی تم سے مراد نہیں ہے
کلیسیا۔ کیونکہ کلیسیا یعنے یہودی تو مظلوم تھے۔ اور سزا دہندگان فارسی و مادی تھے۔
پس اِسکا مطلب یہہ ہے کہ سزا کے پیادوں کو کہا جاتا ہے کہ جیسا اُس نے اوروں سے

سلوک کیا ویسا تم اُس سے سلوک کرو - اور اُسکو بدلہ دو اور اُسکے کامون کے موافق
دوگنا بدلہ دو - ۱۳۷ زبور آیت ۸ مین شرون نے ایسا ہی ترجمہ کیا - اور یسعیاہ ۴۰ باب
۲ - آیت مین بہی یہی محاورہ ہے - دوگنا دینا - شریعت کی مقرر سزا تھی جس سے دوگنا
کی راستی ظاہر ہے کہ اسمین کچھ ظلم نہین ہے بلکہ مطلب ہے کہ اُسنے یہوواہ کے ہاتھ سے
پورا پورا بدلہ پایا - اور جس پیالہ مین اُسنے ملایا تاکہ متوالا کرے اُسی پیالہ مین تم بہی
ملاؤ - اور دوگنا ملاؤ - اُسنے تو اپنی حرام کاری کے لئے اورون کو پلایا - پر اب خود اُسکو
بھی خدا کے غضب کا پیالہ پینا ہوگا اور اسکا نتیجہ یہہ ہوگا کہ جتنی زیادہ اُسنے عیاشی کی
ہے اُتنا ہی اُسکو دُکھ اور عقوبت دیجاویگی - جیساکہ مسیح نے دولتمند سے کہا +
(۷) کا آخر یسعیاہ ۴۷ باب ۸ - آیت سے بہت ملتا ہے + ۷ - آیت
(۸) وہ آگ سے جلائی جاویگی جیساکہ ۱۷ باب ۱۶ - آیت مین لکھا ہے کیونکہ زورآور ۸ - آیت
ہے - یعنے روما تو زورآور ہے پر جو اُسپر سزا کا فتویٰ دیتا تھا - وہ اُس سے بہی
زورآور ہے - روما کے معنے ہے - زور اور یہہ شہر یونانیون سے بسایا گیا -
اور بیابر مضبوط اور زورآور رہا ۹ سے ۱۹ تک سوداگرون اور بادشاہون کی گریہ
وزاری اور آہون کا بیان ہے - گویا خشکی اور تری دونون واویلا کرتی مین حزقیل
۲۶ باب ۱۵ و۱۶ و ۲۷ - ۳۵ - آیات اُسکے برعکس ۲۰ وین آیت مین آسمان خوشی مناتے ہین
اور شادیانہ بجاتے ہوئے نظر آتے ہین +
(۹) اُسکے جلنے کا دھوان جیساکہ ابرہام نے صدوم کے دھوان کو دیکھا تھا (پیدایش ۱۹ باب ۲۸) ۹ - آیت
(۱۲) مین جس لفظ کا ترجمہ خوشبودار لکڑی ہوا وہ ایک قسم آس ہے جو افریقہ کے ۱۲ - آیت
اُتر طرف خصوصاً کیورینا کے پاس ہوتی تہی - یہہ خوشبودار اور بیش قیمت بہی تہی اور اس سے
میزین وغیرہ بنتی تہین +
(۱۳) مین جس لفظ کا ترجمہ خوشبویان ہوا وہ ایک قسم کا بیش قیمت عطر ہے - جس کو ۱۳ - آیت
بالون پر لگاتے تھے - دوسرا ترجمہ مین یہ جو ہے کہ ۞ یان ہی جنکو صرف امیر لوگ برتتے تھے
اور غلام کے لئے اصل مین لفظ ہے بدن - جسکا مطلب تو غلام ہے پر اکثر سمجھتے ہین کہ

آدمیوں کے جانوں کا مطلب یہی غلام ہے - جیسے حزقیل ۲۷ باب ۱۳-آیت مین ہے اور سترون نے یہی یہی ترجمہ کیا لیکن تو بھی معلوم ہوتا ہے کہ ضرور یہاں کوئی اور مطلب ہوگا کیونکہ ایک ہی چیز کے دو نام ہین جو بالکل متضاد ہین اور یہ مشکل معلوم ہوتا ہے - پس یہاں آدمیوں کی جانوں کا مطلب ہوگا روحین اور جیسا کہ صور آدمیوں کی جانوں کی تجارت کرتا تھا اور لونڈی غلامی مین ڈالتا تھا اسی طرح بابل یعنی پاپائی آدمیوں کی روحوں کی تجارت کرتے تھے اور اونکو روحانی غلامی مین ڈالتے تھے ❖

۱۴-آیت (۱۴) (تیری جانکی خواہش کے پھل الخ) یعنی جسکی تو نے بڑے شوق کے ساتھ امید کی کہ مجھکو تھوڑی دیر کے بعد ملے گی - اب جاتی رہی اس مین سے کچھ بھی ہاتھ مین نہین آئیگا ❖

۱۹-آیت (۱۹) کا تمام حزقیل ۲۷ باب ۲۷ کی مانند ہے اور جیسا یہاں ۱۹-آیت مین لکھا ویسا حزقیل ۲۷ باب ۳۰ مین ہے کہ اُنھوں نے اپنے سرون پر خاک اڑائی - اس دستور کا مطلب تھا کہ مین ایسا پست حال ہوگیا ہون کہ خاک سے مل گیا ہون جیسا ۱۰۲ زبور ۹ آیت مین ہے اور حزقیل ۲۷ باب ۳۳-آیت کا نوحہ ۱۹-آیت سے ملتا ہے کہ ہائے ہائے وہ بڑا شہر کہ جس سے سود اگر لوگ دولتمند ہو گئے وغیرہ ❖

۲۰-آیت (۲۰) یرمیاہ ۵۱ باب ۴۸ و ۱۰ و ۴۶ و ۶۳ -آیات سے ملتی ہے آخری فقرہ ۲-سلا ۹ باب ۷-آیت سے ملتا ہے کہ خدا نے ہمارا بدلہ وغیرہ ❖

۲۱-آیت (۲۱) میں اشارہ ہے مصری فوج کے بحیرہ قلزم مین ڈوب جانے کی طرف جیسے نحمیاہ ۹ باب ۱۱-آیت مین آیا ہے (جیسا پتھر بڑی پانیوں مین پڑی الخ) اس مین اشارہ ہے مسیح کے اس قول کیطرف کہ جو چھوٹے کو ٹھوکر کھلاوے اُسکے لئے بہتر ہوگا کہ چکی کا پاٹ اسکے گلے مین باندھ کے سمندر کے گہراؤ مین ڈبا دیا جائے (۲۲ و ۲۳) مین نوشتہ کے اس کام کا مطلب لکھا ہے جو اُسنے ۲۱ وین آیت مین کیا یعنی یہہ کہ تجھ مین کسی طرح کی خوشی پائی نہ جائیگی اور ۲۳ وین آیت کا اخیر یسعیاہ ۲۳ باب ۸-آیت سے ملتا ہے ❖

۲۴ آیت (۲۴) یہہ آیت بہت ہی خوفناک ہے - متی ۲۳ باب ۳۶-۳۲ آیت مین تو یہودیونکے حق مین کہا گیا کہ ہابل راستباز کے خون سے وغیرہ اس زمانہ کے لوگون کے سرون پہ آویگا پر یہان وہ خون بہت بڑہ گیا ہے اور اس کبہی کے سر پر آیا - اسی طرح خداوند باپ دادون کے گناہون کی سزا ان کی اولاد کو دیتا ہے اور نہ صرف جسمانی اولاد کو دیتا ہے بلکہ روحانی اولاد کو بہی جو اُسکے پیرو ہین - اسمین یرمیاہ ۵۱ باب ۲۵ اور ۴۹ آیت کی طرف اشارہ ہے -

باب نوزدہم

(۱ و ۲) ۱ - آیت سے ۴ - آیت تک ایک گیت ہے جسکا علاقہ ۱۷ و ۱۸ - ابواب سے ہے ۱۸ وین باب مین تو بابل کے گرنے پر ماتم کیا گیا پر اس باب مین اُس کے گرنے پر خوشی کیجاتی ہے - مکاشفہ کی کتاب مین بہت سی گیتین ہین جنکا مضمون خدا کی عدالتون کے ظہور کے سبب خوشی کرنا ہے مثلاً ۷ باب ۹ - آیت سے آخر تک اور ۵ باب ۸ - آیت سے آخر تک اور ۱۱ باب ۱۵ - آیت سے ۱۸ - آیت تک اور ۱۵ باب ۲ - آیت سے ۴ - آیت تک اور ۱۶ باب ۵ - آیت سے ۷ - آیت تک اور یہان ۱ - آیت سے ۴ - آیت اس آیت کو پہلے ایک بڑی آسمانی جماعت نے گایا جسکا بیان ۷ وین باب مین بیان ہوا ہے کہ وہ اُن مقدسون کی جماعت ہے جو چہڑائے ہوئے ہین - پہر ۴ - آیت مین کلیسیا کے وکلا نے جو چوبیس بزرگ ہین

اس گیت کو گایا اور چاروں جاندار بھی اس گیت میں ہم آواز ہیں اس کا سبب
یہ ہے کہ اس کسبی نے زمین کو بگاڑا۔ یا تھا جیسا کہ دوسری آیت میں لکھا ہے
اور جب زمین نے اس کسبی سے رہائی پائی تو اُسکے وکلا یعنے چار جاندار وغیرہ تو
خواہ تخواہ خوشی ہوئی۔ اب وہ بخوبی کہہ سکتے ہیں کہ نجات ہمارے خداوند کی
ہے کیونکہ اس سے پہلے یہہ اُن پر عملاً ظاہر نہیں ہوا تھا کہ کلی نجات ہمارے خداوند
کی ہوگی۔ اور اُس ستایش اور تعریف کا سبب ۲۔ آیت میں یوں مذکور ہوا ہے
کہ اُسکی عدالتیں سچی اور راست ہیں اب اُسکی سچائی اور اُسکے صفات ظاہر ہوئے
اب ہمکو پورا اعتبار اور یقین ہوا کہ ازل سے ابد تک وہی ہے خداوند کی دعا میں
تو ہم یہہ کہتے ہیں کہ چونکہ قدرت اور جلال تیرا ہے اس لئے ہمکو چھڑا پر یہاں وہ
بات اُلٹ دی گئی ہے کہ چونکہ تو نے ہم کو چھڑایا ہم جان گئے کہ جلال اور قدرت
ہمارے خداوند کی ہے (جس نے اپنی حرامکاری سے زمین کو
بگاڑ دیا) یعنیا ؟ ۱۱۔ آیت میں اور یرمیاہ۔ ۵ باب ۲۵۔ آیت وغیرہ
میں آیا ہے۔

ہلیلویاہ۔ اس لفظ ؟ ؟ ؟ کی کتاب کے اور آخر میں بہت ہوا ہے اور
پر اس کتاب کی ابتدا میں اور بیچ میں نہیں بلکہ آخر ہی میں یہہ لفظ آتا ہے۔
اور کتاب زبور کے اُن دو حصوں میں پایا جاتا ہے جن میں شہر بابل کے برباد ہونے
اور کلیسیا کے خواہ اس سے چھوٹنے کی امید پائی جاتی ہے خواہ اُس امید کا
پورا ہونا مذکور ہوا ہے یعنے چوتھے حصہ میں جسمیں چھوٹنے کی امید کا ذکر ہے
جو بابل میں لکھا گیا اور پانچویں حصہ میں جسمیں اُس امید کا پورا ہونا مذکور ہے جو
بابل سے رہائی پانے کے بعد لکھا گیا۔ اسکے سوا یہہ لفظ ۱۰۴ زبور کے آخر میں
آیا ہے جس میں خلقت کا بہت مفصل بیان ہوا ہے بلکہ اُس تمام زبور سے خدا کا
جلال بخوبی ظاہر ہوتا ہے۔ البتہ خدا کا جلال سب چیزوں سے تو ظاہر ہوتا ہے
پر ایک چیز ہے جس سے اُسکا جلال گھٹتا ہے یہہ گناہ ہے جب وہ نیست و نابود

ہو جائیگا اور گنہگار زمین پر سے فنا ہو جاینگے تب مین اپنا سب خوشی طرح سکیگی اور کلیسیا اپنے پیار
سے آواز بلند گا سکیگی کہ ہلیلویاہ

(۳)　(انھون نے دوبارہ ہلیلویاہ کہا) تاکہ معلوم ہو کہ اس کسبی کی بربادی ۳-۱ پ
ہمیشہ کے لئے ہو چکی (اوس کا دھوان ابد الآباد اوٹھتا رہتا ہے) ان الفاظ سے
بلا شک ابدی بربادی کی سند نکلتی ہے - اس مین یسعیاہ - ۳۴ باب ۱۰ آیت کی ۱۰
طرف اشارہ ہے -

(۴)　اس آیت مین لکھا ہے کہ اوس بڑی جماعت نے جواب مین کہا آمین - یعنے ۴-آیت
کہ ہم بھی تمہاری ہلیلویاہ مین شامل ہین اور بدل و جان ہم بھی گیت گاتے
ہین ۔

۵-آیت سے ۱۰-آیت تک یہہ آیات ابد کے ابواب سے خاص تعلق رکھتی ہین
جیساکہ پہلے چار آیات قبل کے دو ابواب سے خاص تعلق رکھتی تھین - انہین سے پہلی
تین آیات مین ایک گیت ہے ۔

(۵)　(تخت سے یہہ آواز آئی) بادی النظر مین تو معلوم ہوتا ہے کہ یہہ ۵-آیت
آواز مسیح کی ہے کیونکہ اسکا بیان یون ہوا ہے وہ ہے جو تخت کے بیچ مین
بیٹھا ہے - مگر اس خیال کے خلاف یہہ ہے کہ یہان لکھا ہے (ہمارے خدا
کی تعریف کرو) مسیح نے اور کہین کبھی ہم کو اپنے ساتھ شریک کرکے ہمارا خدا نہین
کہا - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ آواز مسیح کی نہین ہے چنانچہ اگر مسیح ایسا محاورہ
اختیار کر سکتا تو سب سے عمدہ موقعہ اس کے اختیار کرنے کا یوحنا ۲۰ - باب ۱۷
آیت ہوتا مگر وہان مسیح نے جان بوجھ کے کہا (میرا خدا اور تمہارا
خدا) (اوسکے کل ڈرنیوالے خواہ چھوٹے خواہ بڑے) جیساکہ ۱۱ باب کی
۱۸-آیت مین آیا ہے ۔

(۶)　اس بڑی جماعت کی ایسی آواز ہے جیسے بہت سے پانیون اور گرج کی ہوتی ۶-آیت
ہے - اس گیت کی خوشی مین دو باتین ہین اول یہہ کہ اس کا علاقہ قبل کے

یں سے ہے کہ وہ بادشاہ ہوا اور اپنی بادشاہت پورے طور سے اپنے ہاتھ مین
لے لی اور دشمن فنا ہو گئے - دوم اسکا علاقہ بعد کے بیان سے بھی ہے یعنے چونکہ
دشمن اب فنا ہو گئے اسلئے اب کلیسیا اپنے حقیقی جلال و جمال کے ساتھہ ظاہر ہو سکتی
ہے کیونکہ اب کل روک ٹوک رفع دفع ہو گئی +

۷ - آیت　(ہم خوشی کرین اور اچھلین) یہہ متی ۵ باب ۲۰ - آیت سے ملتا
ہے کہ خوش و خرم ہو اور خوشی کے مارے اچھلو - ان دونون مقامون کی
تطبیق یون ہوتی ہے کہ وہان مسیح نے کہا کہ اگرچہ تم ستائے جاتے ہو تو بہی اب تم
خوش و خرم ہو کیونکہ تمہارا اجر آسمان پہ ہے اور اُسی آسمانی اجر کے ملنے کا بیان
اس ۷ وین آیت مین ہے کہ وہ وقت آپہونچا اور اجر مل گیا - ان دونون مقامون
یعنے اس وعدہ اور اُس کی تصدیق کو پطرس نے اپنے پہلے خط کے ۴ باب ۱۳
آیت مین ملا دیا اور یہہ کہتا ہے کہ اب تم خوشی کرو کہ مصیبت مین ہو کیونکہ جب
یہہ ظاہر ہوگا تو تمہاری خوشی کامل ہوگی - اس آیت مین اسلئے خوشی کی جاتی ہے
کہ برہ کی شادی کا وقت آپہنچا ہے اس آیت سے یہہ بات صاف اور صریح ہے کہ بیچ تو
مسیح اور اُس کے کلیسیا کی شادی نہین ہوئی - صرف منگنی ہوئی ہے پر شادی آیندہ
کو ہوگا - ہم کو اُس منگنی کی حالت کے علاقہ کو حقیر نہین سمجھنا چاہیئے اگرچہ یہہ حال اُس
ان کی نسبت منگنی یا ابتدائی کا حال معلوم ہوتا ہے جس کا ذکر اس آیت مین ہوا ہے
تو بہی اس زمانہ مین منگنی کے حال سے بڑھ کر دوسرا کوئی حال نہین ہے - الغرض مسیح اب
بہی اپنے وعدہ کے موافق پوشیدہ طور پر اپنی کلیسیا کے ساتھہ رہتا ہے لیکن جب
وہ ظاہرا اپنی کلیسیا مین آویگا تب وہ شادی فی الحقیقت ہوگی بیبل کے اور مقامات
سے یہہ صاف ظاہر ہے دیکھو متی ۹ باب ۱۵ آیت اور متی ۵ باب ۲۵ سے ۲۷
آیت تک اس ۷ وین آیت مین اُسی دن کا ذکر ہے جو یہان مذکور ہوا ہے ۲ قرنتی
۱۱ باب ۲ - آیت مین بہی پولوس رسول اس شادی کو آیندہ کی بات کہتا ہے - پس
کلیسیا یہان دولہن کیون کہلاتی ہے ؟ - اسکا جواب یہہ ہے کہ اصل زبان مین

جو لفظ دولہن [illegible] اُس سے مراد عورت ہے جو [illegible] یہہ لفظ
اُس [illegible] [illegible] صرف منگنی ہوئی ہو تو جیسا کہ فرشتہ
نے یوسف [illegible] اپنی عورت [illegible] اپنے پاس [illegible] اگرچہ مریم ہنوز منکوحہ نہ تھی۔
(راعوت [illegible]) [illegible] طلب کیا [illegible] خداوند نے بہت [illegible] دیا وسل
[illegible] کی تمثیل سے بھی یہی مطلب نکلتا ہے۔ اور جیسا کہ لکھا ہے کہ جنہوں نے
اپنے تئین [illegible] کیا تھا [illegible] باقی باہر رہ گئیں ویسا ہی یہاں بھی لکھا ہے کہ دولہن
نے اپنے کو تیار کیا [illegible] داخل ہو سکی۔

(۸) (اُسکو دیا گیا) یعنے یوحنا رسول [illegible] فرشتہ نے اُس کو دیا
[illegible] آیت میں تو ایک [illegible] کی تیاری کا ذکر ہوا کہ [illegible] اپنے تئین خود تیار
[illegible] اِس آیت میں دوسری طرف کی تیاری کا بیان ہوا ہے
یعنے یہہ کہ خدا کے فضل سے اُسکو یہہ دیا گیا کہ صاف کپڑے پہنے۔ الغرض
یہاں اُس نجات کے کام کا ذکر ہے جو آدمی کے [illegible] اور [illegible] کام کا بھی جو
خدا کی طرف سے ہوتا ہے مسیح نے جب شادی کی تمثیل دی تو اُس میں بھی کہا ہے
کپڑے مفت ہیں لیکن مہمان کو اختیار تھا کہ اُن کو پہنے یا نہ پہنے۔ دیکھو [illegible]
سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ مہمان [illegible] لئے مہمانوں کو صرف کھانا ہی نہیں دیتے
تھے بلکہ سفید کپڑا بھی پہننے [illegible] اور یہہ کتانی کپڑا صاف اور چمکدار ہوتا تھا
جیسا کہ [illegible] باب کی ۱۴ آیت میں مذکور ہوا کہ [illegible] صاف اور [illegible] تھا کہ وہ صرف
[illegible] فارغ تھا بلکہ دھویا ہوا بھی تھا [illegible] دولہن کی جو پوشاک یہاں مذکور
ہے وہ اُس پوشاک کی ضد ہے جو ۱۷ باب کی ۴ آیت میں وہ کسبی پہنے ہوئے
نظر آتی [illegible] دونوں میں ایسی کامل ضد ہے کہ اسمین سونے روپے کا ذکر
تک بھی نہیں ہوا بلکہ صرف سفید اور صاف ہی بیان ہوا ہے (کتانی لباس
مقدسوں کی راستبازیاں ہیں) ۔ اگر اِس قسم کی تشبیہ نہ ہوتی
تو ضرور اِس لباس سے راستبازی کے کام مراد لئے جاتے لیکن چونکہ

برابر آدمی اپنے کل بدن پر ایک کپڑا پہنتا ہے نہ الگ الگ عضو پر الگ الگ
کپڑے تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکا مطلب ہر ایک مقدس کی کل راستبازی
ہے اِسی سبب مقدسوں بھی جمع میں آیا ہے اور راستبازیاں بھی جمع میں آیا ہے
یعنے ایک ایک مقدس کی ایک ایک راستبازی ہے اُنکا پاک مزاج اُن کا لباس ہے
جو کل نیک کاموں کا چشمہ ہے ٭

۹- آیت (۹) (اُس نے مجھ سے کہا) یہہ نہیں لکھا ہے کہ کس نے کہا لیکن ایسا
معلوم ہوتا ہے کہ یہہ وہی فرشتہ ہے جسکا ذکر ۱۷ باب کی ۱- آیت میں ہوا ہے کیونکہ
وہی برابر رسول کے ساتھ رہا۔ اور چونکہ جو بات وہ کہنے کو تھا وہ نہایت سنجیدہ
بات تھی اسلئے اُسے اُسکے لکھنے کا حکم ملا جیسا کہ ۱۴ باب کی ۱۳ آیت میں بھی مذکور
ہوا۔ وہاں لکھا ہے کہ لکھ مبارک وہ مردے جو خداوند میں ہوکے مرتے ہیں
اور اُس میں فی الحال کی مبارک حالی کا بیان ہے لیکن اِس مقام پر آئندہ مبارک
حالی کا مذکور ہوا ہے۔ لوقا ۱۴ باب کی ۱۵ وغیرہ آیات میں ہے یہہ پایا جاتا
ہے کہ مسیح نے ایک عام ضیافت کا مذکور کرکے (دیکھو آیت ۱۵) اِسکو تمثیل
میں بیان کیا کہ (دیکھو [illegible] آیت [illegible]) لیکن جس طرح سے وہ ضیافت ہوتی ہے اُسی طرح
یہاں بھی ایک ضیافت کا ذکر ہے کہ مبارک وہ جو بلائے گئے تو بھی اِن دونوں
ضیافتوں میں نہایت فرق ہے کیونکہ پہلی ضیافت تو [illegible] اور لوگوں نے اُس سے
انکار بھی کیا مگر یہہ ضیافت آخری ضیافت ہے اور ابد تک رہتی ہے انکار نہیں ہو سکتا ہے
اِس ضیافت میں مہمان اور دولہن ایک ہی ہیں یعنے مہمانوں کا مجموعہ ایک دولہن
ہے۔ پر چونکہ یہہ خوشی کا حال اُس حال کے بالکل ضد میں تھا جو کہ اُسوقت یوحنّا
رسول کو جزیرہ پتمس میں تھا اسلئے فرشتہ اُسکو یقین دلانے کے لئے تاکیداً کہتا
ہے کہ یہہ باتیں افسانہ نہیں بلکہ سچ ہیں اور خدا کی سچی باتیں ہیں جو ہرگز جھوٹھ
نہیں ہوسکتی ہیں۔ ایسا تعجب انگیز ماجرا دیکھ کے یوحنا اپنے تئیں روک نہ سکا وہ
شکر گذاری سے ایسا بھر گیا کہ اُسکے بتانے والے کو گر کے سجدہ کیا۔ تو بھی قدرے

مشکل تو ہے کیونکہ یوحنا تو یہودی تھا اور یہودی ہی سے خدا کے سوا اور کسی کو
سجدہ کرنے سے نفرت رکھتا تھا اسلئے بعض نے یہی حرکت کا ہونا عجیب معلوم ہوتا
ہے ۔ البتہ بعض نے تو یوحنا کے اس امر کو برا نہ سمجھا اور ان مین نہ صرف رومی
کلیسیا کے مفسرین ہین بلکہ دوسرے بھی شامل ہین جنہوں نے اس بات پہ بہروسہ کیا
کہ رسول کا ایسا کرنا صرف تعظیم کے لیئے تھا ایسی تعظیم تمام ہم پیشہ مخدوم کی کر سکتے
ہین اور جب کوئی ایسے شخص کی ایسی تعظیم کرتا ہے جو اس کو منظور نہین کرتا
تو دونون اطراف کی فروتنی کے سبب سے ہوتا ہے ۔ لیکن یہہ امر اسواسطے قبولیت
کے قابل نہین ہے کہ فرشتہ نے جب کہا کہ خدا کو سجدہ کر تو اسنے خدا پر بڑا زور دیا
جسکا مطلب یہہ تھا کہ تو صرف خدا ہی کو سجدہ کر کیونکہ صرف اسی کو سجدہ کرنا واجب ہے
(کیونکہ یسوع کی گواہی نبوت کی روح ہے) جسکا مطلب یہہ ہے کہ ہم دونون
مین اسلئے کچھ فرق نہین کہ ایک ہی روح سب اور ایک روح ہی ہم مین ہے یسوع کی گواہی نبوت کی روح ہے ۔ اور نبوت کی
روح یسوع کی گواہی ہے یعنی ہمارے پاس جو یسوع کی گواہی ہے وہ نبوت کی روح ہے بالتشبیہ تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ یوحنا کے
بھائیون کے پاس گواہی تو ہے پر وہ نبوت نہین کر سکتے ہین پر اگرچہ وہ نبوت
نہین کرتے ہین تو بھی ان مین وہی روح بستی ہے جو نبوت کی روح ہے ۱۱ آیت
سے اس باب کے آخر تک دنیا کی آخرت کے شروع اور مسیح کے زمین پر آنے
کا بیان مذکور ہے ۔ اسکے پیشتر مسیح تشبیہات اور نشانات کے ذریعہ سے ظاہر ہوا جاتا
اُس کے آنے کے نشان ہین لیکن اب اصالتاً ظاہر ہوتا ہے ۔ اس حصہ کا
مضمون اسکا مفصل بیان ہے جو ۱۷ باب کی ۱۳ – اور ۱۴ – آیتون مین مختصر طور پر
لکھا گیا ۔ ان دونون کا خاص تعلق انٹی خرست (مخالف مسیح) کے ساتھ ہی جسکی
پیشین گوئی ہوئی ✦

(۱۱) (مین نے سفید گھوڑا دیکھا اور اُسکا سوار بھی) اس مین ۱۱ آیت
۶ باب کی ۲ – آیت کیطرف اشارہ ہے ۔ تبسے اب تک وہ سوار برابر فتح کرتا
چلا آیا اب وہ وقت آگیا کہ وہ کاملاً ہمیشہ کے لیئے فتحمند ہو جائے اور اس کی

بادشاہ کا تاج اپنے سر پر رکھا تاکہ معلوم ہو کہ اُن کی بادشاہت سب اُسی کو گئی
ہے - اور مقابیون کے پہلی کتاب کے ۱۱ باب اور ۱۳ آیت میں لکھا ہے کہ
بتولومائی جو کہ مصر کا بادشاہ تھا انطاکیہ کو جیت لیا تو دو تاج اپنے سر پر رکھے
ایک مصر کی بادشاہت کا تاج دوم شام کی بادشاہت کا تاج تاکہ ظاہر ہو کہ پہلے مصر کا وہ
بادشاہ تھا پر اب وہ شام کا بھی بادشاہ ہوگیا ہے یہاں تاجوں کے لئے وہی
لفظ ہے جو ۱۲ وین باب ۳ آیت مین ہے - اور یہ لفظ یہاں خاص اشارہ ہے
چونکہ اب مسیح اُس اژدہے کے ساتوین سر کو مع دس سینگوں کے جیتنے والا ہے - اسی لئے
دس پگڑیاں یعنے دس بادشاہتوں کے نشان اُسکے سر پر دکھائی دیتے -
گویا اُن کو جیت چکا ہے (۱ اُسکا ایک نام لکھا ہوا ہے - غرض مسیح کے تین نام
اِس حصہ مین مندرج ہین اول تو اسی آیت مین ہے یعنے (ایک نام جسکو اُسکے سوا
کوئی نہین جانتا) دوم ۱۳ آیت مین (خدا کا کلام) سوم ۱۶ وین آیت مین -
(بادشاہون کا بادشاہ اور خداوندون کا خداوند) پس یہ تو عیان ہے
کہ وہ نام جو بارہوین آیت مین مذکور ہوا وہ اِن دونون مین سے نہین جنکو
ہم جانتے ہین کیونکہ لکھا ہے کہ کوئی نہین جانتا اِس نام کی بابت دو رائین
ہین اول یہ کہ اُس نام کو اب تک تو کوئی نہین جانتا ہے پر اُسوقت کے بعد جس کا ذکر ۲۰
باب کی ۱۲ آیت مین ہوا کہا گیا کہ وہ نام جو اب تک کوئی نہین جانتا معلوم ہو جائیگا
اور مطلب ہے کہ وہ اپنے تئین اُسپر ایسا ظاہر کریگا جیسا اب نہین ہے دوم یہ کہ
یہ مسیح کی ماہیت کا ایسا بھید ہے جو کلیسیا کبھی نہین سمجھ سکیگی جیسا کہ مسیح نے متی ۱۱ باب
کی ۲۷ آیت مین کہا کہ کوئی بیٹے کو نہین جانتا مگر باپ یعنے اُسکا کامل راز کوئی سوائے
باپ کے نہین سمجھ سکتا ہے - اگر ہم مان لیوین کہ وہ خاص فرشتہ جو عہد عتیق مین بار
بار ظاہر ہوا ہے مسیح ہے تو قاضی ۱۳ باب ۱۸ آیت جہان لکھا
ہے سیر (اُسکا نام عجیب ہے) جس کو کوئی نہین جان سکتا ہے
اِس مقام سے نسبت رکھیگا +

[illegible] پہنے ہوئے لباس مین ملبس ہوا ۔ یسعیاہ ۶۳ باب ۲ و

نام ہے یعنی خدا کا کلام ان سب باتون مین سے یہہ نام اُس
[illegible] ہے جو لکھا ہے [illegible] اوپر لکھے ہوئے تھے وہ تو کفر کے
[illegible] پر بیہودہ بے ایمانی اور خدا کی تعریف کا نام ۔ (وہ خدا کا کلام ہے)
نہین بلکہ کہلایا ہوا ہے خدا کا کلام) جس سے یہہ خیال [illegible] نکلتا ہے
کہ یہہ اوس کا نام ازل سے ہے نیا نام نہین ہے اور اس نام سے اُس کے
کام کی کامیابی بخوبی ظاہر ہوتی ہے گویا یہہ نام اوسکے کام کے کامیابی کی پیشین
گوئی ہے کیونکہ یہہ وہی ہے جس کے وسیلہ خدا ابتدا مین بولا اور سب کچھ ہو گیا
اور جبکہ اُس کے وسیلہ [illegible] ایسی کامیابی ہوگئی جو سب پر عیان ہے تو جب
وہ خود یہ کام کرنے کے لئے [illegible] تو کیسی بڑی کامیابی نہین ہوگی ؟ اس کتاب مین
مسیح کے اس نام کے مذکور ہونے سے یہہ بات ظاہر ہے کہ اس کا مصنف یوحنا
رسول ہی ہے کیونکہ مسیح کا یہہ نام کل عہد جدید مین سوائے تصنیفات یوحنا کے
اور کہین نہین پایا جاتا ہے ۔ اگر معترض یہہ کہے کہ اُسکے مصنف نے جعلسازی سے
یہہ نام لکھا ہے تاکہ لوگ اُسکو یوحنا رسول کہین تو اسکا جواب یہہ ہے کہ یہان اس
نام کا استعمال بالکل وہی نہین ہے ۔ جو یوحنا رسول کی دو کتابون مین
پایا جاتا ہے ۔ یعنے وہان تو مسیح کی ذات کی اصلیت کے ذکر کیلئے اس نام کا استعمال
ہوا مگر یہان یہہ نام مسیح کے آخری ظہور سے تعلق رکھتا ہے پس اگر کوئی جعلسازی کرتا تو
ضرور اس نام کو اسی مطلب کے لئے استعمال مین لاتا جسکو رسول کام مین لایا ۔

(۱۴) (وہ فوجین جو آسمان پر ہین) ان فوجون سے فرشتون کا
ترجمہ بالکل درست نہین کر سکتے ہین کیونکہ عہد عتیق مین فرشتگان بھی آسمان کی افواج
کہلاتے ہین اور بعض مقامون سے ظاہر ہے کہ مسیح کے ساتھ فرشتگان عدالت کرنیکے
لئے آوینگے ۔ مگر ضرور ہے کہ ہم مقدسون کو ان افواج مین شامل کرین جنکا
ذکر ۷ باب کی ۱۴ آیت مین ہے (سفید گھوڑون پر) اس لئے کہ یہہ

اُسکے ساتھ لڑائی کرنے اور فتح پانے اور عدالت اور بادشاہت کرنے مین شریک
ہونے والے ہین - اب مذکورہ آفتون کے ظہور کی طرح کوئی سُرخ یا کالے رنگ کا
گھوڑا مسیح کے پیچھے نہین نکلتا ہے بلکہ صرف سفید جو صلح و سلامتی کا نشان ہے جو
پوشاک ان سوارون کی یہان مذکور ہوئی سو وہی ہے جو ۸ وین آیت مین ہے جہان
برہ کے دولہن کا ذکر ہے - اور چونکہ انہین مقدسون کا مجموعہ برہ کی دولہن ہے
اسلئے اِن کی پوشاک بھی وہی ہے ۔

۱۵ آیت (۱۵) (اُسکے مونہہ سے تیز تلوار نکلتی ہے) ۱ باب کی ۱۶ - آیت
مین مسیح کی بابت یہہ کہا گیا (لوہے کے عصا سے اُنکی چوپانی کریگا) یہہ بھی
۲ باب ۲۷ - آیت مین مسیح کی بابت کہا گیا - اس آیت کے اخیر جملہ کا وہی مضمون ہے جو
۱۴ باب ۱۰ - آیت سے ۲۰ تک ہے خصوصاً ۱۹ وین اور ۲۰ - آیات مین اور لفظ خوف
زور ہے جسکا مطلب ہے وہی خود دیکھو یسعیاہ ۶۳/۳ قہر و غضب کا لفظی ترجمہ ہے
(قہر کا جوش)

(۱۶) (اُسکی پوشاک پر اور اُسکی ران پر) یعنے پوشاک کے اُس
حصہ پر جو ران پر تھا ران کا ذکر اسواسطے ہوا کہ ران پر تلوار حمائل کیجاتی ہے - مگر
اُسکے تلوار تو اُسکے مونہہ سے نکلتی تھی دیکھو ۱۵ - آیت مگر یہہ نام اوسکے تلوار کی
جگہہ پر لکھا ہوا تھا تاکہ ہر ایک اوس سے خبردار رہے اور ۴۵ زبور ۳ - آیت مین مذکور
ہے کہ اُس پہلوان کی تلوار حشمت و بزرگواری ہے یعنے یہی اُس کی تلوار ہین
ویسا ہی یہان (یہہ نام) تلوار کا کام دیتا ہے - ۱۷ باب ۱۴ آیت مین یہی نام
مذکور ہے برہ کے فیروزمندی کا یقینی بیان ہے ان دونون مقامون مین
اشارہ ہے اول تمطاؤس ۶ باب ۱۵ - آیت کی طرف جہان خدا باپ کا یہی نام
ہے جیسا کہ ۱۶ وین آیت سے ظاہر ہے - پس جو القاب رسول پولُس خدا
باپ پر صادق لایا وہی القاب یہان یوحنا رسول مسیح پر صادق لاتا ہے جس سے ان دونون
کا ہم مرتبہ ہونا ظاہر ہے ۔

۱۸ آیت مین کل پرند بلائے جاتے ہین تاکہ وہ لاشون کو کہامین اِس سے بڑی فتح کا پورا یقین نکلتا ہے گویا کہ ہو چکے بہت سی لڑائیون مین ایسا ہی ہوا وقوع مین آیا چنانچہ شاہ فارس جب سکندر کے ساتھ لڑنے کو نکلا تو اپنے ساتھ بہت زنجیر لایا جو اِس لئے بنائے گئے کہ سکندر کو اور اوسکے مصاحبون کو اِن سے باندہین مگر جب شاہ فارس نے شکست کہائی تو سکندر نے وہی زنجیر فارسیون کے گلے مین ڈلوائے اِسکا اصل مقام حزقیل ۳۹ باب ۱۷ آیت سے ۲۰ آیت تک ہے وہان بہی یہی فرمان پیغمبر سے دیا گیا۔ اِس فرشتہ کا سورج مین کہڑا ہونا اِسلئے ہے کہ وہان سے سب پرند اُس کی آواز سن سکین یہ ضیافت اُس ضیافت کا جواب ہے جو ۹ وین آیت مین مذکور ہے ہر ایک کے لئے مقرر ہے کہ اِن دونون مین سے ایک نہ ایک مین شریک ہو +

۱۹ آیت (۱۹) اِسمین درندہ اور بادشاہان اور افواج دکہائی دیتی ہین جو اِس لئے جمع ہوئین کہ سوار سے لڑائی کرین جیسا کہ ۱۶ باب ۱۶ و ۱۴ آیات مین مذکور ہے ۱۔ اُسی لڑائی کا بیان یہان تفصیل سے کیا گیا۔ اب یا تو یہ ہوسکتا ہے کہ یہ پیشگوئی پوری ہو چکی ۱۱۔ اِبتداء مین کہی گئی۔ البتہ ۱۷ باب سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ پیشگوئی کچہہ تو اُس وقت پوری ہوئی جب مسیح مر گیا اور یہہ بہی اوس اثر سے ٹہیک ٹہیک ہنوز نہیں پوری ہوئی تہی درندہ کی فوجین تو ابتک آگے ہین مگر مسیح کی آپ ہی فوج ہے جیسا سیہ سالار وہ خود ہے اب اِن دو فوجون کا مقابلہ ہوا اگرچہ نہین لکہا ہے کہ اون مین لڑائی ہوئی تہی۔

۲۰ آیت (۲۰) آیت مین لکہا ہے کہ درندہ پکڑا گیا چنانچہ ایسا ہی ما جرا کئی دفعہ پرانے عہد نامہ مین وقوع مین آیا دیکہو خروج ۱۴ باب مصریون کا قلزم مین ڈوب جانا اور قواریخ ۲۰ باب جب تین قومین یہوسفط پر چڑہین اور یسعیا ۱۲ باب ۱۴ آیت مین بیان ہوا کہ وہ تو اپنی زور عظیم کے سبب خدا کے ساتہ لڑنے کو اکٹہے ہونگے مگر برعکس اسکے یہہ جانا چاہئے کہ مطلق خدا کا زور عظیم ہے۔ اُنکا فتحمند ہونا تو بطرف لڑنے کا موقع بہی اون کو نملا اور درندہ پکڑا گیا۔ یہہ درندہ آٹہوان سر ہے جو دس سینگون کے مجموعہ سے بن گیا دیکہو ۱۷ باب ۱۱ آیت اور یہہ درندہ پہلا درندہ ہے جو دجال ہے۔ پس یہہ درندہ

پکڑا گیا اور لکہا ہے کہ اوس کے ساتھی بہی پکڑے گئے - مگر اوس کے بعد ہی تفسیر کے طور پر لکہا ہے جہوٹھا نبی یعنے پہلے ہمراہیون کا ذکر جمع مین کیا گیا اور بعد از ان واحد لکہا - مگر ہم سمجھ سکتے ہین کہ ۲۱ وین آیت مین جن لوگون کا ذکر ہے وہ بہی درندہ کے ہمراہ ہین مگر ۲۰ وین آیت مین یوحنا نے جہوٹھے نبی کا اتنا ذکر کیا کہ ہر آیت مین پہر نیا جملہ شروع کرنا پڑا (جہوٹھا نبی) یہہ وہی ہے جسکا ذکر ۱۳ وین باب مین ہوا - کیونکہ ان دونون کے اوصاف ایک ہی ہین یہہ نبی پہلے درندہ کا یار تہا . اور ہمدم ہے - حتی کہ پہلا درندہ اس بغیر کچہہ کر نہین سکتا ہے - کیونکہ . روحانی زور کے بغیر مادہ مین کچہہ طاقت نہین ہے اور ۱۳ وین باب مین اس جہوٹھے نبی کا ایسا بیان مندرج ہے جو چہٹوین مہر کے ظہور کے وقت وقوع مین آیا تہا - لیکن یہان سے معلوم ہوگیا کہ وہ نبی آخر تک درندہ کے سب سنگیون اور سردون کے ساتہہ ہوتا رہا اور اپنا کام کرتا آیا (آگ کی جہیل) پہلے اسی جگہہ اسکا ذکر ہے - اس باب کے شروع مین تو صدوم وعموره کی طرف اشارہ ہو اگر بیان ممکن سمندر کیطرف اشارہ ہے جس کے کنارہ پر یہہ شہر آباد ہے اس کا مطلب ہے کہ درندہ اور جہوٹھا نبی آگ کی جہیل مین ڈالے گئے - کیونکہ اس کے پیشتر ہم نے ان دونون کو دو قدرتین تصور کیا - لیکن معلوم ہوتا ہے کہ یہہ دونون قدرتین آخر کار دو آدمیون سے مجسم ہو کر ظاہر ہونگے .

(۲۱) (باقی) یہہ وہ لوگ ہین جو درندہ کی طرفداری کر کے مسیح کے مخالفت کرتے رہے ان کی بابت یہی کہا کہ ایک تحت مارے گئے اور نہین لکہا کہ جہیل مین ڈالے گئے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اون کے صرف جسمانی موت ہوئی ◆

باب بستم

کلیسیا کے جو تین خاص دشمن ہیں اُن میں سے دوسرے اور تیسرے کی
ہلاکت کا مذکور اوپر کی آیات میں ہو چکا - اِس باب کی ابتدائی آیات میں پہلے
دشمن یعنے شیطان کی ہلاکت کا بیان ہے

۱-آیت (۱) [illegible] زیر سمجھ کی درست ہے یا نہیں ہو - اس دوسری
رائے کی [illegible] ہے - پہلے باب میں مسیح نے کہا کہ موت
اور عالم ارواح کی کنجیاں [illegible] توجب کنجیاں [illegible] اُسکے پاس ہیں تو اتھاہ
گڑھے کی کنجی [illegible] ہو سکتی ہے - اور ۹ باب کے شروع میں ایک
ستارہ کی بابت لکھا ہے [illegible] اتھاہ گڑھے کی کنجی اُسکو دی گئی [illegible] بیان لکھا ہے کہ
وہ اُسکے پاس تھی - اور اگر ۱۲ ویں باب میں شیطان کا آسمان پر سے زمین پر
گرانیوالا مسیح ہے تو معقول معلوم ہوتا ہے کہ یہی اب اپنے کام کو انجام دیکر
اسکا باندھنے والا بھی ہوگا - اور متی ۱۱ باب ۹ - آیت میں مسیح نے اپنے تئین
زورآور کا باندھنے والا کہا ہے +

(بڑی زنجیر) اسکا مطلب ہے خدا کا مقصد جو ٹل نہیں سکتا ہے - یہاں شیطان
کے جو تین نام لکھے ہوئے ہیں وہ ۱۲ ویں باب میں مذکور ہوئے - اِس سے یہ دلیل
کچھ زور پکڑتی ہے کہ وہاں کا گرانے والا اور یہاں کا باندھنے والا ایک ہی ہے +

(ایساء کتابی ...) ... اور ... کی حیا ہے ...
یعنی شیطان اور شریر ... کے لئے ابدی عذاب کی ...
ہے۔ کوئی ... ہے اس جہان میں شیاطین کا ... ہے ...
... آیت میں اشارہ ہے۔

(۱) ... کی بابت تین رائے ہیں۔ اول یہ کہ ...
کی ... دو ... میں ... ہزار برس کا وقت ... ہے جس کا مطلب یہ
ہے کہ اس زمانہ میں شیطان کا ... پر ... دوسری رائے یہ
... سے ... عذاب ہونے ... وقت ...
... ہے وہ اس ہزار برس ... وقت ہے خواہ وہ ...
... پہلی رائے والے ... ہیں کہ ... باب سے ... کتاب ...
... شروع ہوتا ہے اور یہ کہ ۱۹ ویں باب کے آخر میں دنیا ...
... باب سے ... یہی بیان ... ہوتا ہے۔ لیکن دوسری رائے
والوں کو ... ہے۔ ۱۹ ویں باب کے آخر میں دنیا کی آخرت کا بیان
... ہو جانے کا ... تیسری
... ہزار برس کا ... نہیں ... خواہ ... وقت کا
... خواہ ایک مدت ... ہو ...
... وقت ...
... معقول ...
... پہلی راستہ ...
... معقول ...
... اسی طرح ... بیان ...
میں ... ۱۹ ویں اور ۲۰ ویں بابوں میں ایسا مضبوط تعلق ...
کہ کسی طرح سے اسباب کو ...

آتھیں ... سب لوگ تیسری رائے کو مانتے تھے لیکن وہ اُسکو ایک طور پر سمجھتے تھے - کہ کلیسیا مسیح کے ساتھ ہزار برس تک اس دنیا میں بادشاہت کریگی اور سب طرحکی جسمانی خوشی اور آرام کے ساتھ رہیگی .. معلوم ہوتا ہے کہ اسی سبب سے دوسرے زمانہ میں کلیسیا نے اُس رائے کو رد کیا چنانچہ دوسرے زمانہ کے مشہور معلم اگستین اور خریسُستم اور بیرونم نے پہلی رائے کو قبول کیا - تیسری رائے کے ماننے والے کلیسیا میں (کھیلی آستا) کہلاتے تھے اور ان دنون (میلانری) یعنے (ھزاری) [illegible] انگلستان کے ۴۲ عقیدون کے عقاید نامون میں اس رائے کے ماننے والے بیزار ہوکے گئے لیکن ان دنون میں خصوصاً لندن اور امریکہ میں بہت پھیلے ہوئے ہیں -

۴ آیت (۴) اور مین نے تختون کو دیکھا کہ لوگ اُن پر بیٹھے ہیں اور عدالت انھیں دی گئی یہہ بہت مشکل ہے کہ یہ وہی لوگ ہین جنکا ذکر بابعد آیت میں ہوا کہ وہ زندہ ہوئے اور ہزار برس تک مسیح کے ساتھ بادشاہت کی یا کہ دوسرے لوگ ہیں - اگر ہم اونکو ایک سمجھین تو انکی عدالت کرنیکا یہہ نتیجہ ہوا کہ یہہ لوگ [illegible] میں [illegible] زندہ ہوئے اور انہون نے مسیح کے ساتھ ہزار برس تک بادشاہی کی پر اگر دوسری رائے کو قبول کرین تو اُس سے اور متی ۱۹ باب [illegible] ۲۲ باب ۳۰ آیت سے مطابقت ہوجاتی ہے پس اس رائے [illegible] ہم یہہ سمجھتے ہین کہ یہہ تخت نشین [illegible] رسول ہین اور انہون نے خدا کی مرضی سے یہہ [illegible] دیا کہ مومنین زندہ ہون اور بادشاہت کرین - اگر ہم پہلی رائے کو مانین تو اوسکی تشریح [illegible] متی ۶ باب ۲ اور ۳ آیات اور [illegible] باب ۲۲ آیت کے بیان سے ہوتی ہے جہان لکھا ہے کہ مقدسون کو عدالت دی گئی تو بھی یہہ [illegible] معلوم ہوتا ہے کیونکہ [illegible] دنیا [illegible] ایمان لوگ جا عدہ مذکور نہیں ہوتے ہین کہ اونکی عدالت کیجائے البتہ ممکن تو ہے کہ عدالت ہوئی مگر ان لکھا نہین ہے کہ وہ کیونکر حاضر ہوئے اور انکی عدالت کی گئی +

... ہے جیسا کہ رسول نے کہا کہ اگر ہم اُسکے ساتھ ہو گئے دکھ اٹھا دین ... اسکے ساتھ بادشاہی بھی کرینگے۔

(۵) (پہلی قیامت) پہلی بات یہ والون کو مجبور ہو کے یہہ کہنا لازم آتا ہے کہ یہہ پہلی قیامت روحانی ہے اور دوسری قیامت جسمانی ہے۔ لیکن یہہ بہت مشکل ہے اس لئے کہ اگرچہ روحانی قیامت کہین کہین قیامت کہلاتی ہے تو بھی وہ کہین پہلی قیامت نہین کہلاتی ہے اور اس کتاب مین اون پہلے معنون مین بھی مذکور نہین ہوی۔

۶۔آیت (۶) (مبارک اور پاک وغیرہ) یعنے اُس وقت اس شرکت سے بہت بابرکت ... ایک اور مقدس ہین۔

(ایسون پر دوسری موت اختیار نہین پاتی) جیسے ۲ باب ۱۱ آیت مین مذکور ہوا۔ البتہ پہلی موت نے تو ان پر اختیار پایا پر وہ اس موت سے جی اُٹھے ہین دوسری موت کو اب اُنکے ساتھ کچھ علاقہ نہین ہے۔

کہانت اور بادشاہت کا ذکر مکاشفہ کی کتاب مین اکثر آیا ہے۔ اِن کے دو درجے ہین اول یہہ کہ اب بھی ہم کاہن اور بادشاہ ہین دوم یہہ کہ موت کے بعد بھی ہونگے۔

۷۔آیت (۷) قابل لحاظ ہے کہ قید خانہ سے چھوٹا ہوا شیطان اژدہا نہین کہلاتا ہے مگر صرف شیطان۔ اسکا سبب یہہ ہے کہ وہ اژدہا اسلئے کہلایا کہ وہ درندہ کا بانی تھا مگر اب تو درندہ ہلاک ہوا پس اس لئے اژدہا کی خصوصیت اس مین سے جاتی رہی۔

۸۔آیت (۸) اب شیطان حرص کے پھر اپنے پہلے کام کیطرف متوجہ ہوتا ہے یعنے لوگون کو ورغلاتا اور پھراتا ہے کیونکہ وہ اپنی آزادی کی حالت مین مسیح کی مخالفت کا کبھی نہین چھوڑ سکتا ہے اب وہ یہہ جیسا ۱۶ باب ۱۴ آیت مین مذکور ہوا لوگون کو مسیح کے ساتھ لڑنے کے لئے اکٹھا کرتا ہے۔ باوجودیکہ پہلی دفعہ وہ یکلخت ہار گئے

سکتے ہیں مگر تو وہ ابہام لئے [illegible] ہے [illegible] تھا پر یہ ہو سکتا ہے
اس فاسد خیال سے باز آنے [illegible] اور [illegible] ایک [illegible]
میں سب کے سب توبھی نہیں ہو جاتے [illegible] انکے ابعد [illegible] کے
ان کی ابعداری کی [illegible] سے انکلتی [illegible]
بعد وہ جمع ہوئے بلکہ پیدا شیطان وکوشش کرنے [illegible] نکالا اور [illegible]
ہونے کی یہ دلیل ہے کہ سب شیطان نہ تھے تھا [illegible] کی تو نہیں
وسے سکتا تھا تو بھی انکے [illegible] برائی رہی [illegible] وہ [illegible] شیطان
کی بات [illegible] ہے۔

(دوزخ میں [illegible] عاروں [illegible] [illegible]
زمین [illegible] لئے متعلق ہے [illegible] [illegible]
سب [illegible]

(کون [illegible] اگنی [illegible] شریح [illegible] ۱۹۹ [illegible]
آگنی سے ان [illegible] [illegible] کی [illegible]
کوئی [illegible] قدرت [illegible] [illegible] کے آنے
سے پوری ہوئی جب نبی اس بجالی [illegible] کوشش کر کے [illegible] سکتے ہیں۔
آیا مجھ پر پھر تو کوئی مصیبت یا دشمن نہیں پڑے گا اس [illegible]
میں خدا [illegible] کہ کوئی کیوں ہو۔ میں تیرے سارے دشمنوں کو برباد کر [illegible]
سب پر غالب آئی گی۔

(ماگوگ) یافث کا ایک بیٹا تھا دیکھو پیدائش ۱۰:۲ اور یوسیفس مورخ کی
کتاب میں مذکور ہے "کہ ماگوگ وہی ملک ہے جسکو یونانی لوگ [illegible] کہتے
تھے اور ان لوگوں کو یونانی یہ نام دیتے ہیں [illegible] سے بہت [illegible]
کی طرف رہتے تھے ان کا ملک روس میں شامل ہے۔ [illegible] کی کتاب میں [illegible]
نام سکوتی ہے خرقیل کے مذکورہ دو بابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا [illegible]

ہین ۔ ہے بلکہ معنوی ۔ یعنی یہہ کہ کلیسیا کا کوئی دشمن کیون نہ ہو مین اُسکو کامیاب نہ ہونے دونگا اگر یہ زمین کی چارون حدون سے چڑہ آوے اِسبات کے ثبوت دلائل ہین اول یہہ کہ حزقیل مین (ماگوگ) کے بادشاہ بنام گوگ کا ذکر ہے سے ... اُسکا ... شاہ ہوئی کہین نہین گذرا سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی نے اِس نام کو ماگوگ کے نام سے وضع کر لیا کیونکہ عبرانی زبان مین جیسے عربی مین میم حرف مکان کو بتاتا ہے ایسا ہی میم ماگوگ مین ہے جسکا مطلب ہے گوگ کی جگہہ ۔ دوسری دلیل یہہ ہے کہ حزقیل ۳۸ ۔ ۵ و ۶ ۔ آیات مین اُن قومونکا ذکر ہے جو گوگ کے ساتھ ہو کے چڑہ آنے والے ہین اور وہ قومین اُنکا وطن اطراف مین رہتی تہین یعنی شام کو نہ بالکل دکہن کی طرف تہا تیسری دلیل یہہ ہے کہ حزقیل ۳۸ ۔ ۱۷ ۔ آیت مین لکہا ہے خدا کے سارے نبیون نے اسکی پیشگوئی کی لیکن نام ... کسی نے نہین کی پس معلوم ہوتا ہے کہ حزقیل مین یہہ نام تشبیہی ہے اور حزقیل سے بہی زیادہ مکاشفہ مین کیونکہ حزقیل مین تو ماگوگ ... گوگ کہلایا ۔ مگر مکاشفہ مین گوگ ماگوگ ... اُنکو ... کہی گویا وہ ... قومین تہین ۔ اور نیز اُن سب قومونکا یہہ نام ... جو زمین کے چارون اطراف مین رہتی ہین نہ صرف انکا جو شمال مین رہتی ہین اسی طرح یہہ نام یہودیون مین مستعمل ہوتے تہے چنانچہ یروشلم کے ترگوم مین لکہا ہے کہ زمانہ کے بالکل آخر مین گوگ ماگوگ اور اُن کی افواج یروشلم پر چڑہ آوینگی اور خود مسیح بادشاہ اپنے ہاتہہ سے اُنکو گرادیگا اور شکستہ کریگا اور بنی اسرائیل سات برس تک اُنکے ہتہیارون کو جلاتے رہینگے الغرض اُن سے وہ دشمن مراد ہے جو سب سے آخری دشمن نمودار ... ہونگے ۔

(انکا شمار سمندر کی ریت کی مانند) یہہ محاورہ پرانے عہدنامہ مین بہت ملتا ہے دیکہو یشوع ۱۱ ۔ ۴ کنعانیون کے حق مین اور قاضی ۷ ۔ ۱۲ مدیانیون کے لیئے ... مین مستعمل ہوا ۔

(۹) (وہ زمین کی چوڑائی پر چڑھ گئے) دیکھو حبقوق ۱-۶ مقدسون کے خیمہ گاہ اور محبوب شہر ایک ہی شے ہے۔ یہ دو نام ہیں ہم نہین کہہ سکتے ہین کہ انکا مطلب بالکل لفظی سمجھا جاتا ہے یا تشبیہی یعنے یہ کہ کلیسیا خود ایک شہر کہلاتی ہے یا کہ فی الحقیقت ایک شہر ہوگا جسمین کلیسیا کے لوگ بسینگے البتہ خیمہ گاہ سے یہ تو ظاہر ہوتا ہے کہ اس ایک ہزار برس مین بھی کلیسیا کی ایسی حالت ہوگی کہ گویا وہ ایک خیمہ مین رہتی ہے یعنے خطرہ بالکل نہین جاتا رہیگا نہین تو خیمہ گاہ نہ کہلاتی۔ شہر کو محبوب اس لئے کہا کہ شہر تو کلیسیا ہے جو نور سے منور ہوتی ہے اور وہ مسیح کی محبوبہ ہے۔

(خدا کی آگ الخ) جیسا سدوم اور عمورہ پر اور ایلیاہ کے دشمنون پر اتری ویسا ہی یوحنا نے بھی بے موقع جانا کہ مسیح کے رد کرنے والون پر اترے حزقیل ۳۸-۲۲ اور ۳۹-۶ مین بھی ایسا ہی ذکر ہے۔

(۱۰) اس مین اصل دشمن کی اخیر ہلاکت کا ذکر ہے کہ وہ پہلے تو آسمان سے گرا دیا گیا اور اتھاہ کنوئین مین ڈالا گیا تھا مگر اب آگ اور گندھک کی جھیل مین ڈالا جاتا ہے متی ۲۵-۴۱ مسیح نے کہا کہ وہ آگ خصوصاً شیطان ہی کے لئے تیار کی گئی ہے۔

(۱۱) پہلی آیت مین بھی تختون کا ذکر ہے مگر یہ تخت ان سے الگ ہے اور اس لئے بڑا اور سفید کہلایا کہ جو عدالت اُسپر بیٹھکر کیجاوے گی وہ سراسر بے عیب ہوگی اسپر جو تخت نشین ہے وہ کون ہے؟ ۴ و ۵ بابون مین وہ خدا باپ ہے مگر یہان مسیح کو اس سے الگ نہین کر سکتے ہین جسنے ۳-۲۱ مین کہا کہ مین بھی غالب ہوا اور اپنے باپ کے ساتھ اُسکے تخت پر بیٹھا اور ۲۲-۱ مین یہ تخت خدا باپ اور برہ کا تخت کہلاتا ہے اسی طرح یہ مقام ان مقامون کے برخلاف نہین ہوگا جہان مسیح دنیا کا منصف کہلاتا ہے۔ جب وہ عدالت کریگا تو زمین اور آسمان اُسکے سامنے سے بھاگ گئے یہ نہین کہ ایک جگہ سے بھاگ کے دوسری جگہ چلے گئے بلکہ انکے لئے

بھی نہیں ہوئی ۔ لیکن اسکا مطلب یہہ نہیں ہو سکتا کہ وہ بالکل نیست ہو گئے ۔ یہان اُن کا صرف اُس حالت کی نیستی کا ذکر ہے جو اُن کی اب ہے اسکا بیان ۲ پطرس ۳ ۔ ۷ ۔ ۱۰ ۔ اور ۱۲ ۔ آیات مین ہے جہان مذکور ہے کہ یہہ آگ کے وسیلے سے ہوگا اور آگ سے کوئی چیز [illegible] نہیں ہو جاتی صرف اُسکی تبدیل حالت ہو جاتی ہے ۔ اگر دفعۃً تو [illegible] مان و زمین [illegible] ہوتے مگر یہان زمین و آسمان ۔ اسکا سبب یہہ ہوگا کہ گناہ زمین ہی پر ہوا [illegible] [illegible] کی تبدیل کا سمجھنا ذرہ مشکل ہے اتنا تو صاف ہے کہ اصل آسمان [illegible] نہین یہہ سلف کہ جیسے آسمان بھی انسان کے گناہ کے سبب بگڑ ہو [illegible] کا [illegible] وقت [illegible] پڑا گناہ کے سبب سے ہے

۲۰ ۔ آیت ۱۲ ([illegible]) [illegible] تو نہین لیکن تو بھی یہہ صاف ہے [illegible] [illegible] [illegible] اشخاص پیش آیا ہے کہ یہہ عدالت [illegible] لوگوں کی ہے [illegible] [illegible] ان لوگون کی عدالت تو شامل ہے جنکا ذکر آخر [illegible] کے جنبل مین ڈالے گئے مگر اس مین شک ہے کہ [illegible] مقدسون نے ہزار برس تک مسیح کے ساتھ بادشاہی کی اُن کی عدالت اس مین شامل ہے یا نہین ۔ یہہ امر نہایت مشکل ہے اس کے دونون طرف کلام اللہ کے آیات مین ایک طرف تو مسیح کہتا ہے کہ جو مجھکو دیکھتا ہے اور میرے بھیجنے والے پر ایمان لاتا ہے وہ عدالت مین نہین آوے گا ۔ یوحنا ۵ ۔ ۲۴ ۔ البتہ یہہ آیت مشکوک بھی ہے کیونکہ عدالت کے لیے جو یونانی لفظ ہے کبھی اُسکا مطلب سزا بھی ہے لیکن پھر بھی ۲ قرنتی ۵ ۔ ۱۰ مین پولوس رسول نے یہہ صاف کہا کہ ہم سبھون کے لئے ضرور ہے کہ عدالت مین حاضر ہون پس ان دونون کے مقابلہ کرنے سے یہہ نتیجہ تو صاف نکلتا ہے کہ اُن کی عدالت ایسی نہین ہوگی جیسی دنیا کے بیدین لوگون کی ہوگی [illegible] اس طرح اور اسواسطے نہین ہوگا کہ اُن کے موافق اُنکو نجات ملے یا نہ ملے لیکن صرف اس لحاظ سے کہ ہمیشہ کی زندگی مین اُن کو کتنی خوشی

اور کیسا درجہ ملے۔ اور یہی اُنکی عدالت ہے پھر دونوں طرف کئی ایک مشکلات ہیں ایک طرف تو یہہ کہ کیونکر جی اوٹھنے کے بعد اتنے دن اُنکے عدالت ہوئی۔ دوسری طرف یہہ کہ اگر یہاں مقدسوں کی عدالت نہیں ہوئی تو اور کہاں ہوئی اور کہیں ذکر نہیں ہے اور نیز لکھا ہے کیا چہوٹے کیا بڑے جس سے معلوم ہوتا ہی کہ یہاں کل آدمی شامل ہیں اور نیز اگر ہم مقدسوں کو اس عدالت میں شامل نہ سمجھیں تو زندگی کی کتاب میں کن کے نام لکھے ہوئے ہونگے البتہ اُنکے نام بہی اُس کتاب میں درج ہونگے جنہوں نے اس زندگی میں حقیقتاً یا کہ مسیح پر ایمان لائے ہیں اور موت کے بعد اُنکی خبر آگئی ایمان لائے صرف مقدسوں کا یہاں پر اونکا ذکر ہونا ہو پر اونکا تو صرور ہے جنہوں نے اپنی زندگی میں خبر نہ پائی۔

۱۴ آیات (۱۴) (موت اور پاتال آگ میں ڈالے گئے) یعنے لفظی موت اور پاتال نیست ہو گئے کیونکہ اُن کے عوض اب آگ کی جہیل ہے اُن کی اب کچہ حاجت نہ رہی کیونکہ اسکے بعد تو کوئی مرا اور نہ پاتال میں گیا (آگ کی جہیل) یہہ الفاظ نہایت خوفناک کے ساتھ تین بار ان آخری آیتوں میں آتے ہیں کیونکہ بیسیوں میں ۱۴ وین آیت کے آخر میں یہہ الفاظ بڑہائے گئے ہیں کہ" (دوسری موت آگ کی جہیل ہے)۔

۱۵ آیت (۱۵) (اگر کسیکا نام) ۔ نہ پایا گیا) اگر یہاں صرف مقدسوں کا ذکر ہوتا جنہوں نے ہزار برس سلطنت کی تو (پایا نہ گیا) یہہ لفظ نہایت عجیب ہوتے کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتاب میں بہت سے نام پائے گئے جنکی امید نہ تہی مگر مقدسوں کی بابت ایسا گمان بہی نہیں کر سکتے ہیں پس معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بہی اُن کی طرف اشارہ ہے جنہوں نے اپنی زندگی میں مسیح کی خبر پائی تہی اور ۱ پطرس ۴: ۶ میں بہی اُنکی طرف اشارہ ہے۔ اس تمام حصہ سے یہہ ثابت ہوتا ہے کہ کوئی اپنے اعمال سے نجات نہیں پا سکتا ورنہ اعمال کی کتابوں کے سوائے ایک اور کتاب کی کیا ضرورت ہوتی۔

باب بست و یکم

۲۱ واں و ۲۲ واں باب مکاشفہ کی کتاب کا آخری حصہ ہے ۲۱ ویں باب کی
۹ ویں آیت سے ۲۲-۵ تک ایک پیراگراف ہے جسکا مطلب ہے نئی یروشلیم۔
اور اِس باب کی پہلی ۸۔ آیات اِس پیراگراف کا دیباچہ ہے اور ۲۲-۶ سے آخر
تک خاتمہ ہے اِس لیئے ۲۱ ویں و ۲۲ ویں بابوں پر کہ نامی جلیل کے میر مجلس کا
وہ قول صادق آتا ہے کہ مسیح نے اچھی مے کو آخر تک رکھ چھوڑا۔ یہہ حصہ نہایت ہی
دلکش اور امید انگیز ہے جبکہ پرانا زمین و آسمان ٹل گئے تو ضرور تہا کہ اُسکے عوض نئے ہوں
تب وہ پیشگوئی پوری ہوگی جو یسعیاہ ۶۵-۱۷ میں کی گئی اور اِس کامل طور پر پورے ہونیکا
ذکر پطرس نے کیا ۲ پطرس ۳ باب ۱۳۔ آیت +

۱۔آیت (سمندر اور نہیں) یہہ فقرہ مشکل ہے بعضوں نے اِس کا مطلب مطلق
تشبیہی سمجھا ہے کیونکہ اکثر اِس کتاب میں مختلف قوموں کے جوش وخروش کو سمندر سے
تشبیہہ دیگئی پس وہ کہتے ہیں کہ اِس فقرہ کا مطلب ہے کہ یہہ جوش وخروش اور
نہیں ہوگا کیونکہ شریر لوگ نہیں رہینگے جنکو یسعیاہ [illegible] باب آخری آیت میں موج
زن سمندر سے تشبیہہ دی گئی۔ البتہ یہہ مطلب اِسمیں شامل تو ہے لیکن یہی اِسکا پورا
بیان نہیں ہے۔ کیونکہ اگر ہم سمندر کو بیان تشبیہی سمجھیں تو نئے آسمان اور نئی زمین کو

بھی تشبیہی سمجھنا ہوگا لیکن ہمنے دیکھا کہ مکاشفہ کے آخر میں زیادہ تر لفظی مطلب بھی
ضرور ہے پھر بعض کہتے ہیں کہ اگر سمندر مطلق نہ رہیگا تو زمین کی خوبصورتی جاتی رہیگی
لیکن زمین کی خوبصورتی کے لئے سمندر کا بڑا وسیع رہنا کچھ ضرور نہیں ہے کیونکہ
خوبصورتی اس میں نہیں کہ وہ اتنا بڑا وسیع رہے بلکہ اس میں کہ خشکی اور تری آس پاس
ہیں جیسے جھیل سے خوبصورتی ہوتی ہے۔ سمندر کے جاتے رہنے سے خوبصورتی
جاتی نہیں رہتی بلکہ زیادہ تر خوبصورت ہوگی کیونکہ سمندر اکثر بنجر کہلاتا ہے۔ البتہ اب یہ
راستہ بھی ہے یعنے اب جہاز ہر ملک میں اسی رستے جا سکتے ہیں مگر اگر زمین خشک
ہوتی اور اس میں سڑک ہوتی تو سمندر کے راستہ ان کی نسبت زمین کے راستے
اچھے ہوتے۔

(۲) اسمیں رسول نے نئے یروشلم کو آسمان پر سے اترتے دیکھا اسکا ذکر
زیادہ مفصل بیان بعد میں ہوگا گلاتی ۴-۲۶ میں پولوس رسول نے کلیسیا کو
اوپر والے یروشلم کہا جسکا مطلب ہے کہ اب بھی کلیسیا کی جڑ آسمان پر اور اوسکی
شاخیں زمین پر ہیں مگر وہ اسوقت اوپر والی یروشلیم زمین پر اوتر آویگی
اور اس حصہ سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ پاکیزگان کا مسکن اسی زمین
پر ہوگا۔ اکثر تو یہ محاورہ ہوگیا ہے کہ ابدی خوشی کے مکان کو آسمان کہتے ہیں لیکن
بیان سے اس محاورہ کے الٹا معلوم ہوتا ہے کہ ابدی خوشی کا مکان زمین پر ہے
البتہ سرسری نظر سے تو اس میں کمی معلوم ہوتی ہے اور اسی سبب سے بعض مفسرین
نے سمجھا کہ یہاں مقدسوں کے اس حال کا بیان نہیں جو ابدی ہے بلکہ صرف اسی حال کا
جو اس ایک ہزار برس میں ہوگا البتہ اس خیال کی مددگار اور بھی کئی باتیں آگے ملینگی
مگر ان سب کے برخلاف قوی دلائل ہیں اول یہ کہ اگر مصنف سلسلہ وار قیامت تک گفتگو
کرکے اوسکے بعد کے احوال کا کچھ ذکر نہ کرتا بلکہ پیچھے ہٹکے ان حالات کا بیان
کرتا جو قیامت کے پہلے گذرے تو یہ نہایت تعجب انگیز بات ہوتی۔ دوم ۲۰ باب
۱۱-۲۰ میں لکھا ہے کہ عدالت کے وقت آسمان اور زمین بھاگ گئے ... بیان

نیا ... جس سے پہلے تھے ... اور نئی زمین کو دیکھا۔ ظاہر ہے کہ یہہ نئے آسمان اور
نئی زمین پہلی جگہہ پر ... عدالت کے پیشتر ہرگز نہین ہو سکتا تہا۔ کیونکہ ضرور
یہہ ہوا کہ پرانی زمین اور آسمان نیست ہووین۔ سوم یہہ کہ اس نئے
یروشلیم کے بیان کے آخر یعنی ۲۲-۵ مین یہہ لکہا ہے کہ وہ ابدالآباد بادشاہی
کرینگے ... ۲۰-۴ مین لکہا ہے کہ ہزار برس تک بادشاہی کرینگے پس اگر یہان
ہزار برس کے حالات مذکور ہوتے تو کلیسا ابدالآباد تک اور ہزار برس تک بادشاہی کرنا
ایک ہی بات ہے ہرگز نہین ہے ✦

نئے یروشلیم کا کیا مطلب ہے اس مین بہی اختلاف ہے بعض سمجہتے ہین کہ اسکا
مطلب صرف روحانی ہے۔ [illegible] کلیسا کے نئی حالت کا دوسرا ایک نام ہے البتہ ہم مانتے
ہین کہ یہہ بہشت بہی اس مین ... اصل ... مگر صرف یہی نہین بلکہ ضرور ہے کہ اسکو لفظی بہی
سمجہین نئے یہان تک لفظی ... کی سکونت کے لئے ایک مکان ہوگا۔ جیسا جلال
و جمال ... سے باہر ہے۔ اگر کوئی پوچہے کہ ایسا بیان کیون کیا گیا تو اسکا
جواب یہہ ہے کہ یہہ بیان نئے یروشلیم کی صرف ایک تصویر ہے جو کلیسا کے سامنے
کہینچی گئی تاکہ وہ ہمیشہ کلیسا کے مد نظر رہے اور کلیسا اس سے خوشی اور تسلی حاصل کرے
جیسا کہ کوئی اپنے ... کی تصویر دیکہکر تسلی پاتا ہے ✦

یہ شہر پاک کہلاتا ہے البتہ وہ یروشلیم بہی پاک کہلاتا تہا جو اس دنیا مین تہا
مگر وہ فی الحقیقت ایسا نہ ہوگا۔ نئے عہدنامہ مین لفظ یروشلیم کی دو صورتین ہین
ایک عبرانی دوسری یونانی جو بگڑ کے بن گئی ان دونون مین سے بگڑی ہوئی
صورت کا یوحنا نے اپنی انجیل مین استعمال کیا مگر عبرانی صورت کا جو اصلی ہے
مکاشفہ مین استعمال کیا اسکا سبب یہہ ہے کہ انجیل مین یروشلیم کا مطلب ہے وہ
یروشلیم جسنے اپنے خداوند کو رد کیا اور غیر قومون کی مانند ہوگئے اس لحاظ سے
رسوائی ... اصلی نام ... بلکہ ... نام جو یونانیون نے بگاڑ کے اسکا رکہا تہا
مکاشفہ ... لفظی یروشلیم کا کچھ بہی ذکر نہین ہے بلکہ کلیسا یا کلیسیا کے ابدی سکون

کو وہ یروشلیم کہتا ہے اِسلئے اِس مین پاک نام کا استعمال بہی کرتا ہے۔ جب رسول نے نئے یروشلیم کہا تو اِس مین لفظی شہر یروشلیم کی طرف اُسنے کچھ بہی اشارہ نہین کیا بلکہ پرانے اور نئے یروشلیم دونون کلیسا ہین یعنے پُرانے یروشلیم اسکا این جہانی حال ہے اور نئے یروشلیم اسکا آن جہانی حال ہے ◆

(دولہن کی طرح طیار کی ہوئی) اِس بات سے یہہ ثابت ہوتا ہے کہ شہر سے مراد ہے کلیسیا۔ کیونکہ صرف کلیسیا ہی دلہن کہلاتی ہے ◆

(۳) خدا کا خیمہ آدمیون کے ساتھ ہے) اِسکا مطلب بالکل لفظی تو نہین ہو سکتا ورنہ یہہ اِس باب کے ۲۲ وین آیت کے برخلاف ہوتا۔ خدا کی سکونت یہان خیمہ کیون کہلاتی ہے اِسکا سبب یہہ ہے کہ پہلے پہل جب خدا آدمیون کے ساتھ سکونت کرنے لگا تو اُسوقت خیمہ ہی مین ظاہر ہوا اور وہ سکونت رفتہ رفتہ زیادہ حقیقت کی طرف بڑہتی گئی۔ اور مسیح کے مجسم ہونے سے زیادہ حقیقت کے قریب پہونچگئی جس کو رسول نے یوحنا ۱: ۱۴ - مین یون کہا کہ وہ ہمارے درمیان ڈیرہ کرکے رہا۔ مگر اُسوقت وہ سکونت بالکل حقیقی ہو جاویگی اور ایسی کامل سکونت ہوگی کہ پہلی سکونتین اِس کے سامنے گویا تہی نہین گویا اِس سے پہلے کبہی خدا اسنے سکونت کی نہین تہی جیساکہ اِس فقرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دیکہہ خدا کا خیمہ آدمیون کے ساتہہ ہے ◆

جیساکہ اکثر مکاشفہ مین ہم کو یہہ بات ملی کہ اب مقدس آسمان پہ ڈیرہ کرکے رہتے ہین مگر اُسوقت وہ خود خدا زمین پر اُن کے ساتہہ سکونت رکہیگا ◆

(وے اوسکی اُمّت ہونگی یا اُمّتین ہونگی) یہہ مشکوک ہے کہ یہان اُمّت ہے یا اُمّتین بعضون نے تو یون تفسیر کی کہ اُمّتین اسلئے کہا۔ کہ الگ الگ قومون کے لوگ اِس مین شامل ہونگے جو اُمّتین کہلا سکتی ہین۔ لیکن یہہ کتاب مکاشفہ کے برخلاف ہے۔ ضرور ہے کہ اُمّت سمجہین ◆

(وہ اُنکا عمانوایل ہوگا) یعنے عمانوایل کے وعدہ کا مطلب تب بالکل پورا ہوگا (اُنکا خدا) یہہ وعدہ توریت میں بہت پایا جاتا ہے جسکا مطلب یہہ ہے کہ اُسکے بارے میں الٰہی صفات اور خوبیاں اُن کے لئے استعمال میں آ دین کی الغرض یہہ سب وعدے جو اس آیت میں مندرج ہین لفظاً تو کچھ نئے نہین مگر مطلب اِن کا نیا ہے کہ سب پرانے وعدے کامل طور سے پورے ہونگے ۔

۴-آیت (۴) اس آیت میں اُن مکروہ اور ایذا دہ چیزوں کا ذکر ہے جو اس نئی یروشلیم مین نہین ہونگی ۔ اور یہہ بات کہ اُن کی آنکھوں سے ہر ایک آنسو پونچھیگا ۔ یہ بات آخری آیت میں … مین مذکور ہوئی ۔ اس آیت مین … تاکید موت پر ہے کہ وہ پہر نہوگی … اس مین یسعیاہ ۶۵-۲۰ کی طرف اشارہ ہے وہان بہی موت اور آنسو کا ذکر … جیسا بیان … ان دونو باتوں کا علاقہ … وہ ظاہر ہے (کیونکہ پرانی چیزین گذر گئیں) جیسا کہ پہلے آسمان و زمین جاتے رہے چنانچہ یسعیاہ ۶۵-۱۷ … سب … چیزوں سے خاص … اور سب تو ہو چکی … مصیبتین ۔

۵-آیت (۵) تخت نشین نے کہا کہ میں سب کچھ نیا بناتا ہوں)

… سب پر بڑا زور ہے لیکن افسوس کہ باوجود … پہر بہی ایک چیز ہے جو … وہ آگ اور گندہک کی جھیل ہے وہ ہرگز نہین ہوگی اور بہی گناہ … بعید ہے کہ نیست ہو سکتا نہین اور ابدالآباد … خدا کے خوف اور … شدید انتقام سے فقط یہی … رہتا ہے اور رہیگا خدا کی وہ بادشاہت … جسکے لئے … اور اس طرح اور اتنی مدت تک تیاری کی ایک … اب بہی سب چیزوں کو مسیح نیا کرتا ہے ۔ دیکھو ۲ قرن ۵-۱۷ کیونکہ … اسکی نئی حالت کی بنیاد ڈالی جاتی ہے جو نئے آسمان

اور زمین مین ہوگی اور اسوقت وہ بیج بویا جاتاہے جو ابدالآباد تک پہولتا اور پہلتا رہیگا (اس نے مجھکو کہا لکھہ) یہہ قول یوحنا کو ایسا بہاری [illegible] معلوم ہوا کہ اسکی بڑائی کے سبب اسکے یقین مین اُسنے شک ہوا۔ تو اُسکو یہہ [illegible] کرنا کہ اگرچہ یہہ بات تیرے تجربہ اور سمجہہ سے باہر ہے تو بہی بالکل [illegible] یہہ ضرور پوری ہوگی ✦

(۶) (اُسنے [illegible] سے کہا پوری ہوئی ہین) مطلب [illegible] مقرر [illegible] وقت [illegible] آویگا تو خدا کے سارے [illegible] وعدے [illegible] پوری ہوگی جیسے ۱۶ باب ۱۷ آیت مین۔ مگر کامل تعمیر کے لئے فعل [illegible] اور بہی زیادہ یقین دلانے کے لئے وہ اپنی ازلیت اور [illegible] جیسا کہ اس کتاب کے شروع مین جسکا مطلب یہہ ہے کہ [illegible] اسکے انتظام کو بہی پورا کیا وہ اپنے ارادہ کو [illegible] تم مجہے الفا مانتے ہو تو میرے [illegible] آمیگا ہونے مین [illegible] موعود مین وہ ایسی [illegible] ہین کہ [illegible] مین یہہ خیال [illegible] سے باہر ہین کسطرح ان کو پا سکو [illegible] مین مفت آبحیات کے چشمہ سے دونگا یعنے ہمیشہ زندگی [illegible] مفت [illegible] ہون ہر کسکو جو پیاسا ہے اور چاہتا ہے۔ یہہ [illegible] مین [illegible] ہے لیکن اُس دنیا کے واسطے ہوتا ہے جیسا خود خداوند [illegible] عورت سے کہا کہ جو پانی مین تجہے دونگا وہ ہمیشگی زندگی کے لئے [illegible] یوحنا ۴ باب ۱۴ آیت اور یوحنا ۷ باب ۳۷ آیت مین [illegible] کہ جو پیاسا ہو وہ میرے پاس آوے اور پیوے ✦

(۷) (جو غالب آتا [illegible]) اگرچہ یہہ سب کچہہ مفت ملتا ہے تو بہی [illegible] لڑائی کرنے اور کوشش کرنے کے بغیر نہین ملتا ہے۔ کیونکہ لکہا ہے کہ جو غالب آتا ہے وہی ان سب [illegible] کا وارث ہوگا۔ (مین اُسکا خدا ہونگا [illegible]) ۷-آیت

یعنے یہہ کہ کلیسیا کی سرفرازی سبہون کے اوپر ہے یہ محاورہ حزقیل ۴۰-۲ مین پایا جاتا ہے اور جہان خدا نے اسرائیل کی بحالی کا ذکر کیا وہان ہی اُسکی بلندی کا وعدہ کیا گیا دیکہو ۴۸ زبور ۲ جسمین زبور نویس نے اُسکو بلندی پر دیکہا +

(۱۱) اِس آیت سے نئے یروشلیم کا خاص ذکر شروع ہوتا ہے اور سب سے پہلے اُس چیز کا ذکر ہوتا ہے جس سے وہ بہری ہوئی ہے یعنے خدا کے جلال کا پہر ۱۲ سے ۱۴ تک اُسکی دیوارون و بنیادون اور دروازون کا بیان ہے اور ۱۵ سے ۱۷ تک اُسکی پیمایش کا ذکر ہے ۱۸ سے ۲۱ تک اون چیزون کا ذکر ہے جس سے وہ بنی ہوئی ہے ۲۲ سے ۲۷ تک اُسکے باشندون کا بیان ہے اور ۲۲ وین باب ۱ آیت سے ۵ تک اُن باشندون کی خوشیان مذکور ہوئین +

۱۱-آیت اِس آیت سے اُسبات کا بیان شروع ہوتا ہے کہ نئے یروشلیم کی معموری خدا کے جلال سے ہے حزقیل ۴۸ باب مین جس شہر کا ذکر ہے اُسکے بالکل آخری ۳۵ آیت مین اُس شہر کا نام یون لکہا ہے (یہوواہ شاماہ) جسکا ترجمہ ہے یہوواہ وہان ہے یعنے اُس شہر کا یہہ خاصہ ہوگا کہ وہان یہوواہ سکونت کریگا و رکہیگا - الغرض کلیسیا کا اِس دنیا مین بہی یہہ خاصہ ہے کہ یہوواہ اُسمین سکونت رکہتا ہے جیسا ۴۶ زبور ۵ مین کہ خدا اُسکے بیچ ہے الخ +

جس لفظ کا ترجمہ اُردو مین روشنی ہوا اصل مین وہی لفظ ہے جو پیدایش پہلے باب مین نیر کے لئے آیا جسکا لفظی ترجمہ ہے (روشنی دینے والی چیز) پہلی پیدایش مین خدا نے نیر بنائے تا کہ نور دیوین مگر اِس نئے پیدایش اور نئے یروشلیم مین خدا کا جلال ہی نیر ہے جس سے وہ منور ہو گئی اور گویا خود ایک نیر ہے کہ چارون طرف اپنی روشنی چمکاتی ہے +

۱۱-آیت (۱۲) (بڑی اور اونچی دیوار) دیوار حفاظت کے لئے ہوتی ہے مگر یروشلیم کے لئے تو کچہہ ڈر اور خطرہ نہین وہ ہمیشہ امن و امان کی حالت مین بے خطرہ رہتی ہے پس اِسکا مطلب یہہ ہوگا کہ اُسکی دشمنون کی نیستی اور نابودی ہی اوسکی دیوار ہے

جیساکہ یسعیاہ ۲۶-۱ مین ہے کہ یہوواہ کی نجات اُس نئے شہر کی دیوارین اور
برج وغیرہ ہوگی (بارہ پھاٹک اور اُن پر بارہ فرشتگان) جیسے حزقیل
۴۸-۳۱ مین - اور یہہ بارہ فرشتگان حفاظت کے لئے بارہ پھاٹکون پر ہین -
مگر یہان اُسکا ذکر عموماً کیا گیا - اِسکا سبب یہہ ہے کہ نئے عہد نامہ مین خاص کر کے
خطون مگر بالتخصیص کتاب مکاشفہ مین قومیت کا فرق بالکل مٹایا گیا اور اِن بارہون
سے یہان مراد ہے کل کلیسا جیساکہ پرانے عہد نامہ مین بارہون فرقون کا
مطلب ہے کل بنی اسرائیل +

۱۳- آیت (۱۳) اِس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ زمین کی جا چارون سمتون سے لئے
ہوئے ہین جیسے یسعیاہ - ۴۳ - ۵ و ۶ مین اور خود خداوند نے بھی فرمایا کہ چارون
سمتون سے لوگ آوینگے الخ +

۱۴- آیت (۱۴) (بارہ بنیادین الخ) معلوم ہوتا ہے کہ ہر دو دروازون کے بیچ مین
جو دیوار تھی اُسکی بنیاد ایک پتھر تھا اِس طرح اِن مین سے چار پتھر شہر کے کونون
کے پتھر ہونگے - ایسی بنیاد والی اور پائدار شہر کا انتظار عبرانی ۱۱-۱۰ مین کیا گیا +
(اِن بنیادون پر برّہ کے بارھون رسولون کے نام) اِس سے بخوبی
ظاہر ہے کہ کلیسا ابد الآباد تک رسولون کی بنیاد پر قائم رہے گی - جنہین مسیح نے
اپنے اِس دنیا مین ہونے کیوقت چن لیا - ضرور ہے کہ ہم یہوواہ کی جگہہ متیاہ کو سمجھین
اگرچہ اِن کے کامون کا ذکر بہت ہی کم ہوا اور لوگ اُن سے بہت زیادہ مشہور
ہوگئے - مثلاً پول رسول مگر خداوند کے جی اُٹھنے کی گواہی وہی دیتے تھے اور
انہین کی گواہی پر تمام کلیسا قائم ہے اور ابد الآباد تک رہیگی - اور اگر وہ بارہ
رسول گواہی نہ دیتے تو پول رسول سے کچھ کام نہو سکتا - البتہ پول رسول تو تھا مگر
اس کام کے لئے یعنے بنیاد ڈالنے کے لئے خداوند نے اُسکو نہین بلایا مگر بشارت
دینے کے لئے (برّہ کے رسول) جیسا پول رسول نے افسی ۲-۲۰ مین اِس
لحاظ سے کہ مبادا افسی لوگ رسولون کو بنیاد سمجھکر خود مسیح کو جو بنیادون کی بنیاد

سے بھول جاوین ۔ مسیح کو کونے کا سرا کہا ویسی ہی یہان یوحنا رسول فقط رسول
نہیں کہتا بلکہ برہ کے رسول اِسلئے کہ اگر وہ برہ کے رسول نہ ہوتے تو
کچھ بھی نہوتے ۔ یہان بارہ فرقون اور بارہ رسولون کے اکٹھا ذکر کرنے سے
معلوم ہوتا ہے کہ رسول نے پرانے اور نئے عہدنامہ کے کلیسیائون کو ملاکر بیان
بیان کیا ٭

(۱۵) جیسے یہان ویسے حزقیل ۴۰ - ۳۰ - اُس فرشتہ کے ہاتھ مین سرکنڈا
دکہائی دیا ٭

(۱۶) بارہ ہزار ستادئیون) معلوم ہوتا ہے کہ یہہ شہر کا رقبہ ہے ۔ اِس آیت
کا آخری فقرہ مشکل ہے ۔ کیونکہ اُس سے معلوم ہوتا ہے کہ شہر کی اونچائی اُسکی لمبائی اور
چوڑائی کے برابر ہے ۔ لیکن اِس سے شہر بد وضع ہو جاتا ہے اور دوسری آیت مین اُسکی
اونچائی الگ بتائی گئی کہ وہ (ایک سو چوالیس) ہاتھ ہے یہہ مشکل دو طرح سے
حل ہو سکتی ہے ایک طرح شاید اِس اونچائی مین اُس پہاڑ کی اونچائی بھی شامل ہو جسپر وہ
بسا ہوا تھا جیسا کہ یروشلیم کوہ صیہون پر ۔ دوسرے اِس طرح لنبان اور چوڑان تو
اِس شہر کا برابر ہے اور اُسکا اونچان جتنا ہے وہ چارون طرف برابر ہے ۔ تو اِس طرح
سے وہ شہر مربع ٹہیرا ۔ جو کاملیت کا نشان سمجھا جاتا ہے اور (ارسطوطالیس) ایک
کامل آدمی کو مربع آدمی کہتا ہے ٭

۱۸ - آیت (۱۸) شہر خالص سونیکا شفاف شیشہ کی مانند) ایسا سونا تو کہین
نہین ہے مگر رسول کو یہہ اِسلئے دکہایا گیا تاکہ معلوم ہو کہ وہ اِس دنیا کے سونے
سے کہین بہتر ہے ٭

۱۹ آیت (۱۹) پہلے تو رسول نے عموماً بیان کیا کہ دیوار کی بنیادین ہر طرح کی قیمتی جواہرات سے
آراستہ ہین مگر صفائی کے لئے ہر ایک بنیاد کا ذکر الگ کرتا ہے اور ہر ایک کیلئے
ایک مخصوص جواہر کا نام لیتا ہے پہلی بنیاد یشم کی یعنے ایک دروازہ سے دوسرے
دروازہ تک ایک یشم سے ایک دیوار تہا جیسے یسعیاہ ۔ ۵۴ - ۱۱ و ۱۲ - آیات

شہ - بعض مفسرین نے بڑی کوشش کی کہ ان جواہرات مین سے ہر ایک کو ایک
ایک رسول پر صادق لاوین - لیکن یہہ کوشش بالکل باطل ہے - کیونکہ اول تو اکثر
رسولون کے مزاج کی خصوصیت کو ہم نہین جانتے ہین - علاوہ ازین جواہرات کی
ٹہیک تشخیص و تدقیق امر محال ہے - صاف ظاہر ہے کہ ۱۹ وین و ۲۰ وین آیات مین
اُس مقام کیطرف اشارہ ہے جہان اُن بارہ جواہرون کا ذکر ہے جو سردار کاہن کے
سینہ بند پر جڑے ہوئے تہے - وہان نہین لکہا ہے کہ کون جواہر کس فرقہ سے
علاقہ رکہتا تہا یا کس کا نشان تہا بلکہ یہہ بہی نہین کہ کس جواہر پر کس فرقہ کا نام منقش تہا -
ان دونون مقامون سے یہہ نتیجہ صفائی سے نکلتا ہے کہ خدا اپنی کلیسیا کو سب طرح سے
حسنات و برکات اور خوبیون سے آراستہ اور پیراستہ کرتا ہے تیسرے یو شب چراغ
کی - اسکے معنی اصل لفظ کے الکدون ہے - یہہ صرف کہلادون شہر مین پایا جاتا ہے
اسکا رنگ آسمانی ہے گہرا اور رنگونکے شعاع بہی اسمین پائے جاتے ہین - چھٹوان
جو اہر اصل ہے اور پانچوان اس کی ایک قسم ہے اسکا رنگ ناخون کے اس حصہ کا رنگ
ہے جو انگلی سے جڑا ہوا نہین ہے - آٹھوان سبز رنگ کا ہے جیسے سمندر کا شفاف
پانی زبرجد شفاف ہے اور سونیکی چمک اسمین ہے - دسوان یہہ نوین کی ایک
قسم ہے لیکن اسکا رنگ کچہہ پہیکا ہے - بارہوان ارغوانی رنگ کا ہے اور گیارہوان
بہی اسی قسم مین سے ہے لیکن کچہہ پہیکا ہے ٭

۲۲ - آیت (۲۲) مین نے اُس مین ہیکل نہ دیکہی کیونکہ خداوند خدا اُسکی
ہیکل ہے آلخ) جبکہ پرستش کا مقصود یعنے خدا خود اُسمین موجود ہے اور ظاہر ہے
تو پہر پرستش گاہ یعنے ہیکل کی اُسمین کچہہ ضرورت نہین - اور جب وہ خود موجود ہے
تو کاہن اور قربانی کی کیا حاجت - یرمیاہ ۳ - ۱۶ - ۱۷ مین جو پیش گوئی ہے وہ
قدرے تو اسیری کے بعد کے وقت کی پیش گوئی ہے اور قدرے اس زمانہ کی جس مین
ہم ہین اور قدرے نئے یروشلیم کی - نبوخدنضر کی وقت عہد کا صندوق کہوہ
گیا پہر کبہی نہین بنایا گیا - یہانتک تو اسیری کے بعد کے وقت پر وہ پیشگوئی صادق آئی

مگر یہہ بات کہ وہ خیال مین نہ آوے گا اور اُس کے نہونے سے افسوس نہین ہوگا بہت زیادہ اسوقت پر صادق آتا ہے ۔ کیونکہ جب تک نقلی ہیکل رہی تب تک صندوق کا نہونا نہایت افسوس ناک بات تہی کیونکہ وہی اُس زمینی ہیکل کا مرکز تہا ۔ لیکن اب تو

آیت ۲۲ کل یروشلیم یعنے ساری کلیسیا یہوواہ کا تخت اور سکونتگاہ ہوگئی ہے اور کل قومین اُسمین جمع ہوگئی ہین اب اُس صندوق کا نہونا کچہہ بہی افسوس کا سبب نہین ہے تو کسقدر زیادہ یہہ نئے یروشلیم مین پورا ہوگا جبکہ یہہ بات پوری ہوگی کہ وہ اپنے دلکی شرارت کے پیچہے پہر کبہی نہ چلینگے ۔

آیت ۲۳ (۲۳) اسمین اشارہ ہے یسعیاہ ۶۰ - ۱۹ و ۲۰ کیطرف

۲۱ باب ۲۴ و ۲۵ آیات و ۲۲ باب کی دوسری آیت کے آخر مین جو کچہہ لکہا ہے وہ مشکل کہنگا ۔ ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن لوگون کے سوائے جو اُس دُلہن کی جسیل مین ہین اور لوگ بہی اِس نئے یروشلیم سے باہر ہونگے ۔ البتہ یہہ لوگ اس شہر سے بالکل الگ تو نہین ہین بلکہ اس سے خاص علاقہ رکہتے ہین کیونکہ وہ اُس کی روشنی مین چلتی ہین ۔ وغیرہ پس اب یہہ نتیجہ نکالنا ہوگا کہ یہہ وہ لوگ ہین جو ہزار برس کے بعد اُٹہے اور اُنکی عدالت ہوئی اور اُنہین کے نام برہ کی زندگی کی کتاب مین پائے گئے اگرچہ یہہ معقول تو ہے کہ جب اُن کی عدالت ہو چکی تب چاہئے کہ وہ مقدسون مین شامل ہو جاوین مگر ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ چندے باہر رکہے جاتے ہین تاکہ مقدسون کی خاقت سے ترقی پاکر بالکل اِس لائق ٹہہرین کہ ان مین شامل ہوسکین ۔ جو لوگ اِس تفسیر کا انکار کرتے ہین وہ ان آیات کو اپنے اُس رائے کی ایک قوی دلیل جانتے ہین کہ ان دو بابون مین اُس ہزار برس کا بیان ہے اور سمجہتے ہین کہ ان قومون سے مراد وہ قومین ہین جو ۲۰ باب ۸ آیت مین مذکور ہو چکے ہین یعنے اُنہین قومون سے بعض لوگ ہزار برس کے بیچ مین ورتاع لاوین گے ۔

آیت ۲۷ (۲۷) اسمین اُس شہر کے باشندگان کا بیان ہے (کوئی ناپاک چیز)

یعنے جو خدا کے لئے مخصوص نہو (یا جھوٹھ ہے) اصل میں جو جھوٹھ
کرتا ہے یعنے نہ صرف وہ جھوٹھ بولتا ہے بلکہ جو جھوٹھ سے کچھ تعلق بھی
رکہتا ہے ۔

باب بست و دوم

۱ - آیت
(۱) ندی ۔ اسمین اشارہ ہے پیدائش ۲-۱۰ اور حزقیل ۴۷ - ۱ سے ۱۲ تک
کیطرف ۔ اسکا مطلب ہے خدا کے فضل کی ندی جو اب بھی موجود ہے پر اسکی
تاثیر بہت کم ہوتی ہے ۔ لیکن جسوقت کا بیان ذکر ہے اُسوقت وہ اپنی پوری تاثیر
کریگی ۔ یوحنا کی انجیل میں بالتخصیص اُس ندی کا ذکر ہے جس سے ہم اب پی
سکتے ہیں اور مکاشفہ میں اُس ندی کا جس سے ہم پیوینگے ۔ ۴۶ زبور میں
جس ندی کا ذکر ہے وہ ان دونوں پر صادق آتی ہے ۔ زکریاہ ۱۴ - ۸ کی
پیشگوئی حزقیل کے مذکورہ مقام کی پیشگوئی سے ملتی ہے ۔

۳ - آیت
(۳) نہ صرف کلیسیا کی ہر ایک لعنت ہٹائی جاویگی بلکہ اس آیت سے معلوم
ہوتا ہے کہ اُسکی بیخ و بن بہی مطلقاً مٹائی جاویگی (دیکھو پیدائش کی پیشگوئی
۳ باب ۱۷) اسکا مطلب یہہ ہے کہ [illegible]

پر درخت لگے ہوئے تھے۔ دیکھو حزقیل ۴۷-۷ و ۱۲- ان دونون مقامون
مین فرق صرف اتنا ہے کہ حزقیل مین عام درختون کا ذکر ہے اور یہان درخت
کا ذکر ہے اس درخت حیات مین صاف اشارہ پیدائش کے دوسرے باب کیطرف
ہے اور مطلب یہ ہے کہ جو عرق ریزی انسان سے اُسکے گنہگار ہونیکے سبب چھین
لی گئی۔ وہ پھر انسان کو دی جاویگی۔ مسیح نے مکاشفہ ۲-۷ مین اسکا وعدہ کیا
تھا باغ عدن مین تو صرف ایک ہی درخت حیات کا ذکر ہے لیکن یہان وہ کثرت سے
ہین (بارہ پھل) یعنے اسکا پھل بارہ قسم کا ہے۔

(بارھوین یعنے وہ پھلتا رہیگا) یعنے اس مین سے جو زندگی نکلتی ہے
وہ بلاناغہ نکلتی رہیگی (اور کچھ لعنت نہ ہوگی) جیسے زکریاہ ۱۴-۱۱ مین ہے۔ پرانے
عہدنامہ کا آخری لفظ ہے لعنت اور نئے عہدنامہ کا قریباً آخری لفظ ہے مطلق
لعنت نہ ہوگی (خدا اور برہ کا تخت اُس مین ہوگا) اس مین اشارہ ہے حزقیل کے
۷ وین باب کیطرف جہان لکھا ہے کہ جب تک وہ چیزین تم مین سے دور نہ کیجاوے
تب تک مین تم مین نہین رہونگا۔ اُس وقت اُس مین کوئی حرام چیز نہین ہوگی بلکہ
وہ خدا اور برہ کے تخت سے تفریق مسکن ہوگی اور وہ تخت اُس مین ہوگا۔ وہان کا خاص
کام کیا ہوگا۔ عبادت کرنا۔ لیکن پردہ کے پیچھے نہین۔ جیسے اب ہوتی ہے۔ بلکہ
روبرو۔ پہلے رسول نے لفظ تخت کو خدا اور برہ دونون کے ساتھ منسوب کیا لیکن
آگے لفظ بندون اور موہنہ کے ساتھ ضمیر واحد استعمال کیا۔ یعنے اُس کے بندے اور
اُسکا موہنہ۔ اور اس سے باپ اور برہ کی یگانگی ظاہر ہے +

۴ آیت (۴) (اُسکا نام ان کے ماتھون پر) اسکا مطلب یہ ہے کہ اب سے ابد تک وہ
اُنہین کا مال ہو رہین گے +

۵ آیت (۵) اس آیت مین دوبارہ لکھا ہے کہ پھر رات نہوگی۔ اب تو بار بار یہ پکارنا پڑتا ہے
کہ اے نگہبان اب رات مین کیا یعنے کتنی رات باقی ہے لیکن اُس وقت یہ انتظار
مطلق دور ہوگا۔ کیونکہ ظلمات مطلق نہ ہوگی +

خاتمہ

مذکورہ حصہ اور کل کتاب کا یہ خاتمہ جو ۲۲-۶ سے آخر تک ہے اس کتاب کے دیباچہ سے بہت ملتا ہے خصوصاً اس بات مین کہ ان دونون مین اس کتاب کی ضروریت پر بڑی تاکید کیگئی ہے ۔

(۶) (سچ اور برحق) یہی الفاظ ۱۹-۹- اور ۲۱-۵ مین عاقبت کے بیان ۶-آیت
مین ہکو مل چکے (خداوند جو نبیون کی روحون کا خدا ہے) اردو مین روحون کی جگہ مقدس ہے مگر اغلب ہے کہ روحون کا درست ہے عموماً اسکا وہی مطلب ہے جو ۲ پطرا- ۱ مین ہے - صرف اتنا فرق ہے کہ یہان لفظ روح جمع مین ہے اور یہ تو ظاہر ہے کہ یہان روح کا مطلب ہے روح قدس اور روح قدس ایک ہی ہے پس صیغہ جمع مین ہونے کا یہ مطلب ہوگا - کہ جیسا خدا اپنی مجموع صفات کے سبب عبرانی مین الوہیم صیغہ جمع مین ہے - ویسا ہی روح قدس اپنے نبیون مین الگ الگ طور سے کام کرنے کے سبب صیغہ جمع مین ہے (دیکھو ۱-۴) یہ اباب ۱- آیت سے بہت ملتا ہے ۔

(۷) (دیکھ مین جلد آتا ہون) اس آیت مین مشکل بات یہ ہے کہ ۶ وین ۷-آیت
آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ متکلم فرشتہ ہے اور یہ سخن کہ دیکھ مین جلد آتا ہون مسیح کا ہے - کیونکہ آنے والا کوئی فرشتہ نہین ہے بلکہ مسیح - لیکن اوپر ہمنے دیکھا کہ یہ متکلم فرشتہ مسیح کیطرف سے بولتا ہے یعنے اسکی باتون کو اسکی طرف سے کہتا ہے اسطرح ہم یہان بھی سمجھ سکتے ہین کہ "دیکھ مین جلد آتا ہون" اسکو بھی فرشتہ نے مسیح کیطرف سے کہا اور رسول فرشتہ کے ان لفظون سے "کہ دیکھ مین جلد آتا ہون" بخوبی نتیجہ نکال سکتا تھا کہ یہ آنیوالا فرشتہ نہین ہے بلکہ مسیح - جیسا دیباچہ مین دیکھو باب ۱- ۷ آیت ویسے ہی خاتمہ مین مسیح کے آنے کا ذکر ہے - بلکہ خاتمہ ۱۲ و ۲۰ آیت تاکید کے

ساتھ وعدہ کیا گیا دیکھو ۲۲ - ۶ و ۱۲ و ۲۰ - آیت اور یہ اسنے عہد نامہ مین جو بات سب سے زیادہ اس وعدہ سے ملتی ہے وہ ملاکی ۳ - ۱ - مین ہے جہان بڑی تاکید کے ساتھ دو بار یہی بات کہی گئی - اس آیت کا آخر باب ۴ - آیت سے ملتا ہے ٭

وہ تعجب کی بات ہے کہ یوحنا رسول نے پھر وہی کام کیا جس کے کرنیکے سبب ۱۹ وین باب مین اُس نے سرزنش اُٹھائی - لیکن اس ایک ہی حرکت کے سببون مین بہت فرق ہے - پہلے تو اُس نے اس حرکت کو اس سبب سے کیا کہ اُس نے ایک نہایت عجیب بات دیکھی اور سنی - پر اب اس سبب سے کیا اُسنے اس تمام کتاب کی پیشگوئیون اور رویتون کو بکلفت اپنے سامنے رکھا ہوا پایا - جسکے سبب سے پہلے سے کہین زیادہ حیرانگی نے اُسکو پکڑا اور پھر وہی حرکت اُس سے ظہور مین آئی - غالب ہے کہ رسول نے اسی واسطے دو دفعہ اپنی اس حرکت کا بیان کیا کہ اس سے کلیسیا یہہ سیکھے کہ یہ رویتین کیسی بڑی پر تاثیر مین کہ جس نے اُن کو پہلے دیکھا اُس پر ایسی بڑی تاثیر ہوئی - جیسا کہ رسول نے اُس کتاب کے دیباچہ مین اپنا نام کیا جیسا کہ رسول نے اس کتاب کے دیباچہ مین اپنا نام لیا ویسی ہی اس کتاب کے آخر مین بھی تاکہ کچھ شک نہو کہ یوحنا رسول ہی اس کتاب کا مصنف ہے ٭

(۱۰) یہ آیت دانیل ۸ - ۲۶ کا جواب ہے کہ وہان کہا چھپا اور یہان لکھا ہے مت چھپا کیونکہ اب وقت بہت نزدیک ہے اور ابھی یہ باتین وقوع مین آنے لگین گی ٭

(۱۱) دیکھو متی ۲۴ باب ۲۵ - اور حزقیل ۱۲ باب ۲۷ - اور ۲ باب ۲۴ - اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ وقت یعنے (میعاد) ایسا نزدیک آپہنچا ہے کہ اب تبدیل کے لئے نہایت ہی کم فرصت ہے البتہ ممکن تو ہے لیکن امید بہت ہی کم ہے - الغرض اس ساری کتاب کا خلاصہ یہ ہے کہ ہمارے دلون پہ اس بات کو بخوبی نقش کر دے کہ خداوند کا آنا بہت نزدیک ہے لہذا اگر ہم اپنے وقت کو گویا بالکل ہی خیال کرین تو بجا ہے - اس آیت کا درست ترجمہ یہ ہے جو ناراست

ہے سو آگے کو ناراستی کرے اور جو نجس ہے سو اپنے تئین آگے کو نجس کرے اور جو راستباز ہے سو آگے کو راستبازی کرے اور جو پاک ہے سو آگے کو اپنے تئین پاک کرے (۱) راستبازی کرنا یہ محاورہ یوحنا رسول کی تصنیفات مین پایا جاتا ہے پہلے یوحنا ۲ - ۲۹ - ۳ - ۷ مین اور جو کوئی راستبازی کرتا ہے وہ ابرہام کی حقیقی اولاد ٹھیرتا ہے :

۱۲- آیت (۶) ۱۲ وین آیت کے پہلے ۱۰ وین آیت مین اور بعد ۲۰ وین آیت مین مسیح کے جلد آنے کا ذکر ہے۔ اس سے بلاشک وشبہ یہ بات پایہ تحقیق کو پہونچ جاتی ہے۔ کہ ۱۱ وین آیت مین وقت کی تنگی کا ذکر ہے ✦

(۷) ایک کو بدلا دون جیسا اُس کا کام ہے) نہین نکلتا ہے کہ جیسے اسکے کام ہین بلکہ یہ کہ جیسا اسکا کام ہے یعنے واحد مین۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ ہر ایک کی زندگی کی کامون یا حالتون کا مجموعہ مسیح کے سامہنے ایسا ہے جیسا ایک کام اور جیسا وہ کام اب ہے ویسا ہی اُس وقت بھی تغیر نہ ہوگا یعنے اُس وقت فیصلہ حال ہی پر موقوف ہے جیسے متی ۱۶ - ۲۷ وہان بھی کام صیغہ واحد مین ہے ✦

۱۳- آیت (۱۳) یہہ آیت بھی ویسا جیسے ملتی ہے دیکھو ۱ - ۸ - معلوم ہوتا ہے کہ وہان متکلم باپ ہے اور یہان بیٹا ہے اس بات سے کہ کلیسیا کے لئے وہ الفا ہوا پوری امید پیدا ہو سکتی ہے کہ وہ اومیگا بھی ہوگا۔ یعنے اُس کے سارے وعدے اور وعید پورے ہونگے ✦

۱۴- آیت (۱۴) (جو اپنی پوشاک کو دھوتے ہین وُہ مبارک ہین) نہین لکھا کہ کس سے دھوتے ہین کیونکہ ۷ - ۱۴ - مین اس کا جواب مل چکا کہ برہ کے خون سے جاننا چاہیئے کہ اردو بائبل مین یہ فقرہ ہے کہ جو اُسکے حکم پر عمل کرتے ہین وہ مبارک ہین۔ اصل مضمون کا وہی ہے جسکا ہمنے بیان کیا ✦

اردو مین جس لفظ کا ترجمہ ہوا تاکہ اختیار ہو سکے۔ اصل مین اُس کا ترجمہ ہے تاکہ اختیار ہوگا جس مین دو مطلب ہین ایک یہ تاکہ ہو دوسرا یہ کہ یقیناً ہوگا ✦

(۱۵) کیسی بیحیائی اور دل خراش طور پر لکھا گیا کہ (وہ باہر ہین) یعنے وہ آگ اور گندھک کی جھیل مین ہین جو اس نئے یروشلیم سے باہر ہے کل خاتمہ مین آگ اور گندھک جھیل کا نام نہین ہے کیونکہ فقط اتنا کہنا کافی ہے کہ اس مقدس شہر کے باہر ہین کیونکہ اُسمین داخل نہو سکینگے کتون سے مراد ہے ۔ ناپاک دیکھو استثنا ۲۳۔۱۸ وہان خواہ لفظی خواہ تشبیہی مطلب سمجہین مطلب ہے حد درجہ کی ناپاکی ۔ پہر دیکھو متی ۷۔۶ ۔ اور فلپی ۳۔۲ (جو کوئی جھوٹھ کو پیار کرتا ہی اور جھوٹھ کا کام کرتا ہی) جیسے رومی ۱۔۲۲ پہلے ضرور ہے کہ جھوٹھ کی محبت دلمین پیدا ہو ورنہ کس طرح جھوٹھ کا کام ظہور مین آ سکتا ہے ۔ پہر یہہ بہی ممکن ہے کہ کوئی جھوٹھ سے محبت تو رکہے پر اُسکو انجام تک نہ پہونچاوے ۔ یعنے جھوٹھ کا کام نکرے ۔ تو بیان ہوا ہے کہ یہہ دونون قسم کے لوگ نئے یروشلیم سے باہر ہین ۔ غور کے لائق ہے کہ جھوٹھ کی برائی خدا کے کلام مین رفتہ رفتہ زیادہ ظاہر ہوتی آئی عہد عتیق کے پہلے نصف مین تو کئی مقامون مین یہہ ذکر ہے کہ مقدسون نے جھوٹھ کہا اور اگرچہ اُسکے واسطے اُنکی تعریف نہین ہوئی تو بہی صرف جھوٹھ کے واسطے اُنپر عیب نہین لگایا گیا ۔ لیکن انبیا کے صحیفون مین جھوٹھ کی برائی بہت زیادہ مذکور ہوئی اور اسی طرح رفتہ رفتہ وہ زیادہ مذکور ہوتی گئی یہانتک کہ کلام اللہ کے آخری دو بابون مین یہہ صاف لکھا ہے کہ جھوٹھ اور بڑے بڑے گناہون کی طرح ابدی عذاب کا سبب ہوتا ہے ۔ لیکن یوحنا رسول کی تصنیفات مین جھوٹھ کا صرف وہ مطلب نہین ہے جو عموماً سمجھا جاتا ہے یعنے اوروںکی نسبت دلمین کچھ رکہنا اور کلام مین اور کچھ دکہانا یعنی جھوٹھ کا عام مطلب اوروںسے تعلق رکہتا ہے مگر یوحنا رسول کی تصنیفات مین جھوٹھ کا مطلب خاص اپنے سے تعلق رکہتا ہے یعنے کسی کے دلکا ایسا حال کہ خود ہی الحق سے الگ رہتا ہے اور فریب کہانے مین خوش ہے ٭

۱۶ ۔ آیت (۱۶) یوحنا رسول کیطرح خود یشوع اپنا نام لیتا ہے یعنے مین یشوع ۔ جس بات کو مسیح نے ۱۳ وین آیت مین عام طور پر کہا تہا ۔ اُسی کو ۱۶ وین آیت مین خاص کرکے داؤد کے خاندان کے حق مین کہتا ہے ۔ کہ مین اُسکی اصل اور نسل ہون جیسے ۳۔۷ مین داؤد کی کنجی کا ذکر کیا ۔ خاندان داؤد شاہی خاندان ہے اور صرف یہی خاندان خدا کی

بادشاہی سے خاص تعلق رکہتا ہے پس جوکوئی خدا کی بادشاہت مین داخل ہونا چاہئے ضرور ہے کہ وہ اِس خاندان مین شریک ہو - اِس خاندان کی اصل بہی یسوع ہے او نسل بہی - پس جوکوئی اِس خاندان مین شریک ہونا چاہتا ہو ضرور ہے کہ وہ اِس نسل مین شریک ہو +

(صبح کا روشن ستارہ) اِس مین یسعیاہ ۱۴-۱۲ کیطرف اشارہ ہے وہان بابل کا ہی نام ہے وہ تو گر گیا لیکن یہہ ستارہ یعنے مسیح کبہی گرنے کا نہین بلکہ ترقی پذیر ہے اور اُسکی روشنی کی کچہہ انتہا نہین ہے +

۱۷-آیت (۱۷) (آ آ) اکثر مفسرون نے سمجہا کہ روح قدس اور کلیسیا ہم گناہگارون کی طرف مخاطب ہوکر کہتی ہے کہ آ اور جوکوئی یہہ آواز سنتا ہے وہ بہی گنہگارون کی طرف مخاطب ہوکر بلاوے اور کہے آ - الغرض اِن تینون آ کے مخاطب گنہگار ہین - اگرچہ آ کا یہہ مطلب ہے لیکن پہلے دو دفعہ آ کا مخاطب گنہگار نہین بلکہ روح اور کلیسیا مسیح سے کہتے ہین کہ آ کیونکہ اوّل تو کُل کتاب مکاشفہ کا مطلب ہے مسیح کی آمد اِسی کتاب کا مقصود آدمی کا آنا نہین ہے - دوسرے یہہ کہ ۶ وین باب کے شروع سے یہہ پیشگوئیان شروع ہوتی ہین اور وہان چار جانورون نے چار بار یہی الفاظ آ آ آ آ مسیح کیطرف مخاطب ہوکر کہے - تیسرے اِسی باب کی ۲۰ وین آیت مین بہی یہی لفظ آ پہر مذکور ہوتا ہے اور وہان اِسکے مخاطب مین کچہہ شک نہین ہے پہر ۲۰ وین آیت مین اگرچہ مذکور نہین ہوا کہ دولہن متکلم ہے تو بہی جواب ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ یہہ دولہن کا جواب ہے جب ۱۷ وین آیت مین - یعنے دولہن اپنے دولہا کے ملنے کی نہایت مشتاق ہوکر یہہ دعا مانگتی ہے کہ آ اور روح قدس وہی ہے جو دولہن سے یہہ دعا منگواتی ہے - دیکہو رومی ۸- ۲۶ - اِسکا سبب ۲۶ آیت مین لکہا ہے کہ ہم اپنی کمزوری کے سبب آہ مارتے ہین اور آہ مارنے کے سوائے اور ہم کچہہ نہین کر سکتے ہین لیکن روح قدس ہماری اُس آہ کو گویا تلفظ دیکر مسیح کے پاس بہیجتا ہے یعنے ہم تو نادانی سے مانگتی ہین لیکن وہ اُسکا پورا علم رکہکر ہمارے لئے مانگتا ہے - ہمین کبہی

اِس بات پر کفایت نہین کرنا چاہیے - کہ تمام کلیسیا دعا مانگتی ہے اب ہمین دعا مانگنا کیا ضرور ہر ایک کو چاہیے کہ وہ اپنے واسطے مانگے اور جس طرح ہم یہہ دعا مانگتے ہین کہ مسیح آوے اُسی طرح ہم اُسکو ہمیشہ یاد رکہین اور کوشش کرین کہ ہم بہی اُسکے پاس آوین نہ کہ صرف وہی ہمارے پاس آوے - یہہ خصوصاً یوحنا ۱۴ - ۳ سے ملتا ہے کہ جو پیاسا ہو آوے آلخ اور جب کوئی ایسا ہی کرتا ہے تب ہی وہ سچائی سے یہہ دعا مانگ سکتا ہے کہ اے مسیح آ -

۱۸-۱۹ آیت (۱۸ و ۱۹) اِن آیات مین جو وعید ہین اُنسے اِس کتاب کی قدر و منزلت صاف معلوم ہوتی ہے ایسے ہی وعید پُرانے عہد نامہ مین استثنا ۴ - ۲ - استثنا ۱۲ - ۳۲ اور امثال ۳۰ - ۵ - و ۶ مین ہین گہٹانے یا بڑہانے - اِسکا مطلب ہے زندگی کے اس راہ کو جو بہت تنگ ہے اور اِس کتاب مین بڑی صفائی سے دکھائی گئی ہے - کچھ کشادہ کرنا دو ہی طرح سے ہو سکتا تہا - یا گہٹانے سے یا بڑہانے سے یعنے جو کام اِس کتاب مین منع کئے گئے ہین اُنکو جائز سمجہنا - اور جن پر عمل کرنے کی نہایت تاکید اِس کتاب مین ہوتی ہے اُنکو ضروری نہ سمجہنا جیسے شیطان نے مسیح کو آزمانے کے وقت جب ۹۱ زبور ۱۱ - ۱۲ - آیات کو پڑہا تو اُسمین سے کچھ چھوڑ دیا جس سے اُس آیت کا مطلب نہایت ہی بگڑ گیا - خصوصاً ایسے زمانہ مین جیسے مین یہہ مکاشفہ لکہا گیا - یعنی جب دنیا چارون طرف سے حملہ کرکے کلیسیا کو دباتی ہے اسبات کا نہایت ہی خطرہ ہوتا ہے کہ کلیسیا اور دنیا کے درمیان جو مغایرت کا فرق ہے بہر دیا جائے اور کلیسیا دنیا سے عہد باندہ کے خدا کے وعدون یا وعیدون سے کچھ کم کرے یا اُن مین کچھ بڑہا دے جو سزا یہان ایسا کام کرنے والون کے لئے مذکور ہوئی - وہ گلاتی ۱ - ۸ و ۹ سے ملتی ہے - اِس آیت مین - اگرچہ بالتخصیص اشارہ ہے کتاب مکاشفہ کیطرف لیکن چونکہ یہہ وعید بائبل کی آخری کتاب مین لکہے ہین - اِسلئے اگر ہم یہہ سمجہین کہ یہہ کل بائبل سے علاقہ رکہتے ہین تو یہہ اتفاقی امر نہین ہوگا - موسیٰ کی پانچ کتابون سے آخری کتاب یعنے استثنا مین بہی یہہ لکہے ہین اور وہ وعید موسیٰ کی پانچون کتابون سے علاقہ رکہتے ہین اُسی طرح بائبل کی آخری

کتاب جتنے کتاب مکاشفہ مین وعید مذکور ہوتے ہیں یہہ وعید باقی سب بائبل کی کتابون سے علاوہ رکھتے ہین - اب اُن لوگون کے لئے جو بائبل سے غافل یا ناواقف رہتے ہین وہ اُن کے لئے بہی جو آدمیون کی تنواتر باتون کو اُسمین ملا دیتے ہین نہایت ہی خطرہ ہے ۔

۲۰۔ آیت (۲۰) اِس آیت مین وہ گواہ جو اِس کتاب مین خاص گواہ کہلاتا ہے اپنی آخری بات پر گواہی دیتا ہے وہ اِس کتاب مین بہت سی باتون پر گواہی دے چکا لیکن ہم کو چھوڑنے اور چپ ہونے سے پہلے ایک اور بات پر کہنی اُسکو ضرور معلوم ہوتی ہے جس سے ہم بخوبی سیکھ سکتے ہین کہ وہی بات اُسکی سمجھہ مین سب باتون سے زیادہ تر ضروری ہے ۔ وہ کون بات ہے - یہہ کہ مین جلد آتا ہون - مبارک ہین وے جو یہہ سُنکر دل وجان سے یہہ جواب دے سکتے ہین آمین - اے خداوند آ - اِس آیت مین رسول ہی نے کلیسیا کیطرف سے خداوند کی طرف مخاطب ہو کر کہا کہ اے خداوند آ - اب (۲۱) وین آیت مین رسول خداوند کیطرف سے کلیسیا سے مخاطب ہوتا ہے اور اُس کی طرف سے وہ کلیسیا کو فضل دیتا ہے - اور یہہ فضل تمام مقدسون کے لئے ہے - یہہ کتاب مقدسون ہی کے واسطے ہے اور کل مقدسون کے واسطے ہے اِسلئے کسی مسیحی آدمی سے اِس کتاب کو باز رکہنا نہین چاہئے

تمت

صحت نامہ تفسیر کتاب مکاشفہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	۲	انکا	انکار	۳۴	۱۴	کلیسیا ذین	کلیسیاؤں	۵۵	۳	فتوہ	فتوٰی
〃	۱۲	جیسے حیات تھا	حیات تھا	〃	۱۷	او بہار سے	ابھارے	۵۰	۷	فتوی	فتاوٰی
۲	۴	۰	کہ جب	۳۵	۸	نہیں	ہیں	〃	۹	فترہ	فتوی
۳	۱۲	ہو	ہوا جو	〃	۲۰	یہوواہ	[illegible]	〃	۱۳	اسباب	اس باب
〃	۲۱	متی ۲۳	متی ۲۴	۳۶	۱	[illegible] علیہ	منسوب الیہ	۵۹		۳ باب	۳/۲۰
۳	۷	کیطرف سے	سے سے	۳۸	۲	بگر	اگر	۶۲	۱۰	مستقل	مستقبل
۴	۲۲	تصنیف	تصنیف	〃	۱۰	نہیں ہو	نہیں ہوا	〃	۱۲	ب ۱	۶/۱۰
۵	۲۰	رہتیاں نے	دہتیان نے	〃	۲۰	گل	ربل	۶۴	۱۴	عموست	عمومیت
۹	۱۱	نہیں	نہیں ملتا	۳۹	۹	ہرہ	بڑہ	۶۵	۷	تو گر	د کرو
۱۱	۸	کہیں	ہر کہیں	۴۱	۳	دیتے	دیا	〃	۱۴	ہیں	وہ کر
〃	۳	کلیسے	فلیسٹی	〃	۱۱	فقرہ	فقرے	۶۶	۵	چھپائے	چھپائے
۱۳	۱۹	بر وقت	بر سر وقت	۴۲	۴	ٹیکل	ارٹیکل	〃	۱۹	جھوتی	حقوق
۱۴	۲۰	مسیحو	مسیحیون	〃	۳	کی اگر [illegible]	[illegible]	۶۰	۲	کا	کے
۱۶	۱۲	۸ آیت	۱۸ آیت	۴۳	۹	کرتا ہے	کرتا ہو		۲۲	۵ آیت	۱۵ آیت
۱۸	۷	وتھا	[illegible]	〃	۱۳	سے	[illegible]	۶۸	۱۲	[illegible] باب	[illegible] باب
[illegible]	۱۶	ذیل ۱۰/۲۲و۲۱	[illegible] ۱۹/۲۱و۲۲	〃	۱۰	تھا بنا	تھا بنا	〃	۶	[illegible]	اوپر
۲۰	۲	حال	حال	۴۵	۱	نہ اموون گ	خدا ہو نگا	۶۹	۱	کاکا	کا
۲۱	۱۱	کوئی مقرر	کوئی فرد بشر	〃	۱۳	زمین	[illegible]	〃	۳	۱۷	۱۷/۱۱
〃		سات	سات	〃	۱۵	آمین کا خدا	آمین [illegible]	〃	۴	دا ما لی	ڈھالی
۲۲	۹	۲ و ۲	۲ و ۳	۴۹	۲۱	وہ ملا	[illegible]	〃	۶	مطاب	مطلب
۲۳	۲۱	حطر	خطر	〃	۲۲	[illegible]	[illegible]	〃	۹	[illegible] خدا کو	اپنی تئیں خدا کو
۲۵	۳	اندیا توں	اور دیاتوں	۵۰	۷	لوقا باب ۲۳ آیت	لوقا ۲۳/۳۰	〃	۱۰	دیتے دیتے	دیدے
〃	۱۳	[illegible]	[illegible]	۵۳	۱	انصلاح	صلاح	〃	۱۱	پڑھو	[illegible]
۲۷	۵	او تر	آ قتر	۵۴	۱	نہیں	تعمین	〃	۱۹	زبور ۹۵	زبور ۹۵/۳
۲۹	۰	یہوداہ	یہوواہ	〃	〃	[illegible]	[illegible]	〃	۲۲	دیا	دینا
〃	〃	یہوواہ	یہوواہ	〃	۸	محدودی	لامحدودی	۷۰	۳	او	او
۳۰	۲۱	نقلیم	تعلیم	〃	۲۳	[illegible]	[illegible]	〃	۸	اوس	آراس
۳۱	۱۳	[illegible]	[illegible]	۵۵	۱۲	اور کیئے	آور کیے	۷۱	۳	مطمئیب	مطمئین
۳۱	۱۰	یہودہ	یہووا	۵۸	۱۹	شیر بر ہنتی	شیر ببر ہنتی	〃	۱۰	یاد کے	[illegible]
۳۳	۲	[illegible]	تیسرے بیان	۵۹	۳	۹ باب	۹/۲	〃	۲۰	زبرہ	
۳۴	۹	زبور تھی	زبور تھا	〃	۵	اور دو بیروں	اور دو ہیروں	〃	۶	ذ ذو ر	
〃	۷	نقلیم	تعلیم	〃	۱۴	۶ باب	[illegible]	[illegible]	۱	اشعیاہ	

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۱	۲	بودہ	بودا	۹۹	۲۱	۱۲ باب ۴ و ۵	۱۲/۴ و ۵	۱۱۶	۱۶	حیونیت	حیوانیت
۷۱	۵	آیتی ۲۴/۲۵	متی ۲۴/۲۴	۱۰۰	۹	مستدونکے	ستہ ونکے	〃	۱۷	کہ سر	کہ یہ سر
	۸	کئی بار	کئی بار	۱۰۱	۴	[illegible]	کوئی چیز کہ کے عوض	۱۲۲	۱	دانیل	دانیئل
	۲۰	پڑہ	پڑہ	〃	۱۴	۱۳-۹	۱۳-۹	〃	۴	〃	〃
۷۰	۲۳	بیڑہ	بیڑہ	〃	۱۶	میرہ	سے وغیرہ	〃	۹	〃	〃
۷۶	۱۹	جسکی طرح	اسی طرح	〃	۲۱	۷-آیت	۱۷ آیت	〃	۱۸	〃	〃
۷۷	۱۴	مقدس	مقدس	۱۰۳	۳	اصلاح	اصطلاح	۱۲۳	۱۴	〃	〃
۷۸	۱۶	مستثنا	مستثنیٰ	〃	۱۰	مگاہی	ننگا سے	〃	۱۵	〃	〃
۷۹	۲۳	اور سی	اسی	〃	۱۹	لوٹہ	لوتھر	〃	۲۰	〃	〃
۸۰	۲۶	ٹہرنا	ٹھہرنا	۱۰۵	۷	۸-آیت	۹- آیت	〃	۲۲	کوہی	کوئی
۸۱	۳	دوسرے	دوسرے	〃	۲۲	آسمان سان	آسمان	۱۲۵	۲۲	۱۵ باب	۱۵/۱
〃	۹	۱۴	۱۳	۱۰۶	۲	۱ باب ۲۰	۵/۲۰	〃	۲۳	یشیاہ ۲۳ باب	یشیاہ ۲۳/۱۸
〃	۱۰	۱۰-آیت	۱۰-آیت	〃	۱۴	تخمینا ۸۸ باب	[illegible]	۱۲۷	۱	دانیل	دانیئل
۸۳	۱۹	انبیا صغیر	انبیای صغیر	〃	۲۱	معیشہر	سوشر	〃	۲۳	نشتبہہ	مشتبہہ
〃	۰	صفنیاہ	صفنیاہ	〃	۲۲	اورکھتا ہے	اُٹھا ہر	۱۲۸	۱۸	۱۵ باب ۱۲	۱۵/۱۲
۸۴	۱۴	قانون	قانون	۱۰۹	۱۳	وجہ	اجر	۱۲۹	۱۰	ٹہرا	ٹھہرا
۸۵	۱	۹ باب	۹/۸	۱۱۱	۷	ابدیت	ابدیت	〃	۶	دانیئل	دانیئل
〃	۴	بہونکتی	بھونکتے	〃	۱۱	عہد و آمین	عہد کا ذکر	۱۳۰	۱۰	بہیس	بھیس و عیار
۸۶	۲	آوے	ووے	۱۱۲	۲۰	متی ۲۴ باب ۸	متی ۲۴/۱۹	۱۳۱	۲ و ۲۳	۲ طلطس	۲ تسلنیقون ۲ تمطاوس
〃	۲۴	آوے	اوے	۱۱۳	۵	یوحنا باب ۴	یوحنا ۵/۴۴				
〃	۲۲	بہی گئی	بھی ہوگا	۱۱۴	۳	تاکہ جو کچھ	تاکہ	〃	۱۰	جوٹہا	جھوٹھا
۸۷	۱	چپا اِک	پہاڑ اِک	〃	۱۹	کیونکہ کیونکہ	کیونکہ	〃	۱۴	قسطنطین	قسطنطین
〃	۱	۱۵ باب ۱۲	۱۵/۱۲ و ۱۱	۱۱۶	۱۰	تو مقدمہ ہوا دو	جو مقدمہ ہوا سو	〃	۲۱	حمیشان	حیثیان
۸۸	۱۸	حقوق	حقوق	〃	۲۲	اور حملہ آور	مدعی و حملہ آور	۱۳۲	۲۱	گلاتی	گلاتی
۹۰	۹	بچہون	بچھوؤں	۱۱۷	۱۳	۴ باب ۱۰	۴ باب ۱۲	۱۳۳	۱۲	جیٹن	جسٹن
۹۱	۱۶	۱۴-آیت	۱۴-آیت	〃	۱۵	۱۰-آیت	۱۲-آیت	〃	۱۸	چ	یہہ
۹۳	۱۶	۱۰ باب ۱۹	۱۰/۱۹ و ۲۰	۱۱۹	۳	سامنان	سامہنا	۱۳۴	۱۷	بر	پر
۹۴	۳	اس	اُس	〃	۷	ہسکا	اُسکا	〃	۲۳	۱۴ باب	۹ باب
〃	۱۱	کیسیا	کلیسیا	〃	۲۳	قوہیں	قومیں	۱۳۶	۲۳	اصصباغ	اصطباغ
۹۶	۱۰	چاہیگر	چاہی	۱۲۰	۵	۱۷ باب	۱۷/۱۶	۱۳۷	۵	حزقیل	حزقیل
〃	۱۸	تکر	ناگر	۱۲۱	۴	وانیال	دانیئل	〃	۱۰	۳ آیت	۳ و ۴ آیت
〃	۱۹	الفاظ	الفاظ	〃	۹	[illegible]	دانیئل	〃	۱۰۰	[illegible]	[illegible]

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۳۶	۱۵	تھا	تھیا	۱۴۷	۱۱	۱۳ باب ۸	[illegible]	۱	۱۰	ابیے	[illegible]
״	۱۶	کو	[illegible]	״	۱۸	[illegible]	[illegible]			[illegible]	[illegible]
۱۳۸	۲	[illegible]	کرونیکیے	״	۹	ہفت گو	ہفتہ گو	״	[illegible]	[illegible]	[illegible]
״	۱۸	انگلکہ	قلقتہ	״	۲۲	بیہ بہی	بیہ بہت ہی	۱۳۸	۱۵	اوسون	قو سوں
۱۳۹	۵	[illegible]	[illegible]	۱۴۸	۱۱	بیہون	بادشاہ بیہون	۱۰	۶	ططا	لی کا
۱۴۶	۳	نکیوں	نکلیں	״	۱۰	اسیتوان	ساتویں	۱۴۹	۶	[illegible]	ایڈو [illegible]
	۱	آئے	آئیے	״	۸	دانیل	دانییل		۱۱	انتی ۲۹	[illegible]
	۱۳	۱۳ باب ۲	۱۳	۱۵۰	۱۰	نگاہ	سیکہ	۱۵۰	۱۲	۱۴ باب ۱۹	[illegible]
	۲	پوسیجی	پہنچی	״	۱۱	۱ باب ۱	[illegible]		۹	کیے	[illegible]
	۳	پہوبچی	پہنچی	״	۱۴	[illegible]	[illegible]			[illegible]	[illegible]
۱۵۱	۱۴	متیش	تیقش	۱۴۳	۹	یہوواہ	یہوواہ			یہاں تے	[illegible]
۱۶۰	۹	تتنصین	[illegible]	״	[illegible]	[illegible]	״	۲۶	۱	قیقیل	حز قیقیل
״	۱۰	تہہرتیے	تصورت	۱۶۱	[illegible]	[illegible]	تیتق		۱	حبتوق	حبقوق
״	۱۸	مکتوب	مکتوب الیہو	۱۶۱	۸	پہر ۱	پہر ۱			روہوشا	رو ہوشا
۱۶۶	۱۰	تبلونقی	نیسونقی	״	۱۵	[illegible]	[illegible]			لنگوٹے	لنگوٹے
۱۶۷	۲۱	بوتبسلو	اتیسلو	۱۶۹	۲۱	۱۲	[illegible]			سطر سے پہلی بات کی تفسیر شروع	[illegible]
۱۶۸	۱	نیا	نیا	۱۶۹	۱	[illegible]	[illegible]			جس نبوہ کروسے	[illegible]
۱۴۹	۳	یوییل	بوتیاں	״	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۶		ہارو	ہوتی
۱۷۷	۳	[illegible]	مہسوا	״		نقد	نقد	۲۰		قوہ	قومی
״	۱۵	تہسوا	کے	۱۸۰	۵	ستی ۵ باب	ستی	۱۳	۲۲	سے	دسے
۱۸۳	۵	نبیل	نبیکا	۱۸۱	۱۲	او میں	اور میں	۱۲	۳	یوشا ۱ آمیں	یوشا آمیں
۱۸۹	۴	۱-۱۲	او ۳	״	۱۳	پہیے یا نے	پہیے یانہ پہیے	۱۴		اتنی ہی نہیں	تنی ہی نہیں
״	۱۹	۴ باب	پے	۱۸۷	۱۲	[illegible]	[illegible]	۱۰	۳	اس ستشنا	اس سے ستثنی
۱۸۰	۲	۱۳ باب	۱۳	״	۲۰	تہمو	پتمس	۲۰		ستثنا	ستثنی
״	۵	۴۳ زبور ۹	زبور ۶	۱۸۳	۱۱	کیر کیونکہ ہیوع	کیونکہ یسوع	۲۳		[illegible]	نئی
۱۸۳	۲	پہتے	پتے	״	۱۶	قشیہ	تشبیہ	۹	۱۸۸	ابدیت کو	ابدیت کو
״	۱۹	۷ باب	۲ باب	۱۸۶	۱۴	بارویں	بارھویں	۱۰		جن نے	جس نے
۱۸۶	۱	۱۰	۱۰	״	۱۸	ستی ۱۴ باب ۲۴	ستی	۳	۵	سو سو	سو سو
۱۸۸	۲۲	۱۰۰ تشت	سو ۳	۱۸۹	۲۰	ستثنا	ستثنی	۷	۸۸	سے	۱۸ ے
״	۸	״	[illegible]	۱۹۰	۶	(۱۶)	(۱۵)	۱۴	۶	یہو شافاد	یہوواہ شافاط
۱۹۳	۱۸	اسیاب	اسباب	۱۸۸	۱	(۱۶)	(۱۶ و ۱۸)	۱۲	۶	نقطہ	لفظ
۱۹۵	۱۵	گرد نیال	کاروبنیال	״	۱۱	[illegible]	۱۹	۳	۴	[illegible]	۴۸